سلسلۂ مطبوعات کتاب خانۂ ریاست رامپور: نمبر ۱۰

وقائع عالم شاہی

مصنفۂ

کنور پریم کشور فراقی بن کنور انند کشور
بن راجہ جگل کشور دہلوی عظیم آبادی

بتصحیح و تحشیۂ

امتیاز علی خان 'عرشی'
ناظم کتاب خانہ

بحکم اعلیٰ حضرت فرمانروای رامپور، دام اقبالہم و ملکہم

ہندوستان پریس، رامپور

۱۹۴۹ء

فہرست مضامین

دیباچہ :

وقائع عالمشاہی :

اشاریہ :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شاہ عالم ثانی کی حکومت کا زمانہ، ہندوستان کی نئی اور پرانی تاریخ کا سنگم ہونے کی وجہ سے مورخین کی نظر میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

اس عہد میں ملک کے اندر بہت سی دیسی اور پردیسی طاقتیں ابھر کر اس خلا کو بھرنے کی تیاری کر رہی تھیں، جو مغل سلطنت کے خاتمے سے پیدا ہونے والا تھا۔ مرہٹے، سکھ، روہیلے اور انگریز ان متصادم قوتوں میں پیش پیش تھے۔

حصول اقتدار کے لیے ان طاقتوں نے جو پیہم کوشش کی، اس کی روداد تاریخ کی مختلف کتابوں میں بیان ہوئی ہے۔ مگر ان کے مصنف کسی نہ کسی ایسی سرکار کے متوسل تھے، جو فریق کی حیثیت رکھتی تھی، اس لیے ان تصنیفات کا دامن جانبداری سے بالکل پاک نہ رہ سکا۔ اس عہد کی مختلف تاریخوں کو پڑھیے اور پھر کسی ایک واقعے کے اسباب و علل متعین کرنے کی کوشش کیجیے۔ بہت جلد آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ بغیر کڑی نکتہ چینی کیے ہوئے آپ حقیقت تک نہیں پہنچ سکتے۔

ظاہر ہے کہ عموماً ہر مورخ اپنے آقا کا وفادار اور اپنا بھی خواہ پہلے، اور حق و صداقت کا خدمت گار بعد کو ہوتا ہے، پھر آپ اس سے عام انسانی فطرت کے خلاف کس طرح کوئی توقع قائم کر سکتے ہیں۔

ہاں، کوئی کتاب اس عیب سے کسی حد تک پاک ہو سکتی ہے، تو وہ ذاتی روز نامچے ہوتے ہیں۔ ان نجی تحریروں کا مرتب کرنے والا، ع:

نہ ستایش کی تمنا نہ صلے کی پروا

کے تحت جو کچھ اپنی نظر میں درست پاتا ہے، وہ لکھ رکھتا ہے اور جسے غلط ٹھہراتا ہے، اُسے چھوڑ جاتا ہے یا اُس سے اختلاف کر جاتا ہے۔ اُسے کسی واقعے کو توڑ مڑور کر بیان کرنے کی ضرورت کسی خوف کی وجہ سے بھی نہیں ہوتی۔ کیونکہ اُس کی تحریریں دوسرں کی نگاہ سے اوجھل ہوتی ہیں۔ وہ تو بس اُس پیاس کو بجھانا چاہتا ہے، جو انسان کی تجسس پسند طبیعت کا فطری تقاضا ہے

خوش نسمتی سے شاہ عالم کے عہد سے متعلق اسی قسم کا ایک روز نامچہ عرصے سے کتاب خانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ تھا۔ اس کا مرتب، کنور پریم کشور فراقؔ، ایسے خاندان کا فرد تھا، جو عرصے تک سلطنتی کاروبار میں دخیل اور سیاسی توڑ جوڑ میں شریک رہا تھا۔ اس لیے اُس میں کچھ نہ کچھ سیاسی بصیرت، اور واقعات کے اسباب و علل سمجھنے کی تھوڑی بہت صلاحیت موجود

تھی۔ مورخانہ «جزرسی» کی بھی اُس کے مزاج میں کمی نظر نہیں آتی، جس کے باعث معمولی معمولی واقعات کو بھی وہ قید کتابت میں لے آنے سے نہیں چوکتا تھا۔

•

مزیدبرآں یہ روزنامچہ فراق نے شاہی لشکر میں قیام کے زمانے میں مرتب کیا تھا۔ لشکر شاہی میں اُس کا داخلہ اُس زمانے میں ہوا تھا، جب کہ افراسیاب خان کی درخواست پر شاہ عالم آگرے جانے کے لیے دہلی سے نکل کر تلپت (فریدآباد) میں خیمہ زن ہوئے تھے۔ یہاں سے فراق لشکر کے ساتھ ساتھ سیدپور (تعلقۂ سیکری) تک گیا، اور وہاں سے راو راجہ ماچھڑی کی سرکار کا متوسل ہوکر شاہی لشکر سے جدا ہوا تھا۔ اسی عرصے میں شاہ عالم کے عہد کا وہ سب سے اہم واقعہ پیش آیا تھا، جس کو شمالی ہندوستان میں «مرہٹہ گردی» کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، یعنی افراسیاب خان کا مارا جانا اور اس کی جگہ مہاجی سیندھیا پٹیل کا برسراقتدار آنا۔

•

فراق اس زمانے میں لشکر کے اندر موجود تھا، اور روز مرہ پیش آنے والے واقعات کا عینی شاہد ہوتے ہوئے وہ سب کچھ لکھ رہا تھا، جس کی آیندہ مورخ کو ضرورت پیش آسکتی تھی، مگر جانبدار مورخوں کے قلم سے اُس کا نکلنا کسی طرح ممکن نہ تھا۔

اگرچہ فراق کا یہ سفر تقریباً دو ماہ کے مختصر سے زمانے میں ختم ہوگیا تھا، لیکن اس مدت میں بھی اس نے جو کچھ تحریر کر دیا، وہ «عہد شاہ عالم» پر کام کرنے والوں کے لیے بیحد مفید اور ضروری نظر آرہا تھا۔ بنابریں اعلی حضرت فرمان روای رامپور، دام اقبالہم و ملکہم، کے حسب ایما، کتاب خانۂ عالیۂ رامپور کی طرف سے اس کی اشاعت طے ہوئی اور تصحیح و تحشیہ کا کام حقیر عرشی کے سپرد ہوا۔

کتاب خانے میں اس کتاب کا جو نسخہ محفوظ ہے، وہ فراق کے چچازاد بھائی نے اس کے لیے لکھا تھا، اور پھر خود فراق نے اس کی تصحیح کی تھی۔ اس لیے صرف ایک نسخے پر کسی مطبوعہ متن کو مبنی کرنے کی غلطی کا بوجھ یہاں ہلکا نظر آیا۔ مگر کتاب کا خط شکستہ تھا، اور کاتب و مصحح دونوں نے نقطوں کی پابندی سے اپنا دامن بچالیا تھا، اس لیے جگہ جگہ الفاظ کے پڑھنے اور سمجھنے میں دقت پیش آئی۔ یہ دشواری ناموں کے سلسلے میں خطرناک حد تک نمودار ہوئی، چنانچہ کئی نام انتہائی کوشش کے باوجود مشتبہ رہ گئے۔ فراق کی ذاتی تصحیح کے بعد بھی متعدد جگہ الفاظ چھوٹے نظر آئے۔ کہیں کہیں فقروں اور جملوں کا دروبست اصول کے خلاف معلوم ہوا، جس سے عبارت میں خاصی تعقید لفظی پیدا ہوگئی ہے۔

میں نے ایسے تمام مقاموں پر حواشی میں اشارہ کردینا مناسب خیال کیا، اور متن میں کسی لفظ کا اضافہ کیا بھی، تو اُسے قوسین میں جگہ دی، تاکہ مولف و مصحح کا کلام مخلوط نہ ہوجائے

فراقی نے روز نامچے کے مطالعہ کرنیوالوں کی آسانی کے خیال سے شاہ عالم کی ولیعہدی و سلطنت کے پچھلے واقعات بطور تمہید شروع میں لکھے تھے۔ ایک تو یہ واقعات بہت ہی اختصار کے ساتھ لکھے گئے تھے، دوسرے اس حصے کا ماخذ صرف منون لال کا شاہ نامہ تھا، جس کے باعث جگہ جگہ اختلاف کی گنجایش نکلتی معلوم ہوتی تھی۔ ان وجوہ سے یہ مناسب نظر آیا کہ ان کی تشریح و تصحیح کے لیے دوسری معاصر تاریخوں کی مدد سے نوٹ لکھے جائیں۔ یہ کام دقت طلب بھی تھا اور وقت خواہ بھی۔ مگر اہل علم کی سہولت کے پیش نظر تشریحات کے عنوان سے اس قسم کے حاشیے آخر میں شامل کیے گئے، اور اتفاق و اختلاف دونوں صورتوں میں اُن تاریخوں کے مکمل حوالے درج کرنے کا التزام کیا گیا جس پر مصحح کے بیان کی بنا تھی۔

شروع میں فراقی اور اُس کے خاندان نیز اس روز نامچے کے مخطوطے کی حالت اور اس کے مندرجات کی اہمیت وغیرہ مباحث پر بھی اظہار خیال کیا گیا ہے، تاکہ مصنف اور

اس کی تصنیف کے متعلق مصحح کی رائے سے پڑھنے والے واقف ہوجائیں۔ تصحیح و تحشیے میں تقریباً دو سال صرف کرنے کے بعد کتاب اس قابل ہوئی کہ اسے چھاپ کر اعلی حضرت فرمان روای رامپور، دام اقبالہم و ملکہم، کے حضور میں پیش کیا جاسکے۔

استدعا ہے کہ اعلی حضرت اس حقیر کوشش کو شرف قبول عطا فرمائیں، اور دعا ہے کہ کتاب خانۂ رامپور کے سلسلۂ مطبوعات کو روز افزوں ترقی نصیب ہو۔ آمین!

احقر

امتیاز علی عرشی

ناظم

کتاب خانہ، ریاست رامپور

۱۰ مئی ۱۹۴۹ء

حالات مصنف

نام و نسب | کنور پریم کشور فراقؔ تخلص، کنور انند کشور کا بیٹا اور راجہ جگل کشور کا پوتا ہے[1]۔

جگل کشور قوم کا بھاٹ اور پیشے کے لحاظ سے شراب فروش تھا[2]۔ اپنی فطری استعداد اور ذاتی لیاقت کی بدولت نواب مہابت جنگ، صوبہ‌دار بنگال، کے یہاں رسوخ پیدا کیا، اور کئی برس تک محمد شاہ بادشاہ دہلی کے دربار میں ان کے وکیل کی حیثیت سے مامور رہا[3]۔

جگل کشور نے مرشدآباد میں بہت بڑی جاگیر حاصل کرلی تھی۔ ۱۱۵۸ھ (۱۷۴۵ء) میں اس کی ماہانہ آمدنی ۲۴ ہزار رپے اور خرچ ۱۲ ہزار تھا، اس میں سے ۷ ہزار رپے شاگرد پیشہ پر اور ۵ ہزار بیوتات پر صرف ہوتے تھے[4]۔

دولت و ثروت کے ساتھ جگل کشور دل والا بھی تھا۔ اپنے بڑے بیٹے کنور انند کشور کی شادی اس شان و شکوہ سے کی کہ قاسم کے بقول دلی میں اس جیسی دھوم دھام

---

(۱) مجموعۂ نغز: ۲، ۴۸ و روز روشن: ۵۱۶ (۲) سفرنامۂ مخلص: ۸۳ ح ۲ و طبقات شعرای ہند: ۵۳۰، گلشن بیخار: ۲۰۲ (۳) سفر نامۂ مخلص، ذکرمیر: ۷۵، مجموعۂ نغز: ۲، ۴۸، مقالات الشعرا: ۱۷ الف، تاریخ مظفری: ۱۳۸ ب، بیل: ۲۰۲ (۴) سفر نامۂ مخلص: ۸۴۔

کی کوئی اور شادی نہ ہوسکی ۔ چنانچہ سارے شہر کو کھانے پر بلایا تھا، اور جس کے بارے میں یہ خطرہ گزرا کہ « صلای عام » کو اپنے لیے باعث ننگ خیال کرے گا، اس کے گھر پر خود جا کر ان الفاظ کے ساتھ مدعو کیا تھا کہ

«آپ کے بھتیجے کی شادی ہے ۔ اگر آپ شریک نہ ہوے، تو محفل بے رونق رہے گی »۔[1]

مگر جگل کشور کے اس لکھ لٹ پن کا نتیجہ خود اس کی زندگی میں یہ نکلا کہ میر تقی میر نے ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۲ء) میں اس سے اپنی پریشاں روزگاری کی شکایت کی، تو شرما کر کہنے لگا کہ « میرے پاس صرف ایک پرانی شال ہے ۔ کچھ اور مقدرت ہوتی، تو اس سے دریغ نہ کرتا»۔[2]

نواب صفدر جنگ سے بھی جگل کشور کے خصوصی تعلقات تھے ۔ ذی حجہ ۱۱۶۱ھ (نومبر ۱۷۴۸ء) میں نواب قائم خان بنگش، روہیلوں کے مقابلے میں مارے گئے، تو صفدر جنگ کی طرف سے جگل کشور ہی کو نذرانے کے ۶۰ لاکھ رپے وصول کرنے بھیجا گیا تھا ۔[3]

---

(۱) مجموعۂ نغز: ۲۸۲/۲- تواریخ اودھ: ۱۱۲۲/۱ میں اتنا اضافہ کیا ہے کہ شجاع الدولہ کی شادی بھی ایسی ہی دھوم دھام اور شان و شکوہ سے ہوئی تھی ۔ ان دو کے بعد پھر تیسری ایسی شادی کسی سے نہ ہوسکی ۔

(۲) ذکر میر: ۷۸ - (۳) تاریخ فرخ آباد : ۹۶/۲ ۔

شوال ۱۱۶۳ھ (ستمبر ۱۷۵۰ء) میں صفدر جنگ نے نواب احمد خان بنگش سے شکست کھائی، اور نواب قمر الدین خان نے بادشاہ کو صفدر جنگ کے خلاف بھڑکا دیا، تو جاوید خان خواجہ سرا اور صفدر جنگ کے درمیان نامۂ و پیام کا کام بھی جگل کشور ھی نے انجام دیا تھا۔[1]

رواج زمانہ کے مطابق جگل کشور کو شعر و شاعری سے بھی دلچسپی تھی۔ ثروت تخلص کے ساتھہ شعر کہتا[2] اور میر تقی میر دھلوی سے اصلاح لیتا تھا۔ مگر میر نے اس کی سخن گوئی کے متعلق بہت بری رائے ظاہر کی ھے[3]۔

مشہور ھے کہ عالمگیر ثانی کے عہد (۱۱۶۷ھ تا ۱۱۷۳ھ = ۱۷۵۴ء تا ۱۷۵۹ء) میں ایک دن نواب احمد خان بنگش، عماد الملک اور راجہ جگل کشور اپنے اپنے ھاتھیوں پر سوار مکن پور سے فرخ آباد واپس آرھے تھے۔ نتوا کے میدان میں جگل کشور کسی ضرورت سے نیچے اترا۔ اچانک ھاتھی نے حملہ کرکے مار ڈالا۔ احمد خان نے اس کا مال و اسباب ضبط کرلیا[4]۔

اس ضبطی سے یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ھے کہ احمد خان کو جگل کشور کے سبب موت میں کچھہ دخل تھا۔

---

(۱) تاریخ فرخ آباد: ۲ ۳۹ بعد۔ (۲) مقالات الشعرا: ۱۷ الف؛ تکملۃ الشعرا: ۴۷ الف؛ بیل: ۲۰۲ب (۳) ذکر میر: ۷۵۔ (۴) تکملۃ الشعرا: ۱۰ الف۔ تاریخ فرخ آباد: ۲ ۹۵۔

فراق کا باپ | فراق کا باپ، انند کشور، بڑے ناز و نعم میں پلا تھا اور جیسا کہ ابھی بیان ہو چکا ہے، ساری دلی میں اسکی شادی بے نظیر ہوئی تھی۔ مگر جگل کشور کی فضول خرچی اور اس کے مرنے کے بعد احمد خان بنگش کے جور و ستم نے انند کشور کی زندگی کو شاید بے کیف بنادیا تھا کہ اس نے ترک دنیا کرکے بندابن میں منڈیا ڈال لی، اور وہیں فوت ہو گیا۔

قاسم، مولف مجموعۂ نغز، نے لکھا ہے کہ وہ باطن میں مومن اور ظاہر میں کافر تھا۔ اس راز کو اس نے صرف مجھ پر کھول دیا تھا۔ یوں عام طور پر کسی کے روبرو اسلام کا اظہار نہیں کرتا تھا [۱]۔

فراق کے ذاتی حالات | فراق نے بڑے گھر میں پرورش پائی تھی، اور اس کی تعلیم و تربیت حسب رواج زمانہ اعلی درجے کی ہوئی تھی، اس لیے وہ جوان ہوا تو "حسین، خلیق، متواضع، با ادب، مہذب، شیریں گفتار، پسندیدہ کردار، ہوشیار اور مودت شعار" نکلا۔

فارسی اور ریختہ دونوں زبانوں میں شعر کہتا تھا اور برکت اللہ خان برکت دھلوی سے اصلاح لیتا تھا [۲]۔

---

(۱) مجموعۂ نغز: ۲، ۴۸۔ (۲) ایضاً: ۲، ۴۸ و روز روشن: ۵۱۶۔

فارسی کے متعدد اشعار خود وقائع میں موجود ہیں یہ ایک شعر « روز روشن » میں نقل کیا گیا ہے :

مریض عشق ترا داروی شفا چه کند؟
کسی که درد تو دارد، دگر دوا چه کند؟

اردو کا صرف یہ شعر تذکروں میں ملتا ہے ۱ :

ہوئیں آنکھیں گلابی روتے روتے
گلابی کی نہ دیکھی شکل افسوس!

بقول غلام محمد ہفت قلمی، فراقؔ خط شکستہ کا بڑا اچھا خطاط اور پریم ناتھ آرام کا شاگرد تھا ۱. وقائع کے پہلے صفحے پر اس کے قلم کی تحریر موجود ہے. نیز جہاندار شاہ کے دہلی سے فرار ہوجانے کا واقعہ بھی، جو زیر نظر مطبوعہ نسخے میں صفحۂ ۱۹ سے شروع ہوتا ہے، اصل مخطوطے میں فراقؔ کا اپنے قلم سے بڑھایا ہوا ہے. ان دونوں تحریروں سے غلام محمد کے بیان کی تصدیق و توثیق ہو جاتی ہے.

فنون سپہ‌گری میں سے تیراندازی میں بھی فراقؔ کو بڑی مہارت حاصل تھی ۲.

دادا کی جائداد گزر بسر کے لیے کہاں تک کام آتی. آخر فراقؔ نے تلاش معاش میں گھر سے نکلنے کی ٹھان لی. دو شنبہ ۱۶ شعبان ۱۱۹۸ھ (۵ جولائی ۱۷۸۴ء) کو تلپت کے

---

(۱) مجموعۂ نغز و طبقات شعرای ہند - (۲) تذکرۂ خوشنویسان : ۱۱۶-

مقام پر اس نے شاہی لشکر میں قدم رکھا یہاں شاہی مودی رای رام رتن کے بیٹوں کے پاس قیام کیا، اور ادبی مشغلے کے ساتھ معاشی کتھی سلجھانے کی کوشش بھی کرتا رہا۔ شنبہ ۳ ربیع الاول ۱۱۹۹ھ (۱۰ جنوری ۱۷۸۵ء) کو راو راجہ ماچھڑی والے کے دامن دولت سے وابستہ ہوگیا ۱۔

غالباً یہ توسل ناپائدار ثابت ہوا۔ یکشنبہ ۹ جمادی الاولی ۱۲۰۶ھ (یکم جنوری ۱۷۹۲ء) کو ہم اسے گنگا میں بسواری کشتی مرشدآباد کا عازم دیکھتے ہیں ۲۔ قاسم کی بھی تصریح یہی ہے کہ آخر میں مرشدآباد جارہا تھا اور دادا کی بقیہ جائداد بیچ کر گزارا کرتا تھا ۳۔ اور بقول کریم الدین دنیا کو چھوڑ، دین اختیار کرکے متوکل اور زاہد ہوگیا تھا ۴۔

فراق کا مذہب | جہاں تک مذہب کا تعلق ہے، فراق کا باپ کنور انندکشور، قاسم سے اپنے مسلم ہونے کا پوشیدہ طور پر اظہار کرچکا تھا۔ فراق نے باپ سے زیادہ اسلام کے ساتھ دلچسپی کا مظاہرہ کیا ہے۔ وقائع کے دیباچے میں مسلمان مصنفوں کی طرح حمد، نعت اور منقبت لکھنا اس کے اسلامی رجحان کا کھلا ہوا ثبوت ہے ۵۔ اسی طرح شیورامداس اور نراینداس کو "کافر"

---

(۱) وقائع: ۱۳۳ و ۱۳۴ (۲) وقائع: ۱ (۳) مجموعۂ نغز (۴) طبقات شعرای ہند ۱۱ (۵) وقائع: ۲

کے لفظ سے اپنے تجی روز نامچے میں یاد کرنا بھی اسی خیال کی تائید کرتا ہے [١]۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں «وصی» کی صفت کا استعمال اس کا غماز ہے کہ فراق کا میلان خصوصیت کے ساتھ شیعیت کی طرف تھا۔

فراق کی اولاد | فراق کے کئی بیٹے تھے ان میں سے بڑا ہرچند کشور تھا۔ یہی مرشدآباد کے سفر میں باپ کے ہمراہ تھا [٢]۔

تصنیفات | فراق کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ وہ خوشگو شاعر ہی نہیں «بسیار گو» بھی تھا۔ چنانچہ فارسی زبان میں کئی مثنویاں اس نے لکھی تھیں۔ ان میں کی ایک خود اسی کے قلم کی لکھی ہوئی غلام محمد نے بھی دیکھی تھی [٣]۔ اب یہ سب مثنویاں عنقا ہوچکی ہیں۔

وقائع | لیکن کتاب خانۂ عالیۂ رامپور میں ایک قلمی کتاب «وقائع عالم شاہی» نام کی محفوظ ہے۔ اس کے سرورق، دیباچے اور خاتمے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کنور پریم کشور فراق کا مرتبہ روز نامچہ ہے۔ چونکہ مسٹر الیٹ نے اپنی تاریخ ہندوستان میں اس کا

---

(١) وقائع : ١٥ (٢) ایضاً : ١٠ (٣) تذکرہ خوشنویساں، مطبوعۂ کلکتہ: ١١٦ میں «دو» اور اسی کتاب کے مخطوطۂ رامپور ٤٤ الف میں «چند» لکھا ہے۔

حوالہ نہیں دیا ہے، اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ تصنیف کے بعد سے اب تک یہ نایاب رہا، اور اس بنا پر بیحد قابل قدر ہے۔

نسخے کی حالت | نسخے کا ناپ ۸ ½ × ۵ ¾ و ٦ × ۲ ½ اور اوراق کی تعداد ۷۰ ہے۔ ہر صفحے میں ۱۵ سطریں ہیں۔ کاغذ پرانا انگریزی دبیز انڈے کے رنگ کا، روشنائی سیاہ، عنوان شنگرفی اور خط عمدہ شکستہ ہے۔ پوری کتاب لوح اور جدولوں سے خالی ہے۔ برای نام کرمخوردگی کے نشان بھی پائے جاتے ہیں۔ خاتمے میں تاریخ کتابت اور کاتب کا نام بھی موجود ہے۔ جگہ جگہ حک و اضافہ بھی نظر آتا ہے، اور ایسے یقینی قرینے پائے جاتے ہیں، جن سے یہ باور کیا جاسکتا ہے کہ یہ سب خود فراق کے قلم کا ہے۔ چنانچہ سرورق کی تحریر، جو فراق کی دستخطی اور مہری ہے، اس تحریر سے بالکل مشابہ ہے جو ورق ٦ ب و ۷ الف و ب و ۸ الف و ۹ الف تا ۱۰ ب کے حاشیوں پر ثبت ہے۔

تاریخ تصنیف | دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ فراق دو شنبہ ۱٦ شعبان ۱۱۹۸ھ (۵ جولائی ۱۷۸۴ء) کو شاہی لشکر میں وارد ہوا۔ یہ لشکر شاہ عالم کے ہمرکاب دہلی سے آگرے کی طرف کوچ کر رہا تھا، اور اس تاریخ کو ضلع حصار کے ایک قصبے تلپت میں، جو موجودہ فریدآباد کے پاس

واقع اور دلی سے آگرے جاتے ہوئے پہلی منزل تھی، ڈیرے ڈالے پڑا تھا یہاں سے فراقی لشکر کے ساتھ ساتھ کوچ کرتا رہا۔ اسے بار بار یہ خیال آتا تھا کہ اس سفر کے روز مرہ کے واقعات قلمبند کرے، مگر کسی طرف سے تحریک نہ ہونے کے باعث کام میں تعویق ہوتی گئی۱۔

۱۲ محرم ۱۱۹۹ھ (۲۵ نومبر ۱۷۸۴ء) کو بادشاہ نے سیدپور (تعلقۂ فتحپور سیکری) میں قیام کیا، تو شاہی مودی رای رام رتن کے بیٹوں، لالہ رام نراین اور لالہ ہر نراین اور ان کے منشی دیبی رام آباد تخلص نے روز ناموچۂ شاہی مرتب کرنے کی تجویز پیش کی فراقی نے اسے خوش آمدید کہا اور اسی تاریخ سے روزانہ کے واقعات ضبط تحریر میں لانا شروع کر دیے۲۔

مگر بقول فراقی کتاب کے لیے تمہید کی بھی ضرورت ہوتی ہے، اس لیے کتاب کو دو دفتروں میں منقسم کیا۔ پہلے دفتر میں بطور تمہید احمد شاہ بادشاہ کے نابنیا کیے جانے کے واقعے سے شروع کرکے عالمگیر ثانی کے واقعات حکومت اور شاہ عالم ثانی کی تخت نشینی تک کے حالات اجمالاً لکھے، اور اس سلسلے کو ۱۱ محرم ۱۱۹۹ھ (۲۴ نومبر ۱۷۸۴ء) پر ختم کر دیا۳۔

دوسرا دفتر ۱۲ محرم سے شروع کیا اور ۱۱ ربیع الاول سنۂ مذکورہ پر ختم کر دیا۔ اس طرح ایک دن کم دو ماہ

(۱) وقائع : ۳۔ (۲) ایضاً : ۱۴۴۔ (۳) ایضاً : ۳۔

کے روز مرہ واقعات لشکر شاہی قید تحریر میں آگئے، اور آنیوالے مورخوں کو متعدد بوست کندہ حالات کے مطالعہ کرنے کا موقع مل سکا۔

فراق کا ارادہ تھا کہ اس سلسلے کو آخر ماہ تک جاری رکھے، مگر راو راجہ ماچھڑی والے کا ملازم ہوجانے کی وجہ سے اس میں اور لشکر شاہی میں بعد ہوگیا تھا، اور مشاہدے کی جگہ سنی سنائی جھوٹ سچ باتیں لکھنا پڑتی تھیں، یہ بات فراق کو پسند نہ تھی، اس لیے اس نے ۱۱ ربیع الاول پر روزنامچے کو ختم کردیا[1]۔

وقائع کی فنی حیثیت/ اس روز نامچے کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے متعدد شاہی روز نامچوں کے برخلاف اس کو شاہی حکم سے یا بادشاہ کو خوش کرنے کے لیے مرتب نہیں کیا گیا تھا، اسی لیے اس کا انداز بیان بیباک اور طرز بیان بڑی حد تک صاف و سادہ ہے۔ واقعات کے بیان میں بھی کسی شخص یا فریق کی بیجا حمایت نظر نہیں آتی، حتی کہ شاہ عالم پر بھی، جس کا فراق خاصا معتقد نظر آتا ہے، آزادی کے ساتھ تنقید کی گئی ہے۔

مثلاً بادشاہ نے اپنے خاصے کو کوچ حکم دیدیا ہے۔ پٹیل کسی مصلحت سے التوای سفر کا خواہاں ہے، اور اس خواہش کو یہ کہکر پیش کرتا ہے کہ پھر نیازمند ہمرکاب

---

(۱) وقائع : ۱۴۲۔

نہ چل سکے گا۔ بادشاہ اسے مغویوں کی کار روائی سمجھ کر روانگی پر مصر ہیں، اور آغا پسند کی معرفت پٹیل کو یہ پیغام بھجتے ہیں کہ «خاصہ گیا۔ عدول حکمی سے کیا فائدہ؟ ہم اگلے پڑاو پر تمہارا انتظار کریں گے۔ بھجے ہوے خاصے کو واپس بلانے میں عوام کی نظر میں سبکیء سلطنت ہے۔ شاہی خاندان کی لاج رکھنا چاہیے»۔

اس پر فراقی لکھتا ہے کہ «سبحان اللہ! سبکی و گرانسنگیء خلیفۂ روزگار وابستۂ کوچ و مقام است اگر شد، مدارج عالی، و الا سفلی نصیب گشت»[1]۔

بادشاہوں کے ساتھ والہانہ عقیدت ہندیوں کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی۔ فراقی ہندو گھرانے کا ایک رکن تھا۔ لشکر شاہی میں اس کا ورود ہوا ہے، تو بادشاہ پٹیل کے قبضے میں آچکا تھا، اور پٹیل ہندو ہونے کے باعث ملک میں ہندو راج یا کم از کم مرہٹہ بالادستی قائم کرنا چاہتا تھا چاہیے تھا کہ فراقی اس کے یا دوسرے ہندو سرداروں کے ہر طرز عمل کو سراہتا، مگر ہمیں پوری کتاب میں کسی ایک جگہ بھی یہ دھبا نظر نہیں آتا۔ وہ قومیت یا مذہب کی بنا پر پٹیل وغیرہ کا ساتھی بننے کو ہرگز آمادہ نہیں۔ اس کے دل میں تو اس کا درد محسوس ہوتا ہے کہ بادشاہ اپنے حقیقی پُرعظمت درجے

---

(۱) وقائع: ۸۰، ۸۱۔

سے گر پڑا ہے اور اسے واجبی مقام دلانے کی بظاہر کوئی تدبیر نظر نہیں آتی۔ چنانچہ جگہ جگہ پٹیل پر چھپے اور کھلے طنز اسی جذبے کے تحت کیے گئے ہیں۔ مثلاً

ڈیگ کا قلعہ فتح ہوا ہے۔ بادشاہ نے اس کے فاتح، «پٹیل انجم خیل» کو اس کا بخش دینا طے کیا ہے اور خود اس کے دیکھ لینے پر قناعت کرنے کی ٹھانی ہے۔ اس پر فراقی لکھتا ہے کہ «زہی شاہی کہ سلطنت وقف ساختہ و در لباس شاہی کوس گدائی نواختہ»۔

بادشاہ کی حالت | وقائع کے دوسرے دفتر سے مرہٹوں، سکھوں، جاٹوں اور راجپوتوں کے متعلق بہت سے دلچسپ جزئیات کا پتا چلتا ہے۔ نیز اس سے شاہ عالم کی حیثیت بھی اچھی طرح روشنی میں آجاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں بادشاہ کی بے بسی اس درجے تک پہنچ چکی تھی کہ امرای دربار ہی نہیں، خدام بھی شاہی رعب و داب نہ مانتے تھے، چنانچہ ایک بار بھرے دربار میں بادشاہ کی بلا اجازت ایک مرہٹہ سردار نے، پٹیل پر کچھ نقدی نچھاور کی تو فراش اور خدام بے دھڑک لوٹنے لگے اور بادشاہ کی نظروں کے سامنے گتھم گتھا ہو گئے ۲۔

---

(۱) وقائع : ۸۹ (۲) ایضاً : ۴۴

کسی بات پر خفا ہو کر بادشاہ درباریوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرتے، تو منہہ توڑ جواب سنتے، اور اس جواب میں فحش الفاظ تک موجود ہوتے[1]۔

بے بسی نے بادشاہ کو دروغ گو اور دروغ پسند بھی بنادیا تھا۔ خود بھی بڑھا چڑھا کر بات بیان کرتے اور دوسروں سے بھی اسی کے متوقع رہتے تھے[2]۔

آمدنی کی کمی اور خرچ کی زیادتی نے بادشاہ سلامت کے مزاج میں نازیبا کفایت شعاری اور شاعرانہ حسن طلب بھی پیدا کردیا تھا۔ ایک بار نقارچیوں نے حسب حکم کوچ کا نقارہ بجایا۔ پٹیل کی ایما سے بادشاہ نے سفر ملتوی کردیا۔ نقارچیوں نے پچھلے بادشاہوں کے دستور کے مطابق سوا سو روپے «تاوانی انعام» کے طلب کیے۔

بقول فراقی، اس «سلطنت بخش» بادشاہ نے سوا روپیہ باکراہ دیا، اور ان کی واویلا پر فرمایا کہ «یہ بھی ہماری ہی ہمت تھی کہ صدای طبل پر ۲۰ آنے بخش دیے۔ تمھیں یہ بھی کیا برے ہیں، جو زیادہ طلبی کرتے ہو»[3]۔

پٹیل نے ایک مرتبہ پوشاک کی چند کشتیاں مرشدزادوں کے لیے بھیجیں۔ شاہ عالم کی ایک بیٹی بڑی چہیتی تھیں، اور «میاں صاحب» کہلاتی تھیں۔ ان کے

---

(۱) وقائع : ۱۴۱ (۲) ایضاً : ۸۸، ۹۲ (۳) ایضاً : ۹۷

مطلب کا کوئی کپڑا ان میں نہ تھا۔ یہ دیکھ کر بادشاہ سلامت نے لانے والے کے سامنے فرمایا کہ «چونکہ پٹیل جانتے ہیں کہ ہمیں میاں صاحب سے کتنی محبت ہے، معلوم ہوتا ہے کہ ان کے لیے جداگانہ اچھا سا کپڑا بھیجیں گے»۔ پٹیل نے یہ ارشاد سنا، تو فوراً اعلی درجے کا کپڑا پیش کردیا ۱۔

درباری بھاٹ کے کلام میں بھی اس سے زیادہ کیا حسن طلب ہوسکتا ہے!

اس صورت حال نے عیش و عشرت میں بھی چھچھوراپن پیدا کردیا تھا۔ بڑھاپے میں «عزیزن» نامی ایک معمولی کنچنی پر عاشق ہوکر اسے شرف زوجیت سے مشرف فرمایا تھا، اور «ملکۂ عالم» خطاب دے کر الفاظ کی مٹی پلید کی تھی۔ وہ بدذات روٹھ جاتی، اور کسی طرح نہ منتی، جب تک بادشاہ کو خوب دق اور ذلیل نہ کرلیتی۔ بادشاہ سلامت اس کی ہی نہیں، اس کے بھائی بندوں کی بھی خوشامد درآمد فرماتے اور آخر بہزار منت وساجت اسے راضی کرکے دم لیتے ۲۔

بادشاہ کو شعر و شاعری کا بھی ذوق تھا۔ چنانچہ وقائع سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سفر میں بھی دربار

---

(۱) وقائع: ۱۲۳۔ (۲) ایضاً: ۱۱٦۔

شاعرانہ بذلہ سنجیوں سے خالی نہ رہا۔ بادشاہ خود بھی اس میں حصہ لیتے اور دوسروں کی بھی ہمت افزائی فرماتے رہتے۔

ایک دن غالب علی خان سید تخلص نے تاثیر اصفہانی کے اس مطلع پر غزل لکھ کر سنائی:

باز در عشق تو دارم سر داد و ستدی
کہ دہم افسر شاہی بکلاہ نمدی

سید کا مطلع تھا:

بوسہ خواہم ز ابش، یک دلکی دادہ، صدی
ہست زان سادہ مرا خوش سر داد و ستدی

بادشاہ سلامت نے فرمایا کہ «داد و ستد» سے خواجہ حافظ کا یہ شعر یاد آگیا:

پدرم روضۂ جنت بدو گندم بفروخت
ناخلف باشم، اگر من بجوی نفروشم

حاضرین میں سے ایک صاحب بولے کہ اس شعر سے تو بے نیازی و استغنا ٹپکتی ہے۔ بہترین شعر یہ ہے:

عنقریب است کہ با خاک برابر گردد
تاج زرین شہ و کاسۂ چوبین گدا

بادشاہ سلامت نے سید کی غزل کے قافیے کے پیش نظر فرمایا "کہ اگر اس شعر کے قافیے کا الف "ی" سے بدل کر: تاج زر بن شہ و کاسۂ چوبین گدی،
پڑھا جائے، تو کیسا ہوگا؟

حاضرین اس لطیفے سے بہت محظوظ ہوئے[1]۔

خواجہ میر درد علیہ الرحمہ کے انتقال کی بادشاہ سلامت کو خبر ملی، تو بہت رنجیدہ ہوئے، اور اظہار ملال کی خاطر ہاتفی کا یہ شعر پڑھا:

او رفت و رویم ما ز دنبال
آخر ہمہ را ہمین بود حال[2]

بادشاہ کے رنج و ملال میں صرف اس کو دخل نہ تھا کہ خواجہ صاحب دہلی کے ایک مشہور صوفی اور درویش تھے، بلکہ وہ اردو زبان کے بڑے مشہور اور صاحب طرز شاعر بھی تھے، اور بادشاہ تصوف سے زیادہ اس صفت کے دلدادہ اور قدردان نظر آتے ہیں۔

شاہ عالم کا سوگوار دربار بعض اوقات برجستہ فقروں اور شگفتہ لطیفوں سے بھی تابناک ہوجاتا تھا۔

پٹیل کے ایک سردار مینڈھا سنگھ نے شاہی لشکر کے قصابوں کو گاو کشی سے روک دیا۔ بادشاہ سلامت

---

(١) وقائع: ٦٠ (٢) ایضاً: ١٠٦۔

نے پٹیل سے اس بارے میں شکایت کرائی، تو اس نے جواب میں عرض کیا:

«حضور والا، آخر مینڈھا ہے نا۔ جان کے خوف سے قصاب سے الجھہ پڑا»۔

بادشاہ سلامت کو یہ فقرہ بہت بھلا لگا۔ ہنسکر فرمایا:

در مسلخ عشق جز نکو را نہ کشند[1]

یہی مینڈھا سنگھہ ایک دن میرزا مینڈھو شاہی میر آتش سے الجھہ پڑے۔ بادشاہ نے صلح صفائی کراکے فرمایا: «آج ہم چاہتے، تو سب کو مینڈھوں کی لڑائی کا تماشا خوب دیکھنے کو ملتا[2]»۔

ایک دن کسی نے دربار میں ذکر کیا کہ مسٹر تلیر فرنگی نے راجۂ جےپور کی ملازمت سے استعفا دیدیا، اور اب آپاجی کھنڈو سے بات چیت کر رہا ہے۔ اس پر ارشاد ہوا: «اگر تلیر ایک ڈالی سے اڑکر دوسری پر جا بیٹھا، تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ پرندے بیوفا ہوا ہی کرتے ہیں[3]»۔

شنکرایت پر پٹیل نے حضور شاہ میں تل شکری پیش کی۔ حضرت نے زنانخانے میں جاکر خود بھی کھائی

---

(۱) وقائع: ۵۷ ۔ (۲) ایضاً: ۸۴ ۔ (۳) ایضاً: ۱۲۰ ۔

اور بیگمات کو بھی کھلائی اس پر ایک منھہ چڑھی بیگم بولیں : « قصور معاف، ھندوستان میں یہ رسم ھے کہ باندی غلام یا گھوڑا خریدتے ھیں، تو اسے تل شکری کھلاتے ھیں، تاکہ وفادار نکلے۔ حضرت نے بٹیل کی تل شکری کھائی ھے، تو وفاداری بھی برنا ھوگی»

بادشاہ سلامت نے فرمایا «بھئی، جب غلاموں کو تل شکری کھلاتے ھیں، تو حدیث میں تو یہ آیا ھے کہ بردوں سے بھلائی کی امید نہ رکھنی چاھیئے، لھذا یہاں بھی وفا کا ذکر عبث ھے ؀۱»۔

طنزیہ جملے | چونکہ یہ روزنامچہ بالکل نجی حیثیت رکھتا تھا، فراقی نے اس میں جابجا طعن و طنز کی نمک پاشی بھی کی ھے یہ طنزیہ عبارتیں پرلطف تو نہیں ھیں، تاھم متعلقہ واقعے کی بدمزگی میں کچھہ نہ کچھہ اضافہ ضرور کردیتی ھیں۔

مثلاً شاہ عالم بادشاہ ھندوستان کی بیچارگی کا اظہار مقصود ھے۔ اس کی سواری کی منظرکشی کرتے ھوے فراقی لکھتا ھے ۲:

بگردون شد آواز کوس رحیل
شہنشہ برآمد بہ تابوت فیل

---

(۱) وقائع : ۱۱۲ - (۲) ایضا : ۸٦ -

اس شعر میں «تابوت فیل» کا چھوٹا سا مرکب کتنا ابھرا معنوی اثر پیدا کر دیتا ہے۔

یا بادشاہ سلامت کا مزاج ناساز ہوگیا ہے، اور بقول فراقی ساری رات اہل لشکر صحت طبع ہمایوں کے لیے جناب باری میں دست بدعا رہے ہیں۔ اس دعا گوئی کی علت بیان کرتے ہوئے فراقی لکھتا ہے کہ «بھلا لشکری دعا کیسے نہ کرتے۔ بادشاہ کے طفیل میں انہیں ایسا سفر جو نصیب ہوا ہے» ۱۔

اس سفر میں جو دشواریاں اہل لشکر کو پیش آئی تھیں، ان کا اندازہ کرلینے کے بعد فراقی کے اس ایک جملے سے «دعا و بددعا» کی حقیقت اچھی طرح واضح ہوجاتی ہے۔

فراقی کے طنزیہ فقروں اور جملوں میں لطافت و نزاکت کم ہونے کی اہم وجہ تو یہ ہے کہ وہ طبعاً «طناز» معلوم نہیں ہوتا۔ جو کچھ کہتا ہے، اس میں آورد یا «زور زبردستی» زیادہ ہوتی ہے۔ لیکن اس پر مستزاد یہ ہے کہ فارسی اس کی مادری زبان نہیں ہے۔ محاوروں کی برجستگی اور الفاظ کی موزونیت سے جو تیزی و تندی و برشتگی طنزیہ فقروں اور جملوں میں پیدا ہوا کرتی ہے، وہ فراقی کے بس کی بات نہ تھی۔

---

(۱) وقائع : ٦٦

اس صورت حال کا نتیجہ یہ ہے کہ بعض جگہ لطافت کی کمی کو مطلب کی عریانی سے پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مگر مذکورۂ بالا وجوہ کی بنا پر اس میں بھی کامیابی کا دامن ہاتھ نہ آسکا ہے۔ مثلاً بادشاہ کی عیش پرستی و بیگمات نوازی پر چوٹ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ — « بعد بمشکوی خسروی داخل شدہ، عضو مردہ را زندہ کردہ بحوض حیات انداختند و شب را بروز آوردند »[۱]۔

اگر اس جملے کا لکھنے والا کوئی اہل زبان ظریف ہوتا، تو پڑھنے والے بے اختیار ہنس پڑتے، یا رو اٹھتے۔ مگر بحالت موجودہ ان کیفیات کی جگہ خود عبارت کی طرف سے نفرت اور متلی پیدا ہوکر رہجاتی ہے۔

وقائع کے لفظی و معنوی اسقام | فراقی نے وقائع میں متعدد ایسے مرکبات استعمال کیے ہیں جو اصولاً درست نہیں، مثلاً حسب الدرخواست[۲]، دارالرواج[۳]، مجموع الآواز۔[۴]

ہوسکتا ہے کہ یہ فراقی کی ایجاد نہ ہوں، لیکن بہر حال ان سے احتراز کرنا چاہیے تھا۔

بعض عربی و فارسی الفاظ کو فراقی نے لفظی یا معنوی اعتبار سے غلط استعمال کیا ہے، مثلاً « امرا » بفتح میم کو بسکون میم باندھ دیا ہے[۵]۔ یا « ملکہ »

---

(۱) وقائع: ۱ (۲) ایضاً: ۹۵ (۳) ایضاً: ۹ (۴) ایضاً: ۳۴ (۵) ایضاً: ۱۰۔

بکسر لام کو بسکون لام نظم کیا ہے[1]۔ یا «قدوم» کو جو عربی زبان کا ایک مصدر اور اردو مصدر «آنا» کا مترادف ہے، «قدم» کی جمع قرار دیدیا ہے[2]، یا «ہند» کا ہم قافیہ «بلند» کو لکھہ دیا ہے[3]، یا اس شعر میں

چنان شاہ خود غرض و خود مطلبی است
کہ در عصر ما سایۂ ایزدی است

«غرض» بفتح ثانی کو بسکون اور «خود مطلب» کی جگہ «خود مطلبی» تحریر کردیا ہے[4]۔

مستحق یا حقدار کی جگہ «محق[5]» اور «باغی گشتہ» کی جگہ «بغی گشتہ» بھی اس کے یہاں موجود ہے[6]۔ «صعوبت و کعوبت[7]، مقرب حضیر[8]» اور «خلوت عظیم[9]» بھی ناپسندیدہ مرکبات ہیں ایک مقام پر «جزاك اللہ بر آن شاعر» فرماگئے ہیں[10]۔ یہ جدت بھی محل نظر ہے۔

ان لفظی عیوب کے ماسوا متعدد مقامات پر شاید ابوالفضل کے تتبع میں، بیجا معترضہ جملے لکھہ کر کلام میں تعقید پیدا کردی ہے۔ مثلاً ــــ «بعد مختار شدن با اعتقاد الدولہ بہادر لطافت علی خان خواجہ سرا کہ با دو پلٹن

---

(۱) وقائع : ۱۰ (۲) ایضاً : ۹ (۳) ایضاً : ۱۰۱ (۴) ایضاً : ۱۲۲ (۵) ایضاً : ۴۵ (۶) ایضاً : ۲۲ (۷) ایضاً : ۶ (۸) ایضاً : ۱۵ (۹) ایضاً : ۸۰ (۱۰) ایضاً : ۱۱۷ ۔

و چند ترک سوار از طرف وزیر الممالک آصف الدوله محمد یحیی خان بہادر هژبر جنگ که بحضور می ماند، زیاده از امیر الامرای مرحوم اشرف الدوله عقد مودت مستحکم بستهٔ[1]»۔

اس انداز تحریر کو ابو الفضل کے بھی محاسن میں شمار نہیں کیا گیا ہے، چه جائیکه فراقی کو اس کی داد دیجائے۔

ان عیوب سے قطع نظر کرلی جائے، تو یہ کہا جا سکتا ہے که فراقی نے تمہیدی جملوں کے علاوہ ہر جگہ صاف و سادہ زبان میں ادای مطلب کی کوشش کی ہے، اور اس میں وہ بڑی حد تک کامیاب بھی ہوا ہے۔

مآخذ دیباچه و تشریحات | دیباچے اور تشریحات کی ترتیب میں جن کتابوں سے مدد لی گئی ہے، ان کے نام ضروری کیفیت کے ساتھ حسب ذیل ہیں۔

۱- عربی

۱- الفوائد المجموعة فی الاحادیث الموضوعة، للشیخ ابی علی محمد بن علی بن محمد الشوکانی المتوفی سنه ۱۲۵۵ھ (۱۸۳۹ء)۔ مطبع محمدی لاهور ۱۳۰۳ھ (۱۸۸۶ء)۔

---

(۱) وقائع : ۱۳

۲- فارسی

۱- آئینۂ بخت، تصنیف محمد بختاور خان خواجہ سرا متوفی ۱۰۹۶ھ (۱۶۸۶ء)، مصنفۂ سنہ ۱۰۷۸ھ (۱۶۶۷ء) مخطوطۂ رامپور۔

۲- تاریخ شاھیۂ نیشاپوریہ، تصنیف قاسم علی بن مرزا محمد ھمدانی، مصنفۂ ۱۲۵۴ھ (۱۸۳۸ء) مخطوطۂ رامپور۔

۳- تاریخ فرخ آباد، تصنیف سید محمد ولی اللہ بن سید احمد علی فرخ آبادی متوفی سنہ ۱۲۵۰ھ (۱۸۳۴ء) مخطوطۂ رامپور۔

۴- تاریخ محمدی، تصنیف میرزا محمد حارثی بدخشی دھلوی مخطوطۂ رامپور بخط مولف۔

۵- تاریخ مظفری، تصنیف محمد علی خان انصاری مصنفۂ سنہ ۱۲۱۲ھ (۱۷۹۷ء) تقریباً۔ مخطوطۂ رامپور۔

۶- تاریخ ھنری، تصنیف سید باقر علی خان بن شاہ کلیم اللہ بخاری دھلوی مخطوطۂ رامپور۔

۷- تحفۃ العالم، تصنیف میر عبداللطیف شوستری متوفی سنہ ۱۲۲۰ھ (۱۸۰۵ء)، مصنفۂ ۱۲۱۶ھ (۱۸۰۱ء) طبع حیدرآباد ۱۲۶۳ھ (۱۸۴۷ء)۔

۸- تذکرۂ خوشنویسان، تصنیف غلام محمد ھفت قلمی دھلوی راقم تخلص متوفی سنہ ۱۲۳۹ھ (۱۸۲۳ء) مطبوعۂ کلکتہ ۱۳۲۸ھ (۱۹۱۰ء)

۹۔تذکرۃ الکاتبین، تصنیف غلام محمد مذکور۔ مخطوطۂ رامپور۔ یہ تذکرۂ خوشنو یسان کا مسودہ ہے، اور چونکہ مطبوعہ نسخے سے کافی مختلف ہے، اس لیے میں نے اسے بھی پیش نظر رکھا ہے۔

۱۰۔تزک جہانگیری، تصنیف شہنشاہ جہانگیر متوفی سنہ ۱۰۳۷ھ (۱۶۲۷ء) مطبع سید احمد خان، علی گڑھ سنہ ۱۲۸۱ھ (۱۸۶۴ء)۔

۱۱۔تکملۃ الشعرا، تصنیف قدرت اللہ شوق رامپوری متوفی سنہ ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء) مصنفۂ ۱۱۹۲ھ و مکتوبۂ ۱۲۱۸ھ بخط حافظ غلام محمد رامپوری۔ مخطوطۂ رامپور۔

۱۲۔تنقیح الاخبار، تصنیف رای منولال فلسفی بریلوی متوفی سنہ ۱۲۴۸ھ (۱۸۳۲ء) نسخہ مولف۔ مخطوطۂ رامپور۔

۱۳۔جام جہان نما، تصنیف قدرت اللہ شوق رامپوری صاحب تکملۃ الشعرا۔ مصنفۂ ۱۱۹۹ھ (۱۷۸۵ء) مکتوبۂ ۱۲۷۰ھ (۱۸۵۳ء) بخط عبدالرحمن رامپوری۔ مخطوطۂ رامپور

۱۴۔جنات الفردوس، تصنیف میرزا محمد در سنہ ۱۱۲۶ھ (۱۷۱۴ء)، مع تتمہ از تجمل حسین مولفۂ ۱۲۴۴ھ (۱۸۲۸ء) مخطوطۂ رامپور۔

۱۵۔حدیقۃ الاقالیم، تصنیف اللہ یار عثمانی بلگرامی در سنہ ۱۱۹۵ھ، مطبع نولکشور ۱۲۶۶ھ (۱۸۵۰ء)۔

١٦۔حدیقة العالم، تصنیف میر ابو القاسم الموسوی مخاطب بہ میر عالم متوفی سنہ ١٢٢٣ھ (١٨٠٨ء) مطبع سنگی سراج الملك بہادر حیدرآباد (دکن) سنہ ١٢٦٦ھ (١٨٥٠ء)۔

١٧۔خزانۂ عامرہ، تصنیف میر غلام علی آزاد بلگرامی متوفی سنہ ١٢٠٠ھ (١٧٨٦ء) مصنفۂ ١١٧٦ھ (١٧٦٢ء) مطبع نولکشور کانپور ١٨٧١ء

١٨۔خلاصة التواریخ، تصنیف سجان رای بھنڈاری بٹالوی در سنہ ١١٠٧ھ (١٦٩٥ء) مطبع جی اینڈ سنس، دهلی سنہ ١٣٣٦ھ۔

١٩۔دیوان متین، تصنیف ملا عبدالرضا متین اصفہانی مخطوطۂ رامپور۔

٢٠۔ذکر میر، تصنیف میر محمد نقی میر اکبرآبادی متوفی سنہ ١٢٢٥ھ (١٨١٠ء) مطبع انجمن ترقیٔ اردو، اورنگ آباد سنہ ١٩٢٨ء۔

٢١۔روز روشن (تذکرہ) تصنیف مظفر حسین صبا گوپاموی در سنہ ١٢٩٦ھ (١٨٧٩ء) مطبع شاہ جہانی بھوپال سنہ ١٢٩٧ء۔

٢٢۔سرگزشت نواب نجیب الدولہ، تصنیف سید نورالدین حسین خان بہادر فخری، مطبوعۂ علی گڑھ۔

۲۳۔سفرنامۂ مخلص، تصنیف رای انندرام مخلص متوفی سنہ ۱۱۶۴ھ (۱۷۵۱ء) مصنفۂ ۱۱۵۸ھ (۱۷۴۵ء) تقریباً۔ مطبوعۂ ہندوستان پریس، رامپور ۱۹۴۶ء۔

۲۴۔سلاۃ الیر، تصنیف ابو القاسم بن محمد علی سمنانی۔ مکتوبہ سنہ ۱۲۷۴ھ (۱۸۵۷ء) مخطوطۂ رامپور۔

۲۵۔سیر المتاخرین، تصنیف نواب غلام حسین خان طباطبائی۔ مطبوعۂ میڈیکل پریس کلکتہ سنہ ۱۲۴۸ھ (۱۸۳۳ء)۔

۲۶۔شاہ عالم نامہ، تصنیف غلام علی خان خواص شاہ عالم ثانی۔ بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ ۱۹۱۴ء۔

۲۷۔عالمگیرنامہ، تصنیف منشی محمد کاظم قزوینی متوفی سنہ ۱۰۹۲ھ (۱۶۸۱ء)۔ مطبوعۂ کالج پریس کلکتہ سنہ ۱۸۶۸ء

۲۸۔عالمگیر نامہ، تصنیف میرزا محمد ساقی مخاطب بہ مستعد خان متوفی سنہ ۱۱۳۶ھ (۱۷۲۳ء) مصنفۂ ۱۱۲۰ھ (۱۷۰۸ء) مطبع الہی آگرہ سنہ ۱۸۷۳ء

۲۹۔عبرت نامہ، تصنیف خیر الدین محمد الہ آبادی در سنہ ۱۲۰۶ھ (۱۷۹۱ء) تقریباً۔ مخطوطۂ رامپور۔

۳۰۔عماد السعادہ، تصنیف سید غلام علی خان نقوی در سنہ ۱۲۲۳ھ (۱۸۰۸ء) مطبع نولکشور سنہ ۱۲۹۷ھ۔

۳۱- عمل صالح، تصنیف محمد صالح کنبو لاہوری، مطبوعۂ بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ سنہ ۱۹۲۳ء۔

۳۲- فرح بخش، تصنیف شیو پرشاد، مکتوبۂ ۱۲۳۵ھ (۱۸۱۹ء) بخط شب لال، مخطوطۂ رامپور۔

۳۳- فردوس اللغات، تصنیف عطاء اللہ عطائی بن میرزا محمد بن نادر نقشبندی بخاری، مخطوطۂ رامپور۔

۳۴- گل رحمت، تصنیف سعادت یار خان بن حافظ محمد یار خان بن حافظ رحمت خان بریلوی، مخطوطۂ رامپور۔

۳۵- گلزار ابراهیم (تذکرہ) تصنیف نواب امین الدولہ عزیز الملک علی ابراهیم خان بہادر نصیر جنگ متخلص بہ خلیل متوفی سنہ ۱۲۰۸ھ (۱۷۹۳ء)، مصنفۂ ۱۱۹۸ھ (۱۷۸۴ء)، مخطوطۂ رامپور۔

۳۶- گلستان رحمت، تصنیف محمد مستجاب خان بن حافظ رحمت خان بریلوی مخطوطۂ رامپور۔

۳۷- گلشن بیخار (تذکرہ) تصنیف نواب مصطفی خان شیفتہ متوفی سنہ ۱۲۸۶ھ (۱۸۶۹ء)، مطبع دهلی اخبار دهلی سنہ ۱۲۵۳ھ (۱۸۳۷ء)۔

۳۸- گلشن سخن، تصنیف میرزا کاظم مخاطب بہ مردان علی خان مبتلا تخلص غازی پوری، مصنفۂ ۱۱۹۵ھ (۱۷۸۱ء)، مخطوطۂ رامپور۔

۳۹۔لب السیر، تصنیف ابو طالب بن محمد التبریزی متوفی ۱۲۲۰ھ (۱۸۰۵ء) مصنفۂ ۱۲۰۸ھ (۱۷۹۳ء) و مکتوبۂ سنہ ۱۲۱۰ھ (۱۷۹۵ء) بخط دیوان شیام آنند و دیوان سدا نند۔ مخطوطۂ رامپور۔

۴۰۔مجمع الملوک، تصنیف محمد رضا بن ابو القاسم در سنہ ۱۲۵۰ھ (۱۸۳۴ء) مجلد سوم، نسخۂ مولف، مخطوطۂ رامپور۔

۴۱۔مجموعۂ نغز، (تذکرہ) تصنیف حکیم سید ابو القاسم عرف میر قدرت اللہ قادری دھلوی متوفی سنہ ۱۲۴۶ھ (۱۸۳۰ء) مصنفۂ سنہ ۱۲۲۱ھ (۱۸۰۶ء) کریمی پریس لاھور سنہ ۱۹۳۳ء۔

۴۲۔مرآت آفتاب نما، تصنیف عبدالرحمن ھاشمی مخاطب بہ شاھنواز خان متوفی سنہ ۱۲۲۲ھ (۱۸۰۷ء) مصنفۂ سنہ ۱۲۱۸ھ (۱۸۰۳ء) و مکتوبۂ سنہ ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ء) بخط موھن لال کایتھہ مخطوطۂ رامپور۔

۴۳۔مرآۃ الاحوال جہان نما، تصنیف شیخ احمد بن محمد علی بن محمد باقر اصفہانی، بخط سوازش علی الحسینی۔ مخطوطۂ رامپور۔

۴۴۔مرآت جہان نما، تصنیف شیخ محمد بقا سہارنپوری متوفی سنہ ۱۰۹۴ھ (۱۶۸۳ء) مخطوطۂ رامپور۔

۴۵۔مفتاح التواریخ، تصنیف تھامس ولیم بیل، مطبع نولکشور کانپور سنہ ۱۲۸۴ھ۔

۴۶-مقالات الشعرا (تذکرہ) تصنیف قسام الدین حیرت اکبرآبادی، مصنفۂ سنہ ۱۱۷۳ھ (۱۷۵۹ء) و مکتوبۂ سنہ ۱۲۲۸ھ (۱۸۱۳ء) بخط امام الدین، مخطوطۂ رامپور۔

۴۷- ملخص التواریخ، تصنیف فرزند علی الحسینی مونگیری۔ مطبع کمیٹی مدارس کلکتہ سنہ ۱۲۴۳ھ (۱۸۲۷ء)۔

۴۸-منتخب اللباب، تصنیف خافی خان نظام الملکی، کالج پریس کلکتہ، سنہ ۱۸۶۹ء۔

۴۹-نشتر عشق (تذکرہ) تصنیف حسین قلی خان عاشقی عظیم‌آبادی متوفی سنہ ۱۲۵۵ھ (۱۸۳۹ء) مصنفۂ ۱۲۳۳ھ (۱۸۱۸ء) نسخۂ مولف، مکتوبۂ ۱۲۳۶ھ (۱۸۲۱ء) بخط مخدوم بخش مروت بلند شہری۔ مخطوطۂ رامپور۔

۵۰-واقعات اظفری، تصنیف محمد ظہیرالدین میرزا عالی بخت اظفری مصنفۂ سنہ ۱۲۲۱ھ (۱۸۰۶ء) و مکتوبۂ ۱۳۳۶ھ (۱۹۱۸ء) بخط محمد یحیی مخطوطۂ رامپور

۳-اردو

۱-آثار الصنادید، تصنیف سرسید احمد خان دہلوی متوفی سنہ ۱۳۱۵ھ (۱۸۹۸ء) مصنفۂ سنہ ۱۲۶۲ھ (۱۸۴۵ء) مطبع سیدالاخبار دہلی سنہ ۱۲۶۳ھ (۱۸۴۷ء)۔

۲۔اخبار الصنادید، تصنیف نجم الغنی خان رامپوری متوفی سنہ ۱۹۳۲ء، مطبع نولکشور لکھنو سنہ ۱۹۱۸ء۔

۳۔انتخاب یادگار (تذکرہ) تصنیف منشی امیر احمد امیر مینائی متوفی سنہ ۱۳۱۸ھ (۱۹۰۰ء) مصنفۂ سنہ ۱۲۹۰ھ (۱۸۷۳ء) تاج المطابع رامپور سنہ ۱۲۹۷ھ (۱۸۸۰ء)۔

۴۔تاریخ اودھ، تصنیف نجم الغنی خان رامپوری، مطبع نولکشور لکھنو سنہ ۱۹۱۹ء۔

۵۔تاریخ پٹیالہ، تصنیف خلیفہ سید محمد حسن وزیر اعظم پٹیالہ، مصنفۂ ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ء) مطبوعۂ سفیر ہند پریس امرتسر سنہ ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ء)۔

۶۔تاریخ جھجر، تصنیف منشی غلام نبی میرٹھی، مصنفۂ ۱۲۸۲ھ (۱۸۶۵ء) مطبع فیض احمدی سنہ ۱۲۸۳ھ (۱۸۶۶ء)۔

۷۔تاریخ فرخ آباد (ترجمہ) تصنیف ولیم آرون کلکٹر و مجسٹریٹ فرخ آباد۔ مطبع حسنی فتح گڈھ سنہ ۱۳۰۴ھ (۱۸۸۷ھ)۔

۸۔تاریخ ہندوستان، تصنیف مولوی ذکاء اللہ دہلوی، مطبع مرتضوی دہلی سنہ ۸۰-۱۸۷۸ء۔

۹۔تواریخ اودھ، تصنیف سید کمال الدین حیدر مشہدی معروف بہ سید محمد میرزا اثر، مصنفۂ ۱۲۹۶ھ (۱۸۷۸ء) مطبع نولکشور لکھنو سنہ ۱۸۷۹ء۔

۱۰-تواریخ عجیبه (تذکرۂ صوفیا) تصنیف سید نثار علی بن قاری سید منیر علی قادری رامپوری متوفی سنہ ۱۳۲۰ھ (۱۹۰۲ء) مصنفۂ سنہ ۱۳۰۷ھ (۱۸۹۰ء) و مکتوبۂ ۱۳۳۳ھ (۱۹۱۵ء) مخطوطۂ رامپور۔

۱۱-جنگ نامۂ دوجوڑا، تصنیف خلیفہ محمد معظم عباسی رامپوری، مصنفۂ بعد سنہ ۱۲۰۹ھ (۱۷۹۴ء) و مکتوبہ سنہ ۱۹۰۴ء بخط عبدالحکیم خان رامپوری۔ مخطوطۂ رامپور۔

۱۲-خم خانۂ جاوید، تصنیف لالہ سریرام دہلوی متوفی سنہ ۱۹۳۰ء۔

۱۳-طبقات شعرای ہند، تصنیف مولوی کریم الدین پانی پتی، مصنفۂ سنہ ۱۸۴۷ء۔ منقولہ از نسخۂ مطبوعۂ ۱۸۴۸ء بخط ولایت حسین خان اثر رامپوری بفرمایش حقیر عرشی۔ مخطوطۂ رامپور۔

۱۴-فتوحات ہند، تصنیف عنایت حسین بلگرامی در سنہ ۱۲۸۷ھ (۱۸۷۰ء) مطبع نظامی کانپور سنہ ۱۲۹۲ھ (۱۸۷۵ء)۔

۱۵-فرہنگ آصفیہ (جلد چہارم) تصنیف مولوی سید احمد دہلوی متوفی سنہ ۱۹۱۸ء مطبوعۂ رفاہ عام اسٹیم پریس لاہور ۱۳۱۸ھ (۱۹۰۱ء)۔

۱۶-کار نامۂ راجپوتان، تصنیف نجم الغنی خان رامپوری پنجابی گزٹ پریس دہلی سنہ ۱۹۲۳ء۔

۱۷۔گل رعنا (تذکرہ) تصنیف حکیم سید عبدالحی متوفی سنہ ۱۳۴۱ھ (۱۹۲۳ء)، مطبع معارف اعظم گڑھ سنہ ۱۹۰۳ء

۱۸۔مادھوجی سیندھیا، تصنیف ایچ ۔ جی ۔ کین، سی آئی ای، ایم اے، و ترجمۂ حکیم سید عبدالسلام، ایم اے، مطبع جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد سنہ ۱۳۴۱ھ (۱۹۲۳ء)

۱۹۔منتخب التواریخ، تصنیف حکیم جواہر لال اکبرآبادی مطبع نولکشور لکھنو سنہ ۱۸۶۰ء

۲۰۔نادرات شاہی (دیباچہ)، مرتبۂ عرشی بسلسلۂ مطبوعات کتاب خانۂ ریاست رامپور، نمبر ۵، مطبوعۂ ہندوستان پریس رامپور ۱۹۴۴ء۔

۲۱ نور اللغات (جلد چہارم) تصنیف نورالحسن کاکوروی بی اے، اشاعت العلوم پریس لکھنو سنہ ۱۹۳۱ء۔

۲۲۔واقعات دارالحکومۃ دہلی، تصنیف بشیرالدین احمد دہلوی در سنہ ۱۳۳۸ھ (۱۹۲۰ء) طبع دہلی سنہ ۱۳۹۲ھ (۱۹۴۴ء)۔

۴۔ انگریزی

(1) Beal's Oriental Biographical Dictionary. London. 1894.

(2) Buckland's Dictionary of Indian Biographies. London. 1906.

(3) Codrington's Manual of Musalman Numismatics. London 1904.

(4) Duff's History of Marhattas. Bombay 1878.

(5) Elliot's History of India. London 1867.

(6) Francklin's History of the Reign of Shah Alam London 1798.

(7) Marhatta Empire (Notes related to Transactions in the) London. 1804

(8) Polier's Shah Alam, II, & His Court. Calcutta. 1947.

(9) Srivastava's Shuja-ud-Daula. Calcutta. 1939.

(10) Thorn's Memoirs of the War in India. London 1818.

کشور پریم کشور
۱۲۰۱

وقایع عالمشاهی یکشنبه ششم شهر جمادی الاول سنه ۱۲۰۶
یکهزار و دو صد و شش هجری هنگام دو پاس روز بر آمده بسواری کشتی
بروی گنگا بسفر مرشدآباد بنگالا از مسوده با هر چند کشور دام اقباله و قدره که
درین مشقت سفر کمر رفاقت من بسته و فرزند مهتر من ست و
از یوم سیوم این ماه پنجشنبه از بلده

عظیم آباد پٹنہ مفارقت برادران و والده و زنش، حفظهم الله تعالی، اختیار کرده، مقابل شد و از غلطی بر آمد۔ کتبه پریم کشور فراقی۔ فقط

رب یسر وتمم بالخیر

یافتاح

حمد وثنا پادشاهی را سزا که سلطنت او نهن بوجود اوست وشاهان روی زمین و خداوندان چتر ونگین را افتخار به فضل او. خداوندی که باوجود انقلاب روزگار که در هر ساعتی شعبدهٔ تازه یی انگیزد، برگزیده های خود را محافظت می نماید. و رحیمی که در مصائب[1] انواع انواع که از گردش زمانهٔ ناهنجار هویدا می شود، عزیزکردهای خود را نگاه می دارد، عجب نیست که جمعیت ظاهر و باطن این هرزه درای را عطا فرماید، تا از قیل و قال بیهوده بار مانده به منهیات[2] نگراید.

و درود وتحیات[3] وسلام زاکیات بران سرور که در شان او «لولاك لما خلقت الافلاك» نازل شده، وصلوات بیغایات و نیاز بی نهایات بر ابن عم و وصی اعظم او که مظهر العجائب وا سد الله الغالب و صاحب ذو الفقار و قسیم الجنة والنار است. صلوات[4] الله علیهما وعلی آله اجمعین!

۱- اصل: مصاعب

۲- اصل بتشدید یای تحتانی و ضم میم با های هوز

۳- اصل: تهیات.

۴ اصل: صلواة

فقیر فراق واضح میگرداند، از اتفاقات در حینی که پادشاه زمان بدرخواست افراسیاب خان سپه سالار هندوستان از دار الخلافهٔ شاهجهان آباد دهلی بمستقر الخلافهٔ اکبرآباد نهضت رایات عالیات نمود، و مخیم سرادق اجلال تلپت، که از تعلقهٔ حصار دار الخلافه است، بود، از اتفاقات بنده بعسکر اقبال وارد شد - می خواست که انموذجی از کیفیت این سفر برطرازد چون محرک این سلسله کسی نبود، لهذا در تعویق میداشت و دیده و دانسته نمی نگاشت - بعد انقضای مادی چند تحریر روز نامچهٔ شاهی واجب افتاد، ظاهر است که کتاب را آغازی می باشد، و تسطیر این وقائع از دوازدهم محرم الحرام سنهٔ یکهزار و یک صد و نود و نه صورت گرفت، لازم گردید که بسبیل اجمال یا بطریق تفصیل احوال تخت نشینیء خلیفهٔ روزگار مثبت شود، بنابر رسم ایما و اشاره بنوشتن آن کمر بست - صیت فرهمایون و شکوه سایهٔ بیچون بر جمیع خاص و عام اظهر است و احتیاج مزیدی نه؛ لهذا موافق طبائع مردم روزگار که بطبیعت (؟) مرغوب است. در خور وقت راست براست صورت تسطیر پذیرفته، به وقائع عالم شاهی موسوم گشت مشتمل بر دو دفتر:

دفتر اول از ابتدای میل بچشم کشیدن احمد شاه بادشاه تا یازدهم محرم الحرام سال هزار و صد و نودونه هجری.

دفتر دویم از اثنا عشر[۱] ماه مذکور بر سبیل تفصیل وقائع عالمشاهی تا یازدهم ربیع الاول سال مسطور

۱- اصل: اثنی عشر

دفتر اول

ابتدای احوال فرخنده اشتمال ولادت با سعادت و ایام شاهزادگی خلیفهٔ روزگار سایهٔ کردگار، بادشاه بن بادشاه، شاه عالم بهادر بادشاه غازی، خلد الله ملکه و سلطنته، بن عزیزالدین عالمگیر ثانی عرش منزل، بن ابوالفتح محمد معزالدین جهاندار شاه، بن ابو النصر قطب الدین محمد شاه عالم بهادر بادشاه غازی خلد منزل، بن ابوالمظفر محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر بادشاه غازی خلد مکان، تا ایام تشریف فرمائی دارالخلافهٔ شاهجهان آباد از ممالک شرقی بدرخواست سرداران جنوب، که دران اوقات بر مملکت هند دست تصرف داشتند، مفصل و مجمل حوالهٔ شاه نامه نویس، که صرف عمر در تحریر آن نموده، می کند، وآنچه ضروری دانست، می نویسد

که چون عمادالملک فیروزجنگ غازی الدین خان، نبیرهٔ آصف جاه که احمد شاه پسر فردوس آرامگاه محمد شاه را دستگیر کرده میل بچشم کشید، و والد حضرت پادشاه زمانه را بیستم شعبان سنه ۱۱۶۷ هزار و یکصد و شصت و هفت بر تخت نشانده کوس وزیراعظمی می نواخت، و از بندگان حضرت، که کوکب اقبال در تا بندگی می نمود،

محترز می بود و میخواست که اسیر کند، و لیکن اتفاق
نمی یافت، آخرش بحویلیء علی مردان خان که برلب جون
واقع و دران اوقات نزول حضرت دران جا بود،
سپاه خود را فرستاده محاصرهٔ آن کرد و بنای جنگ توپ
و تفنگ نهاد- چنانچه حضرت که دران زمانه به عالی گهر
ملقب بودند، باستقلال تمام تا سه چهار روز جنگیدند-
آخرش با ایتهل راو مرهته سازی کرده، و شمشیر زنی نموده،
ازطرف مورچهٔ او برآمده و از متصل ٹیلهٔ مجنون
سربصحرا زدند- بعد آوارگیء بسیار و دشت پیمائی بدیارهشرق
پیوستند- و عمادالملك بعد آواره کردن حضرت در کوٹله
فیروزشاه هشتم ربیع الثانی سنه ۱۱۷۱ الف و مائة و سبعین
واحد عالمگیر پادشاه راشهید کرده، همان روز شاه جهان
ثانی را بر اورنگ خلافت نشانید- چنانچه او یازده ماه
کامرانی کرد وبیست ونهم شهر صفر سال هزار و یك صد
و هفتاد و دو مقید شد-

آمدم برسر تحریر وقائع مبارك- چون ماجرای
شهادت عالمگیر بادشاه بمسامع اجلال رسید، در دیار شرق
بر سریر عرش نظیر نشستند، و سکه و خطبه بنام خود کرده
ارشاد کردند که بندگان حضرت را از امروز «ابوالنصر حامی
الدین محمد شاه عالم» گفته باشند، و والد بزرگ را در
نگارش و تکلم حضرت عرش منزل آرند، وسال احد جلوس
مبارك از غرهٔ ربیع الثانی سنهٔ الف و مائة و سبعین وثلث

بشمارند، وایام سلطنت شاهجهان را که ایام جهلت بوده، محسوب در سنهٔ احد مبارك نمایند. چنانچه بعمل آمد، و بر اشرفی و روپیه و مرادی این بیت مسکوك شد. بیت

سکه زد بر هفت کشور سایهٔ فضل آله
حامی دین محمد شاه عالم بادشاه

آنچه کار نامها و صعوبت و کعوبت اسفار در ایام شاهزادگی و خلافت در دیار شرقی وغیره کردند و برداشتند، تکلف بر طرف که هیچ یکی سلاطین را نصیب نه شد. بیان آن را دفتری باید. لهذا ازان وادی اشهب خامه را باز داشته، بنوید تشریف فرمائی در دار الخلافهٔ شاهجهان آباد گل افشانی می کند که در سنهٔ هزار و یك صد و هشتاد و چهار هجری راجچندر گنپش و بیساجی و تکوجی هلکر و مادهو راو سیندهیه، سرداران جنوب با فوج سنگین از دکن آمده و جنگ نول سنگهه جاٹ زده بدار الخلافه رسیده، شرف آستان بوس مرشدزادهٔ ولی عهد، صاحب عالم میرزا جوان بخت جهاندار شاه بهادر حاصل کردند[1]. چون دران آیام امیر الامرا نجیب الدوله وفات یافته بود، و در تمامیء هندوستان کسی سد آنها نمی توانست شد، عبور دریای گنگ کرده قریب به فرخ آباد رسیدند و بادشاه را طلبیدند. حضرت بدولت، باوجودیکه وزیر الممالك شجاع الدوله و سرداران فرنگ راضی نبودند، از آله آباد کوچ فرموده کرم و کیرا خود را به فرخ آباد

۱ـــ اصل: کرده

رسانده‌اند. و با سران دکن ملحق گشتند. اقبال سلطانی کار
کرد که همدران ایام احمدخان بنگش ازین جهان فانی
بگذشت. از پسرش که مخاطب به مظفر جنگ است، چیزی
بطریق ضبطی گرفته، از فرخ‌آباد بعد تاخت و تاراج سکرتال
و پتهرگڈھ که مقر و مامن ضابطه خان پسر نجیب الدوله
بود. معه سرداران جنوبی کوچ کوچ بنواح دار الخلافه
رسیده، بیست و نهم رمضان المبارك سنهٔ الف و مائة و
ثمانین وخمس سایهٔ بلند پایه بر سکان دار الخلافه افگندند.
و بشاهزادهٔ ولیعهد و دیگر شاهزاده ها و سائر بیگمات که به
تعب هجران شهنشاه زمان گرفتار بودند، جمال جهان آرا
نموده لذت حیات بخشیدند. و بدار الخلافه و جمیع مردم از
سرنو به برکت تشریف شریف شرف حاصل شد. چنانچه
نرسنگداس خوشدل گفته:

بر سر اهل شاه‌جهان آباد ظل گسترد ظل سبحانی [۱]
روز تشریف‌بیست ونه رمضان سال تاریخ «عید رمضانی»
۱۱۸۵

همدران ایام سیف الدین محمد خان و حسام الدوله بحضور
اقتدار کمال داشتند. از گردش روزگار قرعهٔ مراد حسام الدوله
راست افتاد و کارش ازهمه بالا گرفت، بحدیکه بر منزلتش
همگنان رشك می بردند و او مقرب پادشاه بود. میرزا

۱ــ اصل میں اسی طرح ہے، لیکن میرے نزدیك یوں ہونا چاہیے:
بر سر اهل شه‌جهان آباد سایه گسترد ظل سبحانی

نجف خان بهادر بخشی الملك را از اتفاقات به حسام الدوله نقیضی پیدا شد. از انجا که بنا بر کمال تهوری و دلاوریٔ میرزای معزی الیه [1]، حسام الدوله مقابله نمی توانست کرد، باسرداران مرهٹه درستیها ساخته و ورغلانده کار بحدی رساند که با میرزای مذکور و آنها کار بجدال کشید. چنانچه در میدان قلعهٔ کهنه، با آنکه جنوبیان مور و ملخ بودند و میرزا مردم قلیل داشت، جنگ صف کرد و بجان کوشید وشمشیرهای نمایان زده داد دلاوری داد. چون بخت مساعدت نکرد، هزیمت خورده در حویلیٔ اسمیل بیگ چیلهٔ صفدر جنگ مرحوم خود را رسانده مورچال قائم کرد. سرداران مرهٹه که جرات و شجاعت میرزا را دیده انگشت تحیر می گزیدند، نتوانستند که بر حویلیٔ مذکور بریزند. آخر کار بصلح کشید، وباهم ملاقاتها کرده، میرزا را نوکر خود داشته و از بادشاه جدا کرده، بملك تصرف نجیب الدولهٔ مغفور از دار الخلافه با خود بردند، و کار به ضابطه خان پسر نجیب الدوله تنگ کردند. چون دران جنگ از میرزا دلاوریها دیدند، بسیار پسندیدند، و وقتی که بجنوب رفتند، از جانب خود بحضور بادشاه عالم گزاشتند که کامران باشد.

بعد رفتن مرهٹه‌ها حسام الدوله را میرزا باستصواب جهان پناه اسیر ساخت، و روز بروز کوکب اقبال میرز

۱ــ اصل: میرزا معزالیه

درخشان میشد. چنانچه با قبال قبلهٔ عالم وتهمتنیء خود فتوحات نمایان کرده، قلعهٔ اکبرآباد را از تصرف کفار نکبت شعار، یعنی جاٹان شقاوت آثار گرفت و بقلعهٔ دهولپور که برلب چنبل واقع است. نیز عمل و دخل خود نموده، همگی ممالك که درحیطهٔ تصرف جاٹان بود، بقبضهٔ خود آورد وحصار مهندرپور ڈیگه[1] هم در سال هزار و صد ونود مطابق سنهٔ هفدهم جلوس مبارك که دارالراج جاٹان بود، فتح کرد، وقلعهٔ کمبهیر را نیز ازانها گرفته، بعد گرفتن توپخانه آنها بخشید. وسپاه بیکران فراهم آورده وبحضور حاضر شده، همرکاب قبلهٔ عالم لیماق بر ضابطه خان نمود. و غوث گڈه را فتح ساخت و خطاب امیرالامرائی یافت. تاریخ فتح و جنگ که در قصیدهٔ رای پریم ناتهه آرام گفته، درینجا نوشتن مناسب دانست ابیات:

غوث گڈه بی جنگ در یکدم چنان مفتوح شد
کز دهان جمله محصوران صدائی بر نخاست
از پیٔ تاریخ سال فتح، هاتف زد رقم
«ماه شعبان فتح گردید» و سر دشمن بکاست
(۱۱۹۵ — ۴ = ۱۱۹۱ھ)

القصه چون پیمانهٔ عمرش لبریز شد، چند ماه صاحب فراش بوده در زیر قدوم مبارك باجل طبیعی در سنهٔ هزار

۱ــ اصل: دیکه

و صد و نود وشش از جهان گذشت و جان شیرین بآفریدگار سپرد. و تاریخش کاتب الحروف چنان یافته. قطعه:

از جود و لطف، عالم پرورده میر امرا
زین خاکدان فانی در روضهٔ شرف رفت
آن ذوالفقار دوله وان رستم زمانه
هنگام صبح شنبه زین سو بآن طرف رفت
در مه ربیع آخر اثنای عشره ثالث
تیر دعای اعدا ناگاه بر هدف رفت
از جسم پاک روحش چون رفت، فکر کردم
سالش بگفت هاتف: «میر نجف رفت»
۱۱۹۶

و تتمهٔ کوائف کوچ معلی که بصوابدید مجدالدوله که بدیوانیٔ خالصه و خلعت مختار السلطنتی دران وقت مخلع بود، بملک راجهٔ جےپور شد. و بعد تشریف فرمائیء حضرت، مجدالدوله با امیرالامرا راه نفاق پیش گرفته، درانچه کار سلطنت ضعیف شود، (سعی)[1] میکرد، و قریب شصت هزار سوار و پیاده بهم رسانده، و میرزا فرخنده بخت را که نجیب الطرفین و خلف الرشید قبلهٔ عالم بود، همراه خود گرفته، بملک سکهان شقاوت بنیان رفته، و قریب به بٹاله رسیده

۱- اصل میں یہ لفظ یا اس کا مترادف سہوا چھوٹ گیا ہے' ورنہ جملہ پورا نہیں ہوتا۔

از افواج سکھان، بی ظهور جنگ، شکست فاحش خورده در حضور معلی آمد۔ و از اکبرآباد امیرالامرا هم رسیده آستان بوس شد۔ چون از دست موی الیه سینه کباب بود، باجازت پادشاه ویرا دستگیر ساخت که ازین ابیات معلوم می شود۔ لمولفه:

ششم ماه ذیقعده در روز ماه
بدار الخلافه میان سپاه
بتاریخ الف و نود سه و صد[۱]
بشد بند با قطب، عبدالاحد

و خیره سریهای او از شاه نامهٔ همایون معلوم خواهدشد فقیر نوشتن مناسب ندانسته، از انچه ناگزیر است می نگارد که چون امیرالامرا از جهان گذشت، روزگار حیله ها نمود۔ تشریحش آن که او را پسری نبود، و چند کس که هریکی صاحب فوج و حشم بودند، بیادگارش ماندند۔ اولاً اشرف الدوله افراسیاب خان بهادر ثابت جنگ چیلهٔ او که ویرا فرزند میگفتی و علی گڈه و ملك آنرویهٔ دریای جمن، باو داده بود، و دم آخر بقبضهٔ عالم بسپرد و زمان و دیعت حیاتش برباالین او بود۔ دویم بخشی الملك سیف الدوله نجف قلی خان چیلهٔ برادرش که ملك راجپوتیه باو تفویض بود، و دران زمان باسپاه خود بقلعهٔ کانوند بود،

۱- اصل میں عبارت کے اوپر اعداد ۱۱۹۳ بھی لکھے ہیں۔

و بعد گذشتن امیر الامرا خود را پادشاه قبلی نام کرد۔ سیوم میرزا محمد شفیع خان بهادر که با وجود نسبت همشیره زادگیء امیر الامرا، دختر امیر الامرا باو منسوب بود و مملکت پانی پت وغیره باو تعلق داشت۔ چهارم افتخار الدوله محمد بیگ خان همدانی که دهولپور با تمامی مملکت تعلقهٔ آن تا نواح مستقر الخلافه بوی داده بود، و در ایام سابقه بخدمت داروغگیء دیوانخانهٔ امیر الامرا افتخار داشتی و زمان انتقال امیر الامرا در ضلع اکبرآباد بود و باد فتنه ها که بعد رحلت امیر الامرا برخاست، بآب شمشیر فرو نشاند۔

حاصل کلام بعد فوت ذوالفقار الدوله امیر الامرا در حال قبلهٔ عالم جهت استمالهٔ ورثای آن مغفور شاهزادهٔ ولیعهد را فرستادند و مرشدزاده بتسلی خاطر آنها پرداخته تا مسجد جهان نما آمده و نماز جنازه خوانده بحضور رسید، و افراسیاب خان وغیره میت را به شاه مردان رسانیدند۔ من بعد بموجب وصیت و درخواست همشیرهٔ ذوالفقار الدوله ظل سبحانی افراسیاب خان را نائب مناب او کردند، و قامتش بخلعت امیر الامرائی برافراختند، و از روی تفضلات خاقانی ضبطی خانهٔ امیر الامرا هم نکردند۔ ظاهر آنست که در ضبط کردن فسادها میشد۔ رای جهان آرای درین حکمت نمود وطمع به سنگ پاره و حیوانی چند که مراد از جواهر واسپ و فیل باشد، ننمودند۔

۱۲ فروری ۱۷۹۴ء (۱۲۰۸ھ) کو ونولی ، پونا ، میں مرگیا ملاحظہ ہو : ڈف : ۱، ٦۰۱ ، و ۲، ٦۰۲، ۲ ، نیز مفصل حالات کے لئے انڈکس - بیل : ۲۲۹ ، مرہٹہ ایمپائر : ۴ حاشیہ - کین کی کتاب «مادھوجی سیندھیا ، پٹیل ، ترجمۂ اردو ، مطبوعۂ دارالترجمہ ، حیدرآباد - تاریخ جھجر : ۱۲۳ -

ڈف مین غلطی سے ۱۷۰۴ء سال مرگ چھپ گیا ہے اور بیل نے سہواً جنوری کا مہینا لکھ دیا ہے ۔

ص ٦ سطر ۱۳ ۔ «فوج سنگین» ۔ تنقیح : ۲‘۱۱۰۰ میں اس کی تعداد ایک لاکھ سوار بتائی ہے اور عماد : ۱۰۴‘ مین ۸۰ ہزار سوار ہے ۔

حدیقہ : ٦٢٢ سے پتا چلتا ہے کہ رام چندر گنیش کے ساتھ ۵۰ ہزار سوار اور ٦ سو توپیں تھیں ۔ سرگزشت نجیب الدولہ : ٦٧ میں لکھا ہے کہ «۴۰ ہزار سوار و توپ خانہ و افسر و سر انجام سنگین» رام چندر کے ساتھ اور ۲۵ ہزار سوار اور بے شمار پنڈارے تکوجی ہلکر کے ساتھ اور ۱۰ ہزار سوار مادھوجی پٹیل کے ہمراہ تھے ۔

ان تعدادوں کو پیش نظر رکھیے ‘ تو عماد اور تنقیح دونوں کی بات قریب قریب صحیح معلوم ہوتی ہے ‘ بالخصوص اس لیے کہ بیساجی کے ساتھیوں کی واقعی گنتی کا ہمیں پتا نہیں چل سکا ہے ۔

ص ٦ سطر ۱۴ ۔ «نول سنگھ جاٹ» ۔ یہ راجہ سورج مل کا بیٹا تھا ۔ محرم ۱۱۸۲ھ (مئی ۱۷٦۹ء) میں بھرتپور کی گدی پر بیٹھا ‘ اور رفتہ رفتہ ایک کرور ۵۴ لاکھ روپے کے محاصل کے علاقے پر قابض ہوگیا ۔ تنقیح ۲‘۱۳۲ میں لکھا ہے کہ امیر الامرا نواب نجف خان ڈیگ کا محاصرہ کیے ہوئے تھا کہ ۱۴ جمادی الثانیہ ۱۱۸۹ھ (۱۳ جولائی ۱۷۷۵ء) کو قدرے لمبی بیماری اٹھا کر مرگیا ۔ تاریخ محمدی میں اس مہینے کی ۱۲ کو موت لکھی ہے ‘ جو غالباً کتابت کی غلطی ہے ۔ لیکن بیل نے مفتاح : ۳۰۵ میں ۱۱۹۰ھ اور انگریزی کتاب : ۲۹۹ میں ۱۷۷٦ء کو سال انتقال قرار دے کر دھوکا کھایا ہے ۔

نیز ملاحظہ ہو : عماد : ۵٦ ۔ تھارن کی وار ان انڈیا : ۴۰۳‘ الیٹ : ۸‘۳٦۰ ۔

ص ٦ سطر ۱٦ ۔ «جہاندار شاہ» ۔ اس کے حالات کے لیے ملاحظہ ہو نادرات شاہی کا دیباچہ : ۵۰-۵۲‘ جو کتاب خانۂ رامپور سے ۱۹۴۴ء میں شائع ہو چکی ہے ۔

جہاندار شاہ اور آصف الدولہ کے تعلقات پر عمادالسعادہ : ۴٦ سے خاصی روشنی پڑتی ہے ۔ یہاں صرف اتنا اشارہ کافی ہوگا کہ ان دونوں کی شکر رنجی کا سبب ایک عورت کی ذات تھی ۔

ص ٦ سطر ۷ ۔ «نجیب الدولہ» ۔ اٹھارہویں صدی عیسوی کے ہندوستان میں نجیب الدولہ غیر معمولی شخصیت اور بیحد اہم قابلیتوں کا حامل تھا ۔ وہ ایک طرف جرات اور بہادری کا پتلا اور جنگی چالوں میں اپنے حریفوں سے پیش پیش ہے، اور دوسری طرف پڑھا لکھا نہ ہونے کے باوجود سیاسی توڑ جوڑ میں اپنی نظیر نہیں رکھتا، اور ہر موقع پر مد مقابل کو نیچا دکھا کے رہتا ہے ۔ ان صفات کے ساتھ اس کی دوستوں کے ساتھ ہمدردی اور آقا کے حضور میں وفاداری سونے پر سہاگے کا کام دیتی ہے ۔ یہ اسی کا کام تھا کہ مرتے دم تک مغلیہ سلطنت کو اغیار کے پنجے سے بچایا، اور مرہٹوں اور سکھوں کے مسلسل دباو کے تمام نقصان اٹھا کر بھی تخت سے بیوفائی نہ کی ۔

نجیب الدولہ کا نام نجیب خان اور قوم عمر خیل یوسف زی ہے بشارت خان کے بھتیجے اور داماد تھے، جنھوں نے قصبۂ بلاسپور (ضلع ریاست رامپور) کے پاس «بشارت نگر» نام کی ایک بستی بسائی تھی ۔

یہ روھیل کھنڈ آ کر پہلے نواب سید علی محمد خان بہادر کی فوج میں سوار بھرتی ہوئے ۔ ایک سال کے اندر جمعدار بنے، اور نواب صفدر جنگ نے مرہٹوں سے مل کر روھیلوں پر حملہ کیا، تو اس معرکے میں بہادری اور سپاہیانہ تدبر دکھا کر ایک ہزار سواروں کے رسالدار مقرر کیے گئے

پہلی بیوی کے انتقال پر نواب دوندے خان کی صاحبزادی سے ان کی شادی ہوئی، تو چاندپور، شیرکوٹ اور بجنور وغیرہ کا علاقہ دوندے خان کی سفارش پر اور جلال آباد اپنی طرف سے نواب صاحب نے عطا کیا ۔ سنہ ۱۱٦۷ھ (۱۷۵۴ء) میں عمادالملک اور صفدر جنگ میں کشمکش ہوئی، تو عمادالملک کی طلب پر ۸ ہزار سپاہیوں کے ساتھ شاہی فوج میں شرکت کی، اور ۵ ہزاری منصب کے ساتھ نجیب الدولہ

خطاب پایا - دوران جنگ میں کارهای نمایاں انجام دینے کے صلے میں سہارنپور کی فوجداری بھی مرحمت کی گئی -

سنہ ۱۱۷۰ھ (۱۷۵۷ء) میں احمدشاہ ابدالی ہندوستان آیا، تو عمادالملك کے پنجۂ استبداد سے عالمگیر ثانی کو نجات دے کر نجیب الدولہ کو امیرالامرا میر بخشی مقرر کر گیا-

احمدشاہ کے ہندوستان سے رخصت ہو جانے کے بعد عمادالملك نے بادشاہ سے پھر ساز باز کیا اور نجیب الدولہ ناچار ہو کر سہارنپور چلے گئے - عمادالملك نے ان کی جگہ نواب احمدخان بنگش کو میر بخشی کا عہدہ دلایا، اور مرهٹوں کو اکسا کر نجیب الدولہ کو تنگ کرنا شروع کردیا - یہ باتدبیر سپاهی برابر مقابلہ کرتا رها، اور کبھی کسی میدان میں اپنے حریف کو پیٹھ نہیں دکھائی -

سنہ ۱۱۷۳ھ (۱۷۵۹ء) میں عمادالملك نے عالمگیر ثانی کو قتل کرکے شاہ جہان ثانی کو تخت نشین کیا، تو شاہ عالم نے اس اقدام کو ناجائز قرار دے کر بہار میں اپنی شاهی کا اعلان کردیا، اور نجیب الدولہ کو شاهزادہ جوان بخت کے امور کی مختاری کا خلعت روانہ کیا - انہوں نے احمدشاہ ابدالی کو بڑی تدبیریں کر کے پھر ہندوستان بلایا، اور پانی پت کی سب سے بڑی اور آخری جنگ کو اپنی سیاسی چالوں سے کامیابی کی آخری منزل تك پہنچا کر دم لیا-

اس فتح کے بعد احمدشاہ نے شاہ عالم کے بڑے بیٹے جوان بخت کو تخت دهلی پر بٹھا کر نجیب الدولہ کو مدارالمہام مقرر کیا، خود شاہ عالم نے بہار میں عنان سلطنت هاتھہ میں لے کر «وکیل مطلق بخشی الممالك، ناصر الملك، امیرالامرا، نجیب الدولہ نجیب خان بہادر صلابت جنگ» انہیں خطاب دیا -

نجیب الدولہ نے بڑی خوبی اور جانفشانی سے بچے کھچے علاقے کا بندوبست کیا - جب بڑھاپے نے صحت خراب کردی، تو اپنے بڑے بیٹے نواب ضابطہ خان کو قائم مقام بنا کر خود سکرتال چلے گئے -

سنہ ۱۱۸۴ھ (۱۷۷۰ء) میں مرہٹوں نے رام چندر گنیش کی سرکردگی میں جنگ پانی پت کا انتقام لینے کے لیے جرار لشکر بھیجا ' تو نجیب الدولہ استسقا کے مریض ہونے کے باوجود سکرتال سے نکل کھڑے ہوئے ' اور اپنی تدبیر سے ان کا رخ اودھ کی طرف پھر دیا -

مرہٹوں کو ان کی طرف سے یہ خطرہ تھا کہ کہیں دشمن سے ساز کر کے ہماری پشت پر سے حملہ نہ کردیں' اس لیے ان سے یہ اقرار کرایا کہ خود بھی مرہٹہ لشکر کے ساتھہ چلیں گے ' یہ بادل ناخواستہ تیار ہوگئے لیکن راستے میں مرض نے شدت کی جس کے باعث ضابطہ خان کو اپنی جگہ چھوڑ کر واپس ہوئے -

ابھی ھاپڑ پہنچے تھے کہ بدھ کے دن ۱۱ رجب ۱۱۸۴ھ (۳۱ اکتوبر ۱۷۷۰ء) کو اس دنیا ہی سے چل بسے۔ لاش نجیب آباد لاکر دفن کردی گئی -

ملاحظہ ہو: تاریخ محمدی تحت سنۂ مذکورہ ' سیر : ۲'۸۱-۸۳' تنقیح : ۲'۱۰۰'۱۱۰۱ ' ۱۱۰۱ سرگزشت نجیب الدولہ:۱۷' گلستان رحمت : ۱۰۴ ب گل رحمت : ۱۱٦ ب ' عماد : ۷۲' حدیقہ : ۱۳۷' جام جہان نما : ۲'۶۹ الف مفتاح : ۳'۵۱' بیل: ۲۸۹ -

سرگزشت نجیب الدولہ کے شروع میں صاحبزادہ عبدالسلام خان بہادر عمر خیل نے ایک مفید اردو دیباچہ شامل کردیا ہے - اس میں نجیب الدولہ کے متعلق بہت سی مفید معلومات اور آیندہ سوانح نگار کے لیے اہم مشورے یک جا مل سکتے ہیں - خاندان عمر خیل کا شجرہ بھی شامل کردیا گیا ہے۔ ایک بڑا شجرہ یکم جنوری ۱۹۴۸ء کو عزیز احمدخان نگینوی نے بھی شائع کیا ہے۔ افراد عمر خیل کے نام اور بعض مختصر اطلاعیں اس سے بھی مہیا ہوتی ہیں -

سرگزشت نجیب الدولہ : ۱۷' میں لکھا ہے کہ مرہٹوں سے رخصت ہوکر یہ نجیب آباد آئے اور ایک ہفتہ کے بعد سنہ ۱۴ جلوس شاہ عالم مطابق ۱۱۸۵ھ (۱۷۷۱ء) میں انتقال کیا - لیکن یہ دونوں باتیں تاریخ

محمدی' تنقیح اور مفتاح کے خلاف اور ھاپڑ کی جگہ نجیب آباد میں انتقال کرنا ان کتابوں کے ساتھہ گلستان رحمت اور گل رحمت کے بھی خلاف ھے' اس لیے میری نظر میں قابل قبول نہیں ۔

ص ۶ سطر ۲۰ ۔ «شجاع الدولہ» ۔ اس کا نام جلال الدین حیدر ھے۔ نواب صفدر جنگ کا بیٹا اور برھان الملک کا نواسہ تھا ۔ سنہ ۱۱۴۴ھ (۲۱-۱۷۳۱ع) یا ۱۱۴۵ھ (۳۲-۱۷۳۱ع) میں پیدا ھوا ۔ اور اپنے والد کے ۱۷ ذی حجہ ۱۱۶۷ھ (۱۷ اکتوبر ۱۷۵۴ع) کو انتقال کر جانے پر اودھ کا صوبہ دار قرار پایا ۔

نجیب الدولہ کے سمجھانے بجھانے پر جنگ پانی پت میں شرکت کی، لیکن لطیفہ یہ ھے کہ پوری لڑائی میں اس کی فوج محفوظ رھی ۔

ذیقعدہ ۱۱۷۴ھ (جولائی ۱۷۶۱ع) میں شاہ عالم نے اپنا وزیر مقرر کیا (تنقیح: ۲ ۵۲۴ الف و جام جہان نما: ۲'۵۰۰ الف) ربیع الثانی ۱۱۷۸ھ (اکتوبر ۱۷۶۴ع) میں مقام بکسر انگریزوں سے زبردست ٹکر لی' بگر بری طرح شکست کھا کر آیندہ کے لیے کمپنی کو شمال مغربی ھند میں پاؤں جمانے کا موقع دیدیا ۔ چنانچہ اسی جنگ کے نتیجے میں شاہ عالم کو بنگال و بہار کی دیوانی کی سند کمپنی کو دینا پڑی تھی ۔

یہ روھیلوں کو ایک آنکھہ نہیں دیکھہ سکتا تھا ۔ آخر انگریزوں سے ساز باز کر کے ۱۱۸۸ھ (۱۷۷۴ع) میں روھیل کھنڈ پر چڑھ دوڑا' اور حافظ رحمت خان کے قتل پر اس صالح عنصر کو پارہ پارہ کرنے میں کامیاب ھو گیا ۔

قدرت اللہ شوق رامپوری (جام جہان نما: ۲'۱۰۱ الف) نے لکھا ھے کہ « بکثرت جاہ و حشم و سپاہ و ملک و مال در زمان خود ثانی نداشت' و در زمرۂ امرا پیش ازوی معلوم نیست کہ در ھندوستان مثل وی گذشتہ باشد ۔ »

شجاع الدولہ نے بقول عماد : ۲۴۳،۱۱۹ ذیقعدہ ۱۱۸۸ھ (۱۷۷۵ء) کی دو گھڑی رات گزرے انتقال کیا اور ۲۴ ہی کے دن دفن کیا گیا ۔ یعنی انتقال ۲۳ اور ۲۴ کی درمیانی رات میں ہوا اور تجہیز و تکفین ۲۴ کو دن میں عمل میں آئی ۔ تاریخ محمدی میں شب جمعہ ۵ گھڑی رات گئے ۲۴ تاریخ کو انتقال کرنا لکھا ہے ۔

تاریخ فرخ آباد : ۸۵ الف مفتاح : ۳۵۴ اور بیل : ۳۸۲ میں بھی ۲۴ ذی قعدہ ہی مندرج ہے، لیکن تنقیح : ۲،۴۹۶ب میں تاریخ انتقال ۲۳ ذیقعدہ بتائی ہے ۔ یہ رای غالباً عماد کے بیان کو غلط سمجھنے کا نتیجہ ہے، اس لیے کہ قمری حساب میں بعد مغرب سے نئی تاریخ شروع ہو جاتی ہے ۔

مرآۃ الاحوال : ۱۰۱ ب میں ۲۲ ذیقعدہ کو وفات لکھی ہے، جو بالیقین کتابت کی غلطی ہے ۔ جام جہان نما : ۱۰۲ء الف، میں ۲۵ ذی قعدہ کی تصریح کی گئی ہے، مگر یہ قول کسی اور مورخ کی تائید سے محروم ہے

گلستان رحمت : ۲۰۲ الف میں یہ تحریر کیا ہے کہ حافظ رحمت خان کی شہادت کے آٹھ مہینے بعد شعبان میں شجاع الدولہ کا انتقال ہوا ۔ چونکہ اسی کتاب : ۱۶۶ ب میں یہ بھی درج ہے کہ شنبہ ۱۱ صفر ۱۱۸۸ھ (اپریل ۱۷۷۴ء) کو واقعۂ شہادت پیش آیا تھا، لہذا شجاع الدولہ کا انتقال رمضان میں ہونا چاہیے ۔ گل رحمت : ۸۶ ب میں بھی مذکورۂ بالا بیان ہی نظر آتا ہے، لیکن آٹھویں مہینے کو شوال کا مہینا بتایا ہے ۔

میری رائے میں یہ دونوں بیان قابل قبول نہیں ۔ اسی طرح حدیقہ : ۱۵۲ کا یہ لکھنا بھی نامناسب تخمینے کی حیثیت رکھتا ہے کہ فتح مذکورۂ بالا کے دو تین مہینے بعد انتقال ہوا تھا، اس لیے کہ سابق الذکر معتبر تاریخوں کے علاوہ عبرت نامہ : ۲۳ الف میں بھی آخر ذیقعدہ ہی میں شجاع الدولہ کی موت قرار دی ہے، اور "شجاع الدولہ وفات یافت" مادۂ تاریخ بتایا ہے ۔

ص ٦ سطر ۲۰ « راضی نبودند » ۔ پولیر (ص ۲۲) کا بیان تمام دیگر ہندی و انگریزی مورخوں کے برخلاف یہ ہے کہ در پردہ شجاع الدولہ بھی بادشاہ کے دہلی چلے جانے کی کوشش میں لگا ہوا تھا ۔ چنانچہ اس نے حسام الدولہ کو ڈیڑھ لاکھ روپے اور دیگر ملازمان شاہی کو چھوٹی چھوٹی رقمیں دے کر یہ کوشش کی کہ بادشاہ کو الہ آباد چھوڑ کر دہلی چلے جانے پر آمادہ کرلیں ، تاکہ الہ آباد سے شاہ عالم کے چلے آنے کے بعد اسے اپنے اغراض و مقاصد کو بروی کار لانے کا موقع مل سکے ۔

ص ۷ سطر ۲ ۔ « احمد خان بنگش » ۔ یہ نواب محمد خان بنگش والی فرخ آباد کا بیٹا اور نواب قائم جنگ کا بھائی تھا ۔ صفدر جنگ کے اشارے سے قائم جنگ نے روہیلوں پر فوج کشی کی ، اور ۱۰ ذی حجہ ۱۱۶۲ھ (۱۰ نومبر ۱۷۴۹ء) کو میدان جنگ میں کھیت رہے ، تو صفدر جنگ نے ریاست فرخ آباد پر قبضہ کرلیا ۔ احمدخان نے پٹھانوں کو بھرتی کر کے صفدرجنگ کے عامل نول رای پر حملہ کردیا ، اور ۱۰ رمضان ۱۱۶۳ھ (۲ اگست ۱۷۵۰ء) کو اسے قتل کر کے اودھ کی فوج کو مار بھگایا ۔

عماد الملک ان کا حامی تھا ۔ اس نے عالمگر ثانی کا میر بخشی مقرر کرا کے « شیر ہند ، امیرالامرا ، بخشی الممالک ، غضنفرالدولہ ، احمدخان بہادر غالب جنگ » خطاب دلایا ۔ (تنقیح : ۲، ۹۸ب)

احمدخان بڑا سخی ، با مروت ، بہادر اور پاک اعتقاد سردار تھا ۔ صاحب سیر المتاخرین (۲، ۸۵) وغیرہ نے لکھا ہے کہ اس نے اپنے طویل عہد حکومت میں امرا ، علما ، صوفیا ، شعرا اور دیگر اہل کمال کی بڑی آو بھگت کی ۔ دہلی سے نکل کر سودا نے انہیں کے دامن تربیت میں پناہ لی تھی ۔ عماد الملک بھی یہاں برسوں مہمان رہ کر حج کو گیا تھا ۔ شجاع الدولہ نے اس پر فوج کشی کی تھی ۔ مگر جب بکسر میں انگریزوں سے شکست کھائی ، تو احمدخان نے اسے پناہ دی اور انگریزوں سے اس کی صلح صفائی کرانے میں دل کھول کے کوشش کی ۔

تاریخ فرخ آباد : ۳۵ب، آرون : ۱۲۰ اور تاریخ محمدی سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ۲۸ ربیع الاول ۱۱۸۵ھ (۲۸ جولائی ۱۷۷۱ء) کی رات میں انتقال کیا - «ہے ہے حاتم ثانی نماند» سے تاریخ نکلتی ہے -

بیل : ۴۱ و ۲۸۵ میں لکھا ہے کہ شعبان ۱۱۸۵ھ (نومبر ۱۷۷۱ء) میں انتقال کیا تھا - لیکن یہ صحیح نہیں ہے -

احمدخان کے حالات کے سلسلے میں، حدیقہ : ۲۰۷ ببعد، عماد: ۴۴ ببعد جام جہان نما: ۲۰۳ ببعد، تنقیح : ۰۲. ۵۳ الف ببعد بھی ملاحظہ ہوں -

ص ۷ سطر ۳ «بگذشت» - فراقی کے لفظ یہ بتاتے ہیں کہ شاہ عالم کے پہنچنے پر احمدخان فوت ہوا تھا - تاریخ فرخ آباد : ۲۱ ب میں لکھا ہے کہ بادشاہ فرخ آباد پہنچا، تو احمدخان قریب الموت تھا - آرون : ۱۲۰ کا بیان یہ ہے کہ بادشاہ جس دن پہنچا ہے، اسی دن احمدخان نے دم توڑا تھا - (لیکن ص ۱۳۴ پر یہ لکھہ دیا ہے کہ بادشاہ قنوج میں تھے کہ انھیں احمدخان کے مرنے کی خبر پہنچی، اس پر وہ دفعۃً خدا گنج کی راہ سے فرخ آباد کو روانہ ہوگئے - میری راے میں اس کا یہ بیان کسی غلط فہمی پر مبنی ہے اور اسی لیے میں نے پہلے بیان کو درست مان کر ثبوت میں پیش کیا ہے) - عماد : ۱۰۴، اور مفتاح : ۳۵۱ سے معلوم ہوتا ہے کہ دو دن بعد انتقال ہوا -

ان شہادتوں سے فراقی کی تائید ہوتی ہے، لیکن سیر: ۸۵۰۲ میں لکھا ہے کہ بادشاہ نے احمدخان کی خبر انتقال سفر میں سنی تھی - تنقیح : ۵۵۲۰۲ الف میں دو تین دن پہلے مرنے کی صراحت کی ہے - پولیر: ۲۲، نے لکھا ہے کہ بادشاہ ۱۷۷۱ء کی برسات کے خاتمے پر فرخ آباد پہنچے تو کچھہ ہی پہلے احمدخان بنگش فوت ہوچکا تھا - یہ بھی ایک حد تک تنقیح کی ہمنوائی ہے - مگر ہے یہ تخمینہ، اس لیے کہ احمدخان نے ۲۸ جولائی کو انتقال کیا ہے جب بادشاہ اس تاریخ کے کچھہ ہی دن بعد فرخ آباد پہنچے، تو یہ برسات کا خاتمہ کیسے ہو سکتا ہے -

ص ۷ سطر ۳ - « مظفر جنگ » - اس کا نام دلیر همت خان تھا - سنه ۱۱۷۱ھ (۱۷۵۷ء) میں پیدا هوا، اور ۱۴ سال کی عمر میں شاہ عالم ثانی سے فرخ آباد کی سند ریاست اور « مظفر جنگ » خطاب پایا -

یه نا تجربه کار اور مردم ناشناس حاکم تھا - اپنے اعزا کے روزینے بند کر کے دشمنی کے دروازے کھول لیے تھے، جس کے باعث نواب وزیر اور انگریز دونوں کو دست درازی کا موقع مل گیا، اور آخر کار اس کے انتقال کے بعد انگریزوں نے فرخ آباد پر قبضه کر کے اهل خاندان کے روزینے مقرر کر دیے -

مشهور یه هے که ۸ ربیع الآخر ۱۲۱۱ھ (۱۱ اکتوبر ۱۷۹۶ء) کو اس کے بڑے بیٹے رستم علی خان نے زهر دے کر مار ڈالا - « قضا و قدر » اور « تاریخ » هر ایک سے سال وفات نکلتا هے -

آروِن نے تاریخ فرخ آباد میں ایک جگه (ص ۱۳۹) صرف انگریزی تاریخ ۲۲ اکتوبر ۱۷۹۶ء اور دوسری جگه (ص ۱۵۲) هجری کی مذکورۂ بالا تاریخ کے ساتھ ۲۳ اکتوبر لکھی هے - ممکن هے که یه ۲۲ اور ۲۳ کا فرق کاتب کا هو، لیکن بهر حال درست نهیں هے - تقویم سنین هجری و عیسوی (ص ۶۱) کے مطابق اس سال اکتوبر کی ۴ تاریخ کو ربیع الاول کی پهلی هوئی تھی - اس حساب سے ۸ ربیع الاول کو ۲۲ یا ۲۳ نهیں ۱۱ اکتوبر هونا چاهیے -

بیل نے غلطی سے یه لکھ دیا هے که مظفر جنگ نے ۴ جون ۱۸۰۲ء (۳ صفر ۱۲۱۷ھ) کو ایک لاکھ آٹھ هزار سالانه پنشن کے عوض فرخ آباد کی ریاست انگریزوں کے حوالے کر دی تھی - در اصل یه واقعه مظفر جنگ کے بیٹے نواب امداد حسین خان بهادر ناصر جنگ کے عهد کا هے، جیسا که تاریخ فرخ آباد : ۱۰۱ الف، ۱۱۱ ب، اور آروِن : ۱۴۱ میں بصراحت مذکور هے -

تفصیل کے لیے ملاحظه هو : تاریخ فرخ آباد : ۸۳ الف ببعد، آروِن : ۸۵، ۱۳۴ ببعد، ۱۵۲، بیل : ۲۸۵ -

ص ۷ سطر ۲ - «چیزی بطریق ضبطی گرفته» - تمام تاریخوں میں اس مغلیہ بدعت کا ذکر موجود ہے، لیکن «چیزی» کی صراحت میں اختلاف ہے - تاریخ فرخ آباد : ۱۲۱ ب، سیر: ۸۵،۳ ، عماد : ۱۰۴ اور مفتاح : ۳۵۱ و ۳۵۲ میں اسی طرح مبہم چھوڑ دیا ہے - تنقیح: ۵۵۲،۲ الف میں لکھا ہے : « نقد و جنس فراخور حال از متروکۂ پدر بقدر شش ہزار روپیہ بسرکار والا رسانیدہ » - حدیقہ : ۱۷۶ میں ہے کہ لوگ کہتے ہیں، والی فرخ آباد نے سوا لاکھ رپے کا چبوترہ بناکر بادشاہ کو اس پر بٹھایا اور یہ روپیہ اور اس کے ساتھ « فیلان کوہ پیکر واسپان تناور، و جواہر آبدار ، واقمشہ و اسلحہ و دیگر تحائف بسیار » بھی پیش کیے - آرون: ۱۲۰ سے معلوم ہوتا ہے کہ سونے چاندی کے ہودے اور دوسرے سونے چاندی کے برتن گلا کر ۳ لاکھ رپے نقد اور ۷ ہاتھی اور ۱۱ گھوڑے نذر گزرانے - پولیر: ۲۲ میں ۵ لاکھ رپے کا نذرانہ متعین کیا ہے ، جس میں کچھہ نقد اور بقیہ سامان کی شکل میں تھا - فرینکلن: ۴۷، نے ۴ لاکھہ کی پیشکش بتائی ہے -

ص ۷ سطر ۴ - «از فرخ آباد بعد تاخت و تاراج سکرتال و پتھرگڈھ». فراقی کا یہ بیان تمام تاریخوں کے برخلاف اور بالیقین غیر صحیح ہے - دراصل بادشاہ ۲۲ دن کے قیام کے بعد فرخ آباد سے روانہ ہوکر مرہٹوں کے انتظار میں نبی گنج ضلع مین پوری میں ۳ مہینے مقیم رہے اور وہاں سے دہلی آکر ۱۰ شوال ۱۱۸۵ھ (۱۶ جنوری ۱۷۷۲ء) کو ضابطہ خان پر چڑھائی کی اور دوشنبہ ۷ ذی حجہ (۲۲ مارچ) کو واپس دہلی آگئے -

ملاحظہ ہو: سیر: ۸۷،۳، جام جہان نما: ۱۷۹،۲ الف ، تاریخ فرخ آباد: ۱۲۲ الف ، تنقیح : ۲، ۵۵۳ ب، عماد: ۱۰۵، پولیر: ۲۳، مفتاح : ۳۵۲، آرون : ۱۳۴ - تاریخ ہندوستان : ۳۲۱،۹،

بادشاہ کے قیام فرخ آباد کو پولیر نے ۲ ماہ سے کچھہ زیادہ لکھا ہے - اور اس کے بعد نبی گنج جانا بتایا ہے - تنقیح : ۵۵۲،۲ الف میں بھی

دو مہینے کے قریب ہے ۔ لیکن میری رائے میں ان دونوں نے نبی گنج کے قیام کی کچھ مدت کو فرخ آباد ٹھہرنے کی مدت میں شامل کر لیا ہے ۔

ص ۷ سطر ۴ « سکرتال و پتھر گڈھ » ۔ عماد : ۷۳ میں لکھا ہے کہ « سکرتال بسین مہملۂ مضموم، وکاف تازی مشدد، و رای مہملہ ساکن، و تای قرشت، و الف ولام، لفظی است ہندی ۔ نجیب‌خان در وقت ثروت خود دو قلعه برای روز بد ساخته بود : یکی پتھر گڈھ کہ بہ ہردوار نزدیک است، و شہری متصل آن قلعه مشتمل بر دکاکین پختہ و باغہای وسیع دلچسپ میوه دار آباد نموده، موسوم بہ نجیب‌آباد کرده ۔ ہیچ میوه از میوہای خوش مزۂ ہند نیست کہ دران شہر وفور نداشتہ باشد، و ارزان باین درجہ کہ یک فلوس را توت بیدانه آدم قوی نمی تواند خورد؛ دوم سکرتال کہ درمیان گنگا وجمنا واقع است » ۔

سرگذشت نجیب الدولہ : ۱۱ میں سکرتال کے متعلق لکھا ہے کہ « در کنار گنگ برلب آب یک چقر پست، آن را سکرتال گویند ۔ زمین بسیار نشیب واقع شده ۔ نجیب الدولہ دران مکان لشکرگاه ساخت ؛ و متصل لشکر بر دریای گنگ جر بست و گرد و پیش این مکان سنگر از گل ساخت، و توپخانہ بر دیوار سنگر نہاد » ۔

اور صفحۂ ۱۲ پر لکھا ہے کہ « بست کروه از سکرتال آن طرف گنگ شان پور نام دیہی از راجہای قدیمی دامن کوه بود ۔ از انجا دامن کوه دو کروه نزدیک می شود ۔ آنجا نجیب الدولہ حویلی و مکانات و آبادی ساختہ، و مدرسه و مسجد بنا نموده، و ہریک از متوسلان ایشان مکانہا ساختند و بہ نجیب‌آباد موسوم گشت » ۔

دیباچۂ سرگذشت نجیب الدولہ : ۱۱ ؛ سے معلوم ہوتا ہے کہ نجیب‌آباد سنہ ۱۱۶۷ھ (۵۴-۱۷۵۳ء) میں بسایا گیا، اور پتھر گڈھ کی تعمیر سنہ ۱۱۶۸ھ (۵۵-۱۷۵۴ء) میں انجام کو پہنچی ۔ عماد : ۱۰۷ میں لکھا ہے کہ سکرتال « قلعہ آہنی برای صیانت این قوم بود » ۔ جام جہان نما :

۶۹:۳ ب میں اس کی حصانت کا ذکر کیا ہے ، اور پتھر گڈھ کے متعلق یہ کہا ہے کہ «قلعۂ سنگین از آثار نجیب الدولہ است »۔

پتھر گڈھ کے بارے میں پی سی گپتا نے جو پولیر کے شاہ عالم کے مرتب ہیں ، حواشی : ۸۰ میں لکھا ہے کہ یہ نجف گڈھ بھی کہلاتا تھا ۔ لیکن سیر: ۸۴:۲ سے پتا چلتا ہے کہ اسے نجیب گڈھ کہا کرتے تھے ۔ اس سے میں یہ نتیجہ نکالتا ہوں کہ مرتب موصوف نے نجیب کو از راہ سہو نجف لکھ دیا ہے ۔

ص ۷ سطر ۵ - «ضابطہ خان» ۔ نواب نجیب الدولہ کا بڑا بیٹا ، نواب بشارت خان کا نواسا اور نواب سید علی محمد خان بہادر کی بیگم کا حقیقی بھانجا اور داماد تھا ۔

۱۱ رجب ۱۱۸۴ھ (۳۱ اکتوبر ۱۷۷۰ء) کو باپ کی جاگیر کا وارث ہوا ۔ اگلے سال مرہٹوں کے ہاتھوں سکرتال میں شکست کھائی ، اور سب کچھ کھو کر شجاع الدولہ کے پاس پناہ لی ۔ حافظ رحمت خان وغیرہ کی کوشش سے مرہٹوں نے اس سے ساز کرایا اور معقول رشوت لے کر امیرالامرائی اور سہارنپور کی جاگیر دونوں بادشاہ سے بحال کرادیں ۔

بادشاہ کا دل اس کی طرف سے صاف نہ تھا ۔ دربار میں میرزا نجف خان کا عروج بڑھنے لگا ۔ ضابطہ خان نے بہت کچھ ہاتھ پانو مارے ، سکھوں سے طالب امداد ہوا ، اور ملک میں یہ شہرت ہوگئی کہ ضابطہ خان نے سکھ مذہب قبول کر لیا ۔ مگر کسی طرح استقلال اور اطمینان نصیب نہ ہوا ۔ آخرکار ۱۱۹۲ھ (۱۷۷۸ء) میں میرزا نجف خان کی مدد سے سہارنپور کی جاگیر تو بحال ہوگئی ، مگر امیرالامرائی کا عہدہ نہ مل سکا ۔

تاریخ مظفری سے معلوم ہوتا ہے کہ ضابطہ خان نے اس مہربانی کے عوض میں اپنی بیٹی یا بہن کو میرزا سے منسوب کردیا تھا ۔ جام جہان نما میں لکھا ہے کہ بیٹی کی منگنی کردی تھی کہ میرزا نجف خان فوت ہوگیا ، اس کے بعد وہ لڑکی آغا شفیع خان سے منسوب ہوئی ۔ وہ بھی چند دن کے بعد اس دنیا سے چل بسا چنانچہ وہ لڑکی تاہنوز بیٹھی ہوئی ہے ۔

بیل نے لکھا ہے کہ سنہ ۱۷۸۵ء (۱۲۰۰ھ) کے آخر میں ضابطہ خان نے انتقال کیا - جام جہان نما میں سبب موت یہ لکھا ہے کہ غلام قادر خان زہر دیدیا تھا -

سیر سے معلوم ہوتا ہے کہ نواب نجیب الدولہ کی طرح ضابطہ خان بھی اکثر اوصاف حمیدہ سے متصف تھا - جتنے دن دہلی پر اس کی نگرانی رہی ، رعایا راضی اور خوش نظر آتی تھی -

ملاحظہ ہو: سیر: ۳؍۵۴۲ و ۸۵ و ۸۸، گلستان رحمت: ۲۲۹ بعد ، گل رحمت: ٦۴ الف بعد، عماد: ۱۰۵ و ۱۰۷ تا ۱۱۱، تاریخ مظفری: ۲۰۴ الف و ب، تنقیح: ۲؍۵۵۴ الف و ٥٥٦ ب و ۵۵۸ ب و ۵٦۴ ب و ۵٦۷ الف، جام جہاں نما: ۲؍٦۹ ب و ۷۰ الف و ۷۱ ب و ۷۴ الف و ب و ۷۷ ب، فرینکلن: ۳۹، پولیر: ۲۳ تا ۲۵، مفتاح: ۳۵۱، بیل: ۲۳؍۴، ڈف: ۱؍۶۷۹ -

ص ۷ سطر ۷ - «بیست و نہم رمضان» تنقیح: ۲؍۵۵۴ الف، میں لکھا ہے کہ رمضان کی آخری تاریخ کو دو شنبے کے روز ٦ گھڑی دن گزرے بادشاہ جمنا پار ہو کر سید ہے آثار شریف کی زیارت کے لیے جامع مسجد گئے ، اور وہاں سے ہاتھی پر سوار رپیہ لٹاتے قلعۂ معلی میں داخل ہوے - دوسرے دن عیدالفطر ہوئی -

عماد: ۱۰۵، میں عید کے دن دہلی کا داخلہ بتایا ہے ، اور یہی بیان تاریخ فرخ آباد: ۱۲۲ الف اور مفتاح: ۳۵۲ کا بھی ہے -

میری راے میں فراقی کا بیان درست ہے ، اس لیے کہ اس کی بنیاد خوشدل کے قطعۂ تاریخ پر ہونے کے علاوہ تنقیح سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے -

پولیر: ۲۳ اور ڈف: ۱؍۶۸۰ کا یہ کہنا کہ بادشاہ آخر دسمبر ۱۷۷۱ء میں دہلی آے ، اور فرینکلن: ۳۷، اور تھارن: ۱۳۳ کا یہ صراحت کرنا کہ دسمبر کی ۲۵ تاریخ داخلہ تھی، مذکورۂ بالا بیانوں کی روشنی میں کسی طرح درست نہیں قرار پاتے ، اس لیے کہ یوم دو شنبہ ۲۹ رمضان

۱۱۸۵ھ ۶ جنوری ۱۷۷۲ء کے مطابق پڑتی ہے، چنانچہ سرکار نے بھی « فال آف دی مغل امپائر : ۲، ۵۵۵ » میں یہی انگریزی تاریخ بتائی ہے -

ص ۷ سطر ۱۶ - « سیف الدین محمد خان » - عاقبت محمود خان کشمیری اتالیق و مدار المہام (خزانہ : ۵۱) نواب عماد الملک کا بھائی اور شاہ عالم کا بڑا وفادار سردار تھا - جب شاہ عالم شاہزادگی کے زمانے میں عماد الملک کے ڈر سے دہلی چھوڑ کر پورب جانے کے لیے نکلے، تو یہ عماد الملک کی محاصر فوج کے ایک حصے کا کماندار تھا - شاہ عالم نے اسی طرف سے نکل جانا چاہا - اس نے بپاس نمک نظر بچا کر راستہ دیدیا (تنقیح : ۲، ۴۹۹ب) -

بعد ازاں عماد الملک نے عالمگیر ثانی کو قتل کر کے شاہ جہان کو تخت نشین کیا، اور پھر بھاؤ کے ڈر سے خود دہلی سے نکل بھاگا، تو سیف الدین محمد خان نے بھاؤ کو یہ مشورہ دیا کہ وارث تخت عالی گوہر ہی کو تسلیم کیا جائے، اور اس کی عدم موجودگی میں اس کے بڑے بیٹے جوان بخت کو بحیثیت ولی عہد باپ کی جگہ دہلی کے تخت پر بٹھا دیا جائے - (عماد : ۸۷، تنقیح : ۲، ۵۱۹ الف و ب)

جب بیساجی کی سرکردگی میں مرہٹے دہلی آئے، اور بادشاہ کی خدمت میں درخواست بھیجی کہ پورب سے پچھم تشریف لے آئیں، تو ان سے تصفیۂ معاملات کے لیے شاہ عالم نے اسی کو بھیجا - اس نے مرہٹہ سرداروں کو آمادہ کر لیا کہ بادشاہ سے ۱۰ لاکھ روپیہ لے کر دہلی پر بادشاہ کا قبضہ کرادیں - اس فیصلے کو بروی کار لانے کے لیے مرہٹوں نے اسی کے ساتھ اپنے دستے دہلی بھیج کر ضابطہ خان کے آدمیوں سے قلعہ خالی کرا دیا - (پولیر : ۲۳، تنقیح : ۲، ۵۵۱ ب)

سیف الدین محمد خان ہی کی وساطت سے بیساجی وغیرہ سردار شاہی لشکر میں آکر میرزا سلیمان شکوہ کی رہنمائی میں حضور شاہ میں پیش ہوئے تھے - (تنقیح : ۲، ۵۵۳ الف)

سیر: ۲۸۹ سے معلوم ہوتا ہے کہ مجدالدولہ عبدالاحد خاں کے تقرب حاصل کر لینے کے باعث سیف الدین محمد خان اپنے مقاصد میں ناکام رہ گیا تھا۔ انہوں نے ۲۹ شوال سنہ ۱۱۹۱ھ (۳۰ نومبر ۱۷۷۷ء) کو بعہدِ دیوان تن اس دنیا سے کوچ کیا۔ (تنقیح: ۵۷۳۲ الف)

ص ۷ سطر ۱٦۔ « حسام الدولہ »۔ حسام الدین خان نام ہے۔ وجیہ الدین خان کشمیری کا بھائی اور محمد علی خان متین مولف تذکرۂ حیات الشعرا کا باپ تھا۔

بے پڑھا لکھا آدمی تھا۔ مگر بادشاہ کی بعض نجی خدمات انجام دینے پر معمولی درجے سے ترقی کر کے مختار امور سلطنت بن گیا تھا۔ ذہانت و فطانت نہونے کے برابر اور تکبر و غرور، حد سے زیادہ رکھتا تھا۔ عام امرای دربار اس سے تنگ تھے۔ منیر الدولہ کا الہ آباد سے بادشاہ کے ساتھ نہ آنا صرف حسام الدولہ سے الگ رہنے کے خیال سے تھا۔ ملاحظہ ہو: سیر ۸۱۰۲، تاریخ مظفری: ۱۸۵ الف، تنقیح: ۵۴۹۰۲، ۵۵۱ الف، ۵۵۲ الف ۵۵۵ الف، ۵۵۸ ب، پولیر: ۲۱،۳۵۔

ص ۷ سطر ۱۷۔ «بحضور اقتدار کمال داشتند»۔ تنقیح: ۵۴۹۰۲ ب سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۱۸۳ھ (۱۷٦۹ء) میں اس نے منیزالدولہ کو معتوب کرا کے راجہ رام ناتھ کی معیت میں امور شاہی کا انصرام اپنے ہاتھ میں لیا، اور چند دن بعد اسے بھی معطل کرا کے خود مختار کل بن بیٹھا۔ وسط شوال ۱۱۸۵ھ (جنوری ۱۷۷۳ء) میں سیف الدین محمد خان کو بھی نیچا دکھایا، اور اس کی جگہ پر قبضہ کر لیا۔ (ایضاً: ۵۵۲۰۲ الف) پولیر نے، جو اس کا معاصر ہے، بہت برے الفاظ میں اس کا ذکر کیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ جب تک اس کی کمان چڑھی رہی، لوگ خوفزدہ اور دور دور رہتے تھے۔ (شاہ عالم: ۲۵)

ص ۸ سطر ۱۔ «نجف خان بہادر»۔ یہ اصفہان میں پیدا ہوا، اور میر سید علی بن میر سید محمد بن میرزا نجف خان کا بیٹا ہے۔ اس کا پردادا، شاہ سلیمان صفوی (اور بقول بعض شاہ حسین صفوی) کا داماد تھا۔

شاہ حسین نے وزارت و صدارت تک ترقی دے کر اس کا رتبۂ خاندانی اور بلند کر دیا تھا۔

' نادرشاہ نے صفوی خاندان کو تباہ کیا ' تو اس کے متوسل قید کر لیے گئے۔ ان اسیروں میں نجف خان اور اس کی بڑی بہن بھی شامل تھے۔ محمد شاہ بادشاہ ہندوستان نے نواب صفدر جنگ کے بڑے بھائی عزت الدولہ میرزا محسن خان بہادر کو دربار نادری میں سفیر بنا کر بھیجا ' اور انھیں ان بیکسوں کی ناچاری کا حال معلوم ہوا ' تو نادر شاہ سے سفارش کر کے انھیں آزاد کرا دیا اور اس کی بہن سے نکاح کر کے دونوں کو ہندوستان لے آیا۔

نجف خان کی عمر اس زمانے میں اٹھارہ (اور تاریخ فرخ آباد : ۱۲۳ ب کی رو سے تیرہ) برس کی تھی۔ (تواریخ اودھ : ۱۰۱ میں میرزا محسن کے انتقال کے وقت نجف خان کی عمر ۹ برس کی بتائی ہے جو کسی طرح صحیح نہیں معلوم ہوتی۔) عزت الدولہ نے اپنے بچوں کی طرح اس کی پرورش کی۔ شب چارشنبہ ۲۹ ذی حجہ ۱۱٦۲ھ (۲۹ نومبر ۱۷۴۹ء) کو ان کا ہیضے سے انتقال ہوا (تاریخ اودھ : ۱ ، ۹۲) ' تو ان کے چھوٹے بیٹے محمد قلی خان ' ناظم الہ آباد ' کے ساتھ رہنے لگا۔ شاہ عالم نے عالم شاہزادگی میں پورب کے اندر قوت حاصل کرنے کے لیے ہاتھ پانو مارے ' تو محمد قلی خان کے ساتھ یہ بھی ان معرکوں میں شریک رہا ' اور شاہزادے کی طرف سے ذو الفقار الدولہ کا خطاب پایا۔ (تنقیح : ۲ ، ٦۰۵ الف)

۱۱۷۳ھ (۱۷٦۰ء) میں شجاع الدولہ نے محمد قلی خان کو گرفتار کر کے الہ آباد پر قبضہ کیا ' تو نجف خان بنگال جا کر نواب میر قاسم علی خان کا ملازم ہو گیا۔ نواب اس زمانے میں سرکار کمپنی سے بر سر جنگ تھا۔ وہ شکست کھا کر اودھ بھاگ آیا ' تو نجف خان نے بندیل کھنڈ جا کر ایک ہندو راجہ کی ملازمت کر لی۔

شجاع الدولہ کو انگریزوں نے بکسر میں شکست دی ، تو نجف خان نے انگریزوں سے مل کر الہ آباد پر قبضہ کرلیا - مگر بر وقت صلح الہ آباد شجاع الدولہ کو واپس کردیا گیا ، اور نجف خان کی ۲ لاکھ سالانہ پنشن مقرر ہوگئی - نجف خان نے منیرالدولہ کی وساطت سے دربار شاہی میں تقرب حاصل کرلیا ، اور ۳ ہزار سوار اور پیادوں کی سپہ سالاری کے ساتھ کوڑہ جہان آباد کی تحصیل وصول کا کام اس کے سپرد ہوا -

شاہ عالم دہلی واپس آئے ، تو نجف خان بھی ہمرکاب تھا (سیر : ۲ ، ۸۵)- یہاں آکر اس نے جاٹوں سے کئی معرکے کی لڑائیاں لڑیں ، اور آگرے پر شاہی پرچم لہرا دیا - اس کے صلے میں امیرالامرائی کا خلعت عطا ہوا -

نجف خان نے ۴۹ سال کی عمر میں سنیچر کے دن دو گھڑی رات رہے ربیع الآخر ۱۱۹٦ھ (٦ اپریل ۱۷۸۲ء) کو سل کے مرض سے دہلی میں انتقال کیا -

ملاحظہ ہو : تاریخ مظفری : ۲۰۴ ب ، تنقیح : ۲ ، ۵۹۰ ب ، عماد : ۱۰۸ ، تاریخ فرخ آباد : ۱۲۳ ب ، جام جہان نما : ۲ ، ٦۷ الف ، عبرت نامہ : ۱۳ ب ، مفتاح : ۳۵۸ ، بیل : ۲۸۹ ، تواریخ اودھ : ۱ ، ۳۱ - (مگر اس میں کتابت کی غلطی سے مادۂ تاریخ « این تربت نجف » کے نیچے ۱۱۸٦ مطابق ۱۷۷۲ء سال وفات چھپ گیا ہے - تنقیح اور مظفری میں ۱۱۹۷ھ سال وفات بتایا ہے - مگر اول الذکر میں یہ بھی لکھا ہے کہ بقولی ۱۱۹٦ھ میں وفات پائی ہے)-

نجف خان بڑا جانباز ، ہوشیار اور وفادار شاہی سردار تھا - حربی لیاقت کے ساتھ سیاسی قابلیت اور تدبر کے ہمراہ اقبال مندی کے جوہر بھی اس کی ذات میں موجود تھے - صرف دو عیب اس کے اندر تھے ، پہلا

یہ کہ سخت متعصب شیعہ تھا ۔ اس کے دور عروج میں دھلی کے سنی بہت پریشان رہے ۔ میرزا مظہر جانجانان کی شہادت اسی کے متوسلوں کی نازیبا حرکت تھی ۔ جام جہان نما : ۶۲'۲۷ ب ' میں لکھا ہے کہ قدرت نے اس خون ناحق کے انتقام میں دو تین برس کے اندر اندر نجف خانی سرداروں کے پورے طائفے کو تباہ کردیا ۔ اور دوسرا عیب یہ تھا کہ آخر میں لطافت علی خان خواجہ سرا کی صحبت کے اثر سے عیش و عشرت میں پڑگیا تھا ' اور ہر وقت شراب وشاہد اور رقص و سرود کی محفلیں گرم رہنے لگی تھیں۔ چنانچہ سل کا عارضہ اسی بے اعتدالی کا نتیجہ تھا ۔ جام جہان نما : ۶۲'۲ے الف اور عبرت نامہ : ۱۳ ب سے اس کی تصدیق ہوتی ہے ۔ تواریخ اودھ: ۳۱'۱ میں لکھا ہے کہ نجف خان سے اپنی جاگیر اور فوج کا انتظام نہ ہوسکا ' اس لیے ہمیشہ پریشان رہا ۔

ص ۸ سطر ۴ ۔ « باسرداران مرہٹہ درستیہا ساختہ » ۔ سیر: ۸۶'۲ میں اس واقعے کی تفصیل کرتے ہوے یہ بھی لکھا گیا ہے کہ اس سازش میں حسام الدولہ کے ساتھ مجدالدولہ عبدالاحد خان اور بہادر علی خان محلی بھی شریک تھے ۔

ص ۸ سطر ۵ ۔ « کار بجدال کشید »۔ تنقیح : ۵۵۵'۲ ب اور تاریخ مظفری : ۱۹۰ ب بعد سے معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ ضابطہ خان کی شکست کے بعد مرہٹوں سے بدظن ہوچکے تھے ' اور نجف خان کو بخشی چہارم بناکر فوج اکٹھی کرنے کا حکم دیا تھا ۔ ضابطہ خان نے مرہٹوں کے ذریعے سے قصور کی معافی اور امیر الامرائی کے منصب کی بحالی چاہی ' اور ناکام ہوکر حسام الدولہ سے ساز باز کرکے مرہٹوں سے دھلی پر حملہ کرادیا ۔ نجف خان نے مردانہ وار مقابلہ کیا ' مگر حسام الدولہ نے جھروکے کے نیچے کی مورچال سے خالی توپیں چھوڑنا شروع کردیں ۔ مرہٹے ادھر متوجہ ہوے ' تو اس نے مورچال خالی کردی اور اس طرح مرہٹوں کو دھلی دروازے تک آجانے کا موقع مل گیا ۔ نجف خان نے بڑھ کر انھیں روکنا چاہا ' مگر ناکام ہوکر واپس آگیا ؛ اور بادشاہ کے حضور میں حسام الدولہ کی غداری کا پردہ چاک کیا ۔

حسام الدولہ کو اس کا پتا چلا، تو اس نے بیساجی اور تکوجی ھلکر کو پیغام بھیجا کہ بہتر یہ ہے بادشاہ سے معافی مانگ لو۔ مرہٹہ سردار جنگ سے بچنا چاہتے تھے۔ انھوں نے اس مشورے پر عمل کیا، اور ملہار کے ذریعے سے ۲ شوال ۱۱۸۶ھ (۲۷ دسمبر ۱۷۷۲ء) کو اپنے معروضات حضور شاہ میں پیش کروائے۔ بادشاہ نے فرد مطالبات پر دستخط فرمادیے۔ پھر دن رہے دونوں مرہٹہ سرداروں نے ضابطہ خان کو بادشاہ کے سامنے دست بستہ حاضر کرکے قصور معاف کرایا، اور امیر الامرائی اور سہارنپور کی جاگیر کی بحالی کا پروانہ دلادیا۔

مرہٹوں کے مطالبوں کی تفصیل ڈف کی تاریخ مرہٹہ : ۲، ۲۰۷ میں ملاحظہ ہو۔

ص ۸ سطر ۶ - «مور و ملخ بودند» تنقیح : ۲، ۵۵۶ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ مرہٹہ فوج کی تعداد ڈیڑھ لاکھ سوار اور پیادہ تھی۔ ڈف : ۲ ۲۰۷ لکھتا ہے کہ ۳۰ ہزار سوار اس جنگ میں شریک تھے۔ چہار گلزار شجاعی سے ایلیٹ : ۸، ۲۲۷ نے نقل کیا ہے کہ دکن سے روانگی کے وقت مرہٹوں کی فوجی تعداد ایک لاکھ سوار اور پیادہ تھی۔

ڈف کا بیان ناقص ہے، اور صرف فوج کے اہم جزو کو بتاتا ہے۔ اس زمانے میں کوئی فوج بے پیادہ نہیں ہوتی تھی، بلکہ پیادوں ہی کی تعداد فوج کے اندر زیادہ ہوا کرتی تھی۔ جیسا کہ ص ۶ سطر ۱۲ کی تشریح میں لکھا جاچکا ہے، حدیقہ، تاریخ مظفری : ۱۹۱ الف اور عماد بھی ایک لاکھ یا اس کے لگ بھگ ہی کوئی تعداد بتاتے ہیں، اس لیے تنقیح کے بیان میں زیادہ مبالغہ نظر نہیں آتا۔

ص ۸ سطر ۹ - «حویلی اسمعیل بیگ» - یہ مکان بقول عماد : ۱۰۹، شہر پناہ کی بدر رو کے پاس تھا۔ تنقیح : ۲، ۵۵۷ ب میں موری دروازے کے قریب بتایا ہے۔ تاریخ مظفری : ۱۹۱ ب سے معلوم ہوتا ہے کہ کابلی دروازے کی سمت شہر پناہ کی دیوار کے متصل تھا۔

اسمعیل بیگ ایرانی نژاد تھا ۔ خود کابل میں پیدا ہوا تھا ' اس لیے اسمعیل خان کابلی کہلاتا ہے ۔ صفدر جنگ کا خادم خاص تھا ۔ اس کی مہربانی اور کرم نے خاک سے پاک کر دیا تھا ' اس لیے اپنے آپ کو چیلہ (غلام) کہتا تھا ' ورنہ حقیقت میں غلام نہ تھا ۔ شجاعت اور حسن تدبیر کی بدولت صفدرجنگ اس پر بھروسا کرتا تھا ' اور یہ تمام حاشیہ نشینوں پر چھا گیا تھا ۔ جب صفدر جنگ کا انتقال ہوا ' تو شجاع الدولہ نوجوان تھا ۔ اسمعیل خان امور ریاست پر حاوی ہونے کے سبب سے شجاع‌الدولہ کے ساتھ بچوں کا سا برتاو کرنے لگا ۔ اتفاق سے شجاع الدولہ نے ایک کھتری نوجوان عورت کو راجہ همت بہادر' ناگوں کے سردار' کی معرفت اپنے یہاں شب باش کیا ۔ اس واقعۂ ناپسندیدہ سے کھتری چراغ پا ہوے اور رام نرائن دیوان کے پاس جاکر فریاد کی ۔ رام نرائن دس بارہ هزار کھتریوں کے ساتھ ' جو سرو پا برہنہ تھے ' اسمعیل خان کے پاس پہنچا ۔ اس نے مغل سرداروں کو جمع کرکے حکم دیا کہ همت بہادر کو نواب سے مانگو اور اس نالایقی کی سزا دو ۔ ورنہ هم محمد قلی خان برادر عمزاد شجاع الدولہ کو الہ‌آباد سے بلاکر صفدر جنگ کی جگہ اودھ کا حاکم بنادیں گے ۔ یہ اقدام شجاع الدولہ کو سخت ناگوار گزرا اور آیندہ کے لیے اس کے دل میں اسمعیل خان کی طرف سے دشمنی پیدا ہوگئی ۔ شجاع الدولہ کی ماں نے رام نرائن اور اسمعیل خان دونوں کو سمجھا بجھا کر رام کرلیا ' مگر اسمعیل خان کا اثر و رسوخ دربار سے اٹھ گیا ۔ (عماد : ٥٦ و ٦٦ - ٦٨) تواریخ اودھ : ۱'۱۵۰ تاریخ اودھ : ۲'۱ بعد '

سیر : ۲'۵۰ سے معلوم ہوتا ہے کہ صفدر جنگ کے انتقال کے تھوڑے دنوں کے بعد اسمعیل خان بھی مرگیا ۔ تاریخ اودھ : ۲'۵ میں «گیان پرکاش» کے حوالے سے آٹھ مہینے کے بعد وفات بتائی ہے ۔ اس صورت میں رجب یا شعبان ۱۱٦٨ھ (اپریل یا مئی ۱۷۵۵ء) میں اسمعیل خان کا انتقال ہونا چاہیے ۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ ۷ محرم ۱۱٦٩ھ مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۷۵۵ء کو اس نے وفات پائی ہے ۔ ملاحظہ ہو سریواستو کی کتاب شجاع الدولہ : ۱'۲۳ ۔

ص ۸ سطر ۱ - « صفدر جنگ » - مرزا مقیم نام اور منصور علی خان لقب ہے - جعفر قلی بیگ کا بیٹا اور نواب برہان الملک کا حقیقی بھانجا تھا۔ نیشاپور میں پیدا ہوا - برہان الملک نے وہاں سے بلاکر اپنی بڑی بیٹی صدر جہان بیگم کے ساتھہ نکاح کردیا - صفدر جنگ کی قسمت زور پر تھی' برہان الملک کی سفارش پر ۱۱۴۹ھ (۳۷ - ۱۷۳۶ء) میں صوبۂ اودہ کی نیابت عطا ہوئی اور «ابو المنصور خان بہادر صفدرجنگ» خطاب کے ساتھہ ھفت ھزاری منصب پیشگاہ شاھی سے ملا۔ (دیوان عبدالرضا متین اصفہانی : ۱۵۰ ب)

ذیحجہ ۱۱۵۱ھ (مارچ ۱۷۳۹ء) میں برھان الملک کا انتقال ہوا' تو محمد شاہ بادشاہ نے ان کے صغیرالسن بیٹے کو صوبہ‌دار مقرر کرکے صفدر جنگ کو بدستور نائب اور متولی امور حکومت رکھا - اس کی خوش قسمتی سے وہ بچہ مرگیا ' اور یہ بالاستقلال صوبہ‌دار بنادیا گیا' مگر اس عہدے کے حاصل کرنے کی غرض سے نادرشاہ کو ۲ کرور روپے کی رشوت دینا پڑی -

عمدة الملک امیرخان سے اس کی دوستی تھی - ۷ صفر ۱۱۵۷ھ (۱۱ مارچ ۱۷۴۴ء) کو ان کی سفارش پر میر آتشی (دیوان متین: ۱۱۵ الف و ب) اور ۷ شعبان (۲۴ ستمبر) کو صوبہ‌داری کشمیر مزید عطا ہوئی۔ نظام الملک آصف جاہ کے فوت ہوجانے کے بعد دو شنبہ ۴ رجب ۱۱۶۱ھ (۲ جون ۱۷۴۸ء) کو احمدشاہ بادشاہ نے خلعت وزارت ' ھشت ھزاری منصب اور «جملة الملک' مدار المہام ' وزیر الممالک ' برھان الملک ' ابو المنصور خان بہادر صفدر جنگ ' سپہ سالار» خطاب عطا کیا - (دیوان متین: ۱۲۶ الف و ب) -

۱۱۶۶ھ (۱۷۵۳ء) میں عماد الملک کی سازش سے وزارت کا عہدہ چھین لیا گیا - صفدر جنگ نے اس کے برقرار رکھنے کے لیے بہت ھاتھہ پانو مارے اور جنگ و جدال تك نوبت پہنچادی ' مگر آخر ناکام ہوکر اودہ واپس چلا جانا پڑا -

اس کی تاریخ وفات میں اختلاف ہے ۔ اکثر معتبر تاریخوں اور قطعات تاریخ خصوصاً مقبرے کے اندر کندہ تاریخ میں ۱۷ ذیحجہ ۱۱۶۷ھ (۱۷ اکتوبر ۱۷۵۴ء) اختیار کی گئی ہے ، اور یہی سنہ تاریخی واقعات اور ان کے تسلسل کو سامنے رکھنے سے صحیح قرار پاتا ہے ۔

پہلے فیض آباد کے شاہی باغ «گلاب باڑی» میں دفن ہوا ۔ بعد ازاں دھلی میں لاش منتقل کردی گئی اور اس عمارت میں سپرد خاک کیا گیا ، جو «مقبرۂ صفدر جنگ» کے نام سے اب تک مشہور ہے ۔ اس عمارت کو نواب شجاع الدولہ نے ۳۰ (اور بقول واقعات دار الحکومۃ دھلی ۳) لاکھ کے صرف سے تعمیر کرایا تھا ۔

فیض آباد اسی کا بسایا ہوا شہر ہے ۔ بہبانی نے لکھا ہے کہ خراسان میں نجف اشرف کے پاس ایک قصبہ ہے فیض آباد ۔ یہاں کی آب و ہوا بڑی اچھی اور خربوزہ وغیرہ پھل عمدہ اور کثرت سے ہوتے ھیں ۔ صفدر جنگ نے اسی بستی کے نام پر اپنے بسائے ہوے شہر کا نام فیض آباد رکھا تھا ، ورنہ پہلے اسے بنگلہ کہتے تھے ۔ ۱۲۲۲ھ (۱۸۰۷ء) تک بنگلہ اور فیض آباد دونوں نام زبانوں پر جاری تھے ۔

صفدر جنگ کے لیے ملاحظہ ہو : سیر : ۲ ، ۲۲ ، ۴۶ ، ۴۸ ، ۵۰ ، گلستان رحمت : ۵۰ ب ، گل رحمت : ۳۴ ب ، خزانہ : ۷۶-۸۶ ، تاریخ محمدی : تحت سنہ ۱۱۶۷ھ تاریخ مظفری : ۱۴۹ بعد ، عماد : ۸ ببعد و ۳۰ بعد ، تنقیح : ۲ ، ۴۸۸ ببعد ، و ۴۹۸ بعد ، مرآۃ الاحوال بہبانی : ۱۰۰ ب ، جام جہان نما : ۲ ، ۴۴ ب ، تاریخ فرخ آباد : ۴۱ ب ، ۴۸ الف و ب ، ۵۲ ب ، تواریخ اودھ : ۱ ، ۴۵ بعد ، مفتاح : ۳۳۵ ، بیل : ۳۴۱ ، تاریخ اودھ نجم الغنی خان : ۱ ، ۸۵ ببعد ، مقبرۂ صفدر جنگ کے لیے ملاحظہ ہو واقعات دار الحکومۃ دھلی : ۳ ، ۴۰ ببعد ۔

ص ۸ سطر ۱۳ ۔ «کار بصلح کشید» ۔ سیر : ۲ ، ۸۶ ، تنقیح : ۲ ، ۵۵۷ ب تاریخ مظفری : ۱۹۰ ب ببعد اور عماد : ۱۰۹ میں تفصیل ملاحظہ ہو ۔

عماد : ۱۱۰ سے یہ نئی بات معلوم ہوتی ہے کہ مرزا خلیل ' علی نقی خان استاد شجاع الدولہ کے داماد ' نے اپنی چرب زبانی سے تکوجی کو آمادۂ صلح کیا تھا ۔ تنقیح سے پتا چلتا ہے کہ مکان مذکور پر ۲۵ شوال ۱۱۸۶ھ (۱۹ جنوری ۱۷۷۳ء) کو مرہٹوں کا حملہ ہوا ' اور دوسرے دن نجف خان تکوجی سے جا کر ملا ۔

ص ۸ سطر ۱۳ - «نوکر خود داشته» - پولیر : ۳۳ سے معلوم ہوتا ہے کہ تکوجی نے پہلے ۳ ہزار اور پھر ٦ ہزار روپے یومیہ نجف خان کے مقرر کیے تھے - عماد : ۱۱۰ اور تاریخ فرخ آباد : ۱۲۴ الف میں تین ہزار روپے اور تنقیح : ۵۵۸'۲ الف میں ۵ ہزار روپے یومیہ کا تذکرہ ملتا ہے ۔ یہ دونوں روایتیں مل کر پولیر کی تائید کرتی ہیں ۔

ص ۸ سطر ۱۸ - «بحضور پادشاه عالم گذاشتند» ۔ تنقیح : ۵۵۸'۲ الف میں لکھا ہے کہ مرہٹے بادشاہ سے اجازت لے کر روہیلوں اور شجاع الدولہ کے ملک کو لوٹنے کھسوٹنے کے لیے گئے تھے ۔ ۲۷ ذیحجہ ۱۱۸۶ھ (۲۱ مارچ ۱۷۷۳ء) کو انہوں نے گنگا پار کی اور مرادآباد پر حملہ آور ہوئے ۔ حافظ رحمت خان نے شجاع الدولہ اور انگریزوں کی مدد سے انوپ شہر کے قریب مقابلہ کیا ۔ مرہٹوں نے انگریزوں اور اودھ والوں کی مدد کی اطلاع پا کر لڑائی کا ارادہ ترک کر دیا ۔ نجف خان نے ۵۰ لاکھ روپے کی پیش کش پر صلح کرا دی - اس کار گزاری کے صلے میں انگریزوں اور شجاع الدولہ نے شاہ عالم کی خدمت میں اس کی سفارش کے عریضے لکھے' اور مرہٹے نجف خان کے ہمراہ یکم محرم ۱۱۸۷ھ (۲۵ مارچ ۱۷۷۳ء) کو گنگا پار کر کے کول چلے آئے۔ یہاں آ کر انہوں نے ۵۰ ہزار روپے نقد' ۲۰ کشتی کپڑے' اور ٦ ہاتھی نجف خان کو دے کر دہلی روانہ کر دیا ' اور اپنی طرف سے بھی سفارش نامے بادشاہ کو لکھ دیے ۔

۲۷ محرم (۲۰ اپریل) کو دو گھڑی دن رہے نجف خان بادشاہ کے حضور میں بار یاب ہوئے ۔ بادشاہ نے سینے سے لگا کر دلجوئی کی' اور خلعت ہفت پارچہ ' دستار سربستہ ' مع سرپیچ مرصع ' شمشیر ' سپر انہیں

اور ۱۲ دوشالے همراهیوں کو بخشے اور نائب وزارت کا عهده عطا کیا ۔

تاریخ مظفری : ۱۸۸ الف و ب و ۱۹۲ الف سے معلوم هوتا هے که اس خدمت کے صلے میں انگریزوں نے نجف خان کی شجاع الدوله سے صفائی کرائی اور اس نے نیابت وزارت کا قلمدان، مکلف خلعت اور هاتهی اور گهوڑے دے کر حضور شاه میں بهیجا ۔ انگریزوں اور مرهٹوں نے بهی بادشاه کو اس کی مختاری کی سفارش لکهی ۔

پولیر: ۳۴ نے لکها هے که نجف خان مرهٹوں سے جدا هو کر شجاع الدوله کا نوکر هوگیا تها ۔ اس نے بادشاه کی خدمت میں نجف خان کی سفارش کی اور سر رابرٹ بارکر سے بهی لکهوایا اور چلنے وقت نقد رقم سے اس کی مدد کی ۔

اس سلسلے میں عماد : ۱۱۰ و ۱۱۱ اور روهیل کهنڈ کی تاریخیں جیسے گلستان رحمت اور گل رحمت بهی ملاحظه کی جائیں ۔

ص ۸ سطر ۲۰ ۔ « باستصواب جہان پناه اسیر ساخت »۔ پولیر: ۳۴ نے حسام الدوله سے شاه عالم کی ناراضی کی وجه یه بتائی هے که مرهٹوں کو رقم دینے کے لیے بادشاه نے اس کی معرفت ۳ لاکه روپے کے جواهرات گروی رکهے تهے ۔ یه جواهرات اس نے دبالیے ۔ اکثر ملازمان شاهی اس سے برگشته رهتے تهے ۔ انهوں نے موقع پاکر بادشاه کو بهڑکا دیا اس عرصے میں نجف خان مذکورۂ بالا سفارشیں لے کر دهلی پهنچ گیا ۔ جب اس نے دربار کا رنگ حسام الدوله کے خلاف پایا، تو بادشاه سے عرض کیا که حسام الدوله کو میرے سپرد کردیا جائے، میں وه جواهرات بهی واپس کرا دوں گا اور سرکش پلٹنوں کو بهی توڑ دوں گا ۔ بادشاه نے یه معروضه قبول کرلیا۔ اور حسام الدوله دربار سے نکلتے هوئے گرفتار کرلیا گیا ۔ اس کا سامان ضبط هوا تو ۱۰ لاکه روپے کی لاگت کا نکلا۔

تنقیح : ۵۵۸،۲ ب میں لکھا ہے کہ بادشاہ نے نجف خان کی خواہش پر اسے امیرالامرا اور مجدالدولہ کو نائب وزیر مقرر فرمایا ۔ ۴ ربیع الاول ۱۱۸۷ھ (۲۶ مئی ۱۷۷۳ء) کو راجہ رام ناتھہ نے حسام الدولہ کو سلیم گڈھ میں نظر بند کردیا ۔ بادشاہ کا ٦ لاکھہ رپیہ ، اور بقول شاہ عالم نامہ ۲ لاکھہ رپیہ اس کے پاس امانت تھا ۔ اس کے عوض میں ۲۹ تاریخ کو نجف خان نے ۷ لاکھہ اور بقول بعض ۹ لاکھہ رپیہ حاصل کرکے ٦ لاکھہ اپنی فوج میں تقسیم اور بقیہ بادشاہ کے حضور میں پیش کردیا ۔

تاریخ مظفری: ۱۹۲ الف و ب سے معلوم ہوتا ہے کہ حسام الدولہ کو بادشاہ نے راجہ رام ناتھہ کے ذریعے بلاکر ۲ لاکھہ رپے کی امانتی اشرفیوں کے عوض قلعۂ ارک میں قید کیا ، اور منظور علی خان ناظر کو اس کے مکان پر ، جو خاندوران بہادر صمصام الدولہ کا محل تھا ، متعین کردیا ، تاکہ مال باہر نہ جاسکے ۔ پندرہ دن کے بعد نجف خان نے اسے نرم گرم کر کے ٦ لاکھہ رپیہ وصول کرلیا ، اور بادشاہ کی اجازت سے اپنے مکان پہ لے گیا ۔ وہاں ظاہری دلداری سے ۹ لاکھہ رپیہ اس سے اور حاصل کیا ، جس میں سے ۳ لاکھہ بادشاہ کو دیے اور ٦ لاکھہ اپنی فوج میں تقسیم کردئیے ۔ حسام الدولہ بدستور قید رہا ۔

ص ۹ سطر ۲ ۔ « قلعۂ اکبرآباد » اس قلعے کے فتح ہونے کی تاریخ ٦ ذیحجہ ۱۱۸۷ھ (۱۸ فروری ۱۷۷۴ء) ہے ، جو « فتح قلعہ اکبرآباد » کے عدد ہیں ۔ ۱۷ ماہ مذکور کو عرضداشت مبارک باد فتح ، قلعے کی کنجی اور ۱۰۱ نذر کی اشرفیاں نجف خان کی طرف سے منظور علی خان ناظر نے شاہ عالم کے حضور میں پیش کی تھیں ۔ ملاحظہ ہو ، عماد : ۱۱۴ ، تنقیح ۵٦۰،۲ الف و مفتاح : ۳۵۵ ۔

ص ۹ سطر ٦ ۔ « مہندرپور ذیگہ » ۔ اس نام کا املا فراقی کے یہاں تین مختلف شکلوں : دیکہ ، دیکھہ اور دیک ، میں پایا جاتا ہے لیکن صحیح شکل وہی ہے جو یہاں متن میں اختیار کی گئی ہے بعد کے صفحات میں

اصل نسخے کا املا برقرار رکھا گیا ہے ، صرف صفحۂ ۱۸ و ۱۹ میں دیگہ غلطی سے چھپ گیا ہے ۔ سیر اور تنقیح میں نجف خان کے ہاتھوں جاٹوں کی شکست کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے ۔ پولیر : ۳۵ میں بھی مختصراً اس کا ذکر ہوا ہے ۔ یہاں دو باتیں لکھ دینا کافی ہوگا ۔ پہلی یہ کہ بقول تنقیح : ۲، ۵۶۵ الف، ۲۴ صفر ۱۱۸۹ھ (۲٦ اپریل ۱۷۷۵ء) کو نجف خان ڈیگ پر حملے کے لیے روانہ ہوا اور ۱۹ ربیع الاول (۲۰ مئی) کو وہاں پہنچ گیا ۔ سیر: ۲، ۸۹ کے مطابق ایک برس اور دو مہینے محاصرے میں صرف ہوئے لیکن صاحب تنقیح : ۲، ۵٦۷ ب ، نے یہ لکھا ہے کہ ماہ صفر ۱۱۹۰ھ کے پہلے عشرے (آخر مارچ ۱۷۷٦ء) میں اور بروایت شاہ نامہ تھبک صفر کی ۱۰ تاریخ (۳۱ مارچ ۱۷۷٦ء) کو آدھی رات کے وقت رنجیت سنگھ کارخانجات وغیرہ کو آگ لگا کر قلعے سے بھاگ گیا ۔ ۱٦ ربیع الاول (۵ مئی ۱۷۷٦ء) کو نجف خان نے عرضداشت مبارکباد ، نذر فتح اور ڈیگ کے قلعے کی طلائی کنجیاں بادشاہ کے حضور میں ارسال کیں ۔ تھارن : ۴۱۳ نے بھی تنقیح کی ہمنوائی میں محاصرے کی مدت ۱۲ ماہ بتائی ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ ڈیگ کی تاریخ فتح کسی ذہین استاد نے اس مصرع سے نکالی ہے : « بشکل گوله و بان و سنان و ناوك بود » ۔ گوله صفر کی شکل کا ہوتا ہے ، بان ۹ کا ہمصورت اور سنان (بھالا) اور ناوك (تیر) ایك کے ہندسے کی طرح سیدھے ہوتے ہیں ۔ ان چاروں آلات حرب کو برابر برابر رکھا جائے، تو وہی شکل بنے گی جو ۱۱۹۰ کی ہوتی ہے ۔ مفتاح ۳۵۵ ۔ جاٹوں اور قلعۂ ڈیگ کے سلسلے میں ملاحظہ ہو تھارن کی وار ان انڈیا : ۴۰۳ ببعد ۔

ص ۹ سطر ۸ ۔ « کمبھیر » ۔ تاریخ جھجر : ۷۹ میں لکھا ہے کہ ڈیگ اور کمبھیر کے قلعوں میں چار پانچ کوس کا فاصلہ ہے ۔

ص ۹ سطر ۱۱ ۔ « غوث گڈھ را فتح ساخت » ۔ جیسا کہ آیندہ قطعۂ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے ، ماہ شعبان ۱۱۹۱ھ میں غوث گڑھ فتح ہوا تھا یہ ہجری تاریخ ستمبر ۱۷۷۷ء کے مطابق ہے ۔ پولیر: ۱۵ نے بھی

آخر ۱۷۷۶ء ہی میں اس فتح کو بیان کیا ہے - سیر: ۲، ۱۱۰؛ جام جہان نما : ۴۰۲ الف اور تنقیح : ۲۰۲ الف و ب میں اس کی تفصیل ملاحظہ ہو - یہاں اتنا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بقول تنقیح ۱۱ شعبان (۱۴ ستمبر) کو بادشاہ نے حملے کا حکم دیا - ضابطہ خان شکست کھا کر قلعہ چھوڑ گیا - ۱۵ شعبان کو بادشاہ نے غوث گڑھ سے دو کوس اس طرف پڑاو کیا - ۲۶ شعبان (۲۹ ستمبر) کو ضابطہ خان کے مال کی ضبطی اور تقسیم عمل میں آئی اور جمعرات کے دن ۲۹ شعبان (۲ اکتوبر) کو غوث گڑھ کے ملاحظے کے لیے بادشاہ سوار ہوئے اور ایک بزرگ کے مزار پر فاتحہ خوانی کر کے خیمے میں واپس تشریف لے آئے -

نادرات شاہی کے دیباچے میں (ص ۲۳) مجھ سے ایک غلطی ہو گئی ہے جس کی تصحیح ضروری ہے - یعنی میں نے ۹ رمضان ۱۱۹۰ھ (۲ اکتوبر ۱۷۷۶ء) کو غوث گڑھ کا فتح کیا جانا بتایا ہے - اس کی تصحیح کر لی جائے - دوسری طباعتی غلطی اسی صفحے کے حاشیے میں یہ ہوئی ہے کہ سودا نے اس فتح کا جو قطعۂ تاریخ لکھا تھا، اس کے مصرع تاریخ : « غوث گڑھ سے گیا وہ کھو کر شرم » میں « غوث گڈھ» چھپ گیا ہے چونکہ ڈ کے ۴ عدد اور ڑ کے ۲۰۰ عدد ہوتے ہیں اس لیے بحالت موجودہ صحیح اعداد تاریخ کسی طرح نہ نکل سکیں گے - اس کی تصحیح بھی ضروری ہے -

سودا کے مصرع کا مطلب یہ ہے کہ « غوث گڑھ » کے اعداد ۱۷۳۱ میں سے « شرم » کے عدد ۵۴۰ منہا کر دیے جائیں، تو مطلوبہ اعداد ۱۱۹۱ رہ جائیں گے - یہی سال فتح ہے -

ص ۹ سطر ۲ - «پریم ناتھ آرام» - یہ قوم کا کھتری، اور ماہر خوشنویس اور تیر انداز تھا انشا پردازی اور شعر گوئی میں بھی دست رس تھی اور فارسی و ریختہ دونوں میں کہتا تھا - اس نے تقریباً ۴ ہزار شعروں کا ایک اردو دیوان یادگار چھوڑا تھا - آخر عمر میں دہلی سے بندرابن چلا گیا تھا، اور وہیں عزلت نشینی کی حالت میں مر گیا - طبقات شعرای ہند : ۲۶۹

ص ۹ سطر ۱۹ - « بـاجل طبیعی » تنقیح : ۲ ' ۵۹۰ ب سے معلوم ہوتا ہے کہ حکیم الملک ذکاء اللہ خان ' حکیم میر آفتاب خان اور حکیم شریف خان کو شاہ عالم نے حکم دیا کہ نجف خاں کا علاج کریں ان طبیبوں نے جب اسے دیکھا ہے تو دق وسل اپنا کام کر چکی تھیں اور مرض حد علاج سے گزر گیا تھا - جام جہان نما : ۲' ٦۷ الف میں اس مرض کے پیدا ہو جانے کا سبب عیاشی کو قرار دیا ہے -

ص ۱۰ سطر ۱ - « نودو شش » - تـاریخ مظفری : ۲۰۴ ب اور تـاریخ فرخ آباد : ۱۲۴ ب میں ۱۱۹۶ھ سال وفات بتایا ہے بیل : ۲۸۹ میں ۱۱٦۹ ہجری چھپ گیا ہے ' جو ۱۱۹٦ کا مقلوب ہے -

ص ۱۰ سطر ٦ و ۷ - « ہنگام صبح شنبہ » - تنقیح : ۲ ' ۵۹۰ ب میں لکھا ہے کہ انتقال کے وقت دو گھڑی رات باقی تھی -

« اثنای عشرہ ثالث » کا مطلب یہ ہے کہ ربیع الآخر کی تیسری دھائی کی دوسری تاریخ یعنی ۲۲ تھی - پس یا تو لفظ « اثنا » مخفف ہے « اثنان » یعنی دو کا ' اور یہ تخفیف عربی قاعدے کے تحت کی گئی ہے کہ وہ لوگ بحالت اضافت تثنیہ اور جمع کا نون حذف کر دیتے ہیں' اور یا کاتب نے نون کو ایسا لکھا ہے کہ میں اسے « ی » پڑھنے پر مجبور ہو گیا -

عبرت نـامہ : ۱۳ ب' میں ۲۳ ربیع الآخر کو انتقال بتایا ہے - مفتاح : ۳۵۹ میں ۸ جمادی الآخرہ مطابق ۲۲ اپریل' بیل : ۲۸۹ میں ۲۲ اپریل اور تـاریخ ہندوستان : ۹ ' ۳۲۸ میں ۲٦ اپریل تاریخ وفات لکھی ہے -

مفتاح کا بیان تو تـاریخی مطابقت بھی نہیں رکھتا ' کیونکہ ۸ جمادی الآخرہ' ۲۰ مئی کے مطابق ہوتی ہے' اور ۲۲ اپریل کو ربیع الآخر کی ۷ ہونا چاہیے - رہ گئی تـاریخ ہندوستان' تو اس میں غالباً کاتب کی غلطی سے ٦ کی جگہ ۲٦ طبع ہو گیا ہے - عبرت نامہ کی تائید کسی اور روایت سے نہیں ہو سکی -

ص ۱۰ سطر ۱۱ - « کوچ معلی » - تنقیح : ۲، ۵۷۸ ب میں لکھا ہے
کہ مادھو سنگھہ سوای ' والی جےپور ' کے انتقال کے بعد اس کے جانشین
پرتاب سنگھہ نے شاہی نذرانہ بند کرلیا تھا - اس سرکشی کی سزا دینے
کے لیے بادشاہ نے جےپور پر حملے کا ارادہ کیا - ۲۶ ربیع الثانی ۱۱۹۲ھ
(۲۴ مئی ۱۷۷۸ء) کو قلعۂ معلی سے سوار ہوکر تال کٹورے کے
باغ میں قیام فرمایا - راجہ کے منشی ' دولت رام ' نے حاضر ہوکر ۱۰۱
اشرفیاں نذر کیں - اور راجہ کی طرف سے خوشامدانہ انداز میں معذرت
پیش کی - دولت رام کی چاپلوسی ' امرای دربار کی سفارش اور منجموں کی
سفر سے مخالفت نے بادشاہ کے عزم میں تذبذب پیدا کردیا - ادھر جشن جلوس
کا وقت بھی قریب آچکا تھا - لہذا ۲ جمادی الاولی کو بادشاہ دہلی تشریف
لے آئے -

ص ۱۰ سطر ۱۱ - « مجدالدولہ » - یہ عبدالاحد خان کشمیری کا
خطاب ہے - نواب مجدالدولہ عبدالمجید خان کشمیری اس کے باپ تھے
یہ احمد شاہ بادشاہ دہلی کے بخشی سوم تھے اور سنہ ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۲ء)
میں فوت ہوئے - (مفتاح : ۳۳۴ ' بیل : ۹) -

« مجدالدولہ » کے ابتدائی حالات معلوم نہ ہوسکے - شاہ عالم ثانی
کے دوسرے سال جلوس کے آخر میں (اغاز ۱۱۷۵ھ = ۱۷۶۱ء) پہلی
بار اس کا نام ہمارے سامنے آتا ہے جبکہ اس نے بادشاہ کی خدمت
میں ۱۰ « دستار باندھنو » ارسال کی تھیں - (تنقیح : ۲ ۵۲۵ الف -)

بعد ازاں ۱۲ ویں سال جلوس میں (۱۱۸۵ - ۱۱۸۴ھ = ۱۷۷۱-۱۷۷۰ء)
شاہ عالم کے پاس مرہٹوں کا وکیل بن کر فرخ‌آباد پہنچا ' اور حضور
شاہ میں مرہٹوں کے تحفے تحائف پیش کیے - تھا بہت چالاک ' بادشاہ
کے دہلی آتے ہی مزاج میں درخور پیدا کرلیا - آغاز ربیع الاول
۱۱۸۷ھ (آخر مئی ۱۷۷۳ء) میں حسام الدولہ معزول کیا گیا ' تو اسے نیابت
وزارت عطا ہوئی ' اور اسی مہینے کے آخر میں مختاری خالصۂ شریفہ

اور پچھلے خطاب «مجدالدولہ» پر «عمدۃ الامرا فرزندخان» کا اضافہ مرحمت ہوا - ۳ جمادی الاولی کو خلعت، تلوار اور بخشی گری سوم بھی عطا ہوگئی - (تنقیح : ۲، ۵۵۸ ب ۵۵۹ الف و ب، فرینکلن : ۳۸ و ۵۰)

دربار شاہی میں مجدالدولہ کا زبردست حریف صرف مرزا نجف خان تھا - اس نے ابتداً حسام الدولہ کو زیر کرنے کے لیے اس کا ساتھ دیا تھا، مگر آخر میں دونوں ایک دوسرے کے بدخواہ بن گئے - بادشاہ دونوں کو پسند کرتا تھا، اس لیے اس بات کا ساعی رہا کہ ان کے دلوں میں صفائی ہو جائے - مجدالدولہ کی چالاک طبیعت نے یہ مقصد پورا نہ ہونے دیا - اس نے مرزا کو نیچا دکھانے کے لیے روھیلوں اور مرھٹوں کو ساتھ ملایا - ضابطہ خان کی حمایت میں یہی نیت کام کرتی معلوم ہوتی ہے - سیندھیا سے یہ طے کیا کہ میرزا کے مقابلے میں مجدالدولہ کی مدد کرے، مجدالدولہ اس کے بدلے میں انگریزوں کے خلاف سیندھیا کی حمایت کرے گا - مرزا کی خوش بختی نے مجدالدولہ کی اس سازش کا بھانڈا پھوڑ دیا، اور وہ بادشاہ کی اجازت سے اُسے اور اُس کے داماد قطب الدولہ کو قید کرنے میں کامیاب ہوگیا - (ذف : ۱۶۵ و ۱۶۶، وقائع عالمشاھی : ۱۱)

میرزا کے بعد محمد شفیع خان اور افراسیاب خان میں حصول اقتدار کے لیے کشمکش شروع ہوئی، تو افراسیاب خان نے مجدالدولہ کے مزاج شاہی میں رسوخ اور چالاک طبیعت کے برسوں کے تجربے سے فائدہ اٹھانے کی خاطر اس کا قصور معاف کرا کے قید سے چھڑایا اور دوشنبہ ۲ رمضان ۱۱۹۶ھ (۱۲ اگست ۱۷۸۲ء) کو دیوانی خالصۂ شریفہ کا عہدہ اور خلعت دلایا - (تنقیح : ۲، ۵۹۳ بعد، تاریخ مظفری : ۲۰۵ الف فرینکلن : ۱۰۳، وقائع عالمشاھی : ۱۳)

چند دن دونوں میں موافقت رہی - لیکن مجدالدولہ نے پھر اپنے ہاتھ میں طاقت لینے کی تدبیریں نکالنا شروع کردیں - افراسیاب خان نے شوال ۱۱۹۸ھ (اگست ۱۷۸۴ء) میں اس کا مال اسباب ضبط کر کے علی گڑھ کے قلعے میں قید کردیا -

کچھ دن بعد افراسیاب خان مارا گیا - مجدالدولہ نے قید سے نکل کر حضور شاہ میں پہنچنے کی کوشش کی - شاہ عالم بھی اس پرانے گھاگ کے دلدادہ تھے اور چاہتے تھے کہ پھر دربار میں جگہہ دیدیں - مگر افراسیاب خان کے خسر شجاع دل خان نے اس مقصد کو پورا نہ ہونے دیا -

اس واقعے کے بعد پھر مجدالدولہ کا نام تاریخ کے صفحات سے گم ہو جاتا ہے - یہاں تک کہ ۱۷۸۸ء (۱۲۰۲-۱۲۰۳ء) میں اس کے انتقال کی خبر ملتی ہے -

فرینکلن کی کتاب «شاہ عالم» میں مجدالدولہ کی اس فلمی تصویر کا عکس شامل ہے جو جونیتھن اسکاٹ کے ذخیرہ تصاویر میں محفوظ تھی -

ملاحظہ ہو تنقیح : ۵۵۰'۲ الف تا ۵۹۴ الف ' تاریخ مظفری ۱۹۴ الف و ۲۰۵ الف ' فرینکلن : ۳۸ ' ۵۰'۶۹'۱۰۳'۱۰۵'۱۰۷'۱۰۸' ڈف کی تاریخ مرہٹہ : ۱۶۵'۲'۱۶۶' تاریخ پٹیالہ ۱۱۳' تاریخ فرخ آباد : ۱۲۴ ب و ۱۲۵ الف -

ص ۱۰ سطر ۱۳ - «عملك راجة جے پور شد» تنقیح : ۵۷۴'۲ الف و ب سے معلوم ہوتا ہے کہ راو راجہ پرتاپ سنگھہ ماچھڑی والے نے مرہٹوں اور جاٹوں سے ساز کر کے آگرے کے ضلع میں لوٹ مار شروع کردی تھی - بادشاہ کے حکم سے میرزا نجف خان اس کی تنبیہ کے لیے روانہ ہوا اور اپنے حسن تدبیر سے راجہ کو شکست دیدی - راو راجہ نے معافی چاہی تو مرزا نے اس کی بات پر ذرا کان نہ دھرا اور اسے نیست ونابود کر دینے پر برابر تلا رہا - راو راجہ نے مجدالدولہ کو وسیلہ بناکر براہ راست بادشاہ سے معافی مانگی -

افراسیاب خاں کے مشورے سے بادشاہ نے قصور معاف کرنے کے بجائے خود بھی لشکر کشی کرکے اس فتنے کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنیکا فیصلہ کیا ۔ ۲۹ رمضان ۱۱۹۲ھ (اکتوبر ۱۷۷۸ء) کو تلوار اور پرتلہ مولوی فخرالدین کے مدرسے میں بھیجا گیا ، ۲۶ شوال کو صفدر جنگ کے مقبرے کے پاس شاہی لشکر گاہ کے خیمے گاڑے گئے ، اور پیر کے دن ۲۹ شوال کو بادشاہ سلامت بنفس نفیس داخل خیمۂ شاہی ہوئے ۔

راو راجہ یہ خبر سن کر اور گھبرایا اور لگاتار حضور شاہ میں عرضیاں بھیجیں ۔ بادشاہ نے میرزا نجف خاں کو لکھا کہ خیال یہ تھا کہ تمھارے ذریعے سے راو راجہ کو قصور کی معافی مرحمت کی جائے گی، مگر وہ مکار نظر آتا ہے ، اس لیے اُس کی درخواست منظور نہیں کی گئی ۔

اس سے راو راجہ کو بادشاہ کا ایما معلوم ہو گیا ۔ وہ میرزا کے پاس پہنچا کہ اس کے وسیلے سے معافی حاصل کرے ۔ مگر وہاں سے سچ یا جھوٹ یہ اطلاع پاکر کہ میرزا اسے قید کرنے کی فکر میں ہے ، سارا خیمہ وہر گاہ اور مال و اسباب چھوڑ بھاگ آیا ۔

ادھر بادشاہ نارنول پر قبضہ کرکے جےنگر (جے پور) کے پاس امین پور ضلع امیرنگر میں مقیم ہوئے ۔ شوال کی آخری تاریخ تھی جو اسی منزل میں راجہ پرتاب سنگھہ سوائی کا دیوان خوش حالی رام بوہرا حاضر ہوا اور بادشاہ کے حضور میں راجۂ جے پور کے حاضر نہ ہونے کا یہ عذر پیش کیا کہ قدیم سے راجہ کے آباو اجداد امیرالامرا کی معرفت ملازمت شاہی حاصل کیا کرتے تھے ۔ وہ اس سفر میں ہمرکاب نہیں ہیں ، اس لیے راجہ ان کے آنے کا منتظر ہے ۔ شاہ عالم نے میرزا کو فرمان کے ذریعے سے بلالیا اور راجہ پرسدھ رام پیشکار خالصہ کو بھیجا کہ راجۂ جے پور کو تسلی دلاسا دے کر ساتھ لے آئے ۔

جمعه کے دن صفر کی دوسری تاریخ ۱۱۹۳ھ (۲۰ فروری ۱۷۷۹ء) کو امیرالامرا اور مجدالدوله کی وساطت سے راجه حاضر دربار هوا اور ایك هزار اشرفیاں نذر میں پیش کیں ۔ بادشاه نے اس کی پیشانی پر راج تلك لگایا اور خلعت وشمشیر وغیره کے ساتھ موروثی خطاب بھی عطا فرمایا ۔ راجه نے ۴۰ لاکھ روپے کے جواهرات پیش کیے ، جن کا بڑا حصه امیرالامرا نے هضم کرلیا ۔ شاه نوازخانی میں اس پیش کش کی مقدار ۲ لاکھ روپے لکھی ہے، اور یہی رقم کارنامۂ راجپوتاں (ص ۳۲۰) میں بھی بتائی گئی هے ۔

اس مہم سے فارغ هوکر ۹ صفر کو بادشاه نے واپس دهلی کی طرف کوچ کردیا اور ۱۴ ربیع الاول کو قلعۂ معلی میں تشریف فرما هوگئے ۔

کارنامۂ راجپوتاں (ص ۳۲۰) میں اس حملے کو شاه عالم کے نویں سال جلوس کا واقعه بتایا هے، مگر سمت ۱۸۳۴ مطابق سنه ۱۷۷۸ء تاریخ بھی لکھی هے ۔ اس سے یه یقین هوجاتا هے که سهواً بیسویں سال جلوس کی جگه « نویں سال جلوس » لکھ گیا هے ۔

ص ۱۰ سطر ۱۵ ۔ « قریب شصت هزار سوار و پیاده » فرینکلن : ۸۷ ، اور تاریخ پٹیاله : ۱۱۴ میں ۲۰ هزار فوج اور توپ خانه لکھا هے ۔ تاریخ مظفری اور سیر میں تعداد کا تو ذکر نہیں ، لیکن یه ضرور معلوم هوتا هے که بہت بڑا لشکر تھا ۔

ص ۱۰ سطر ۱۶ ۔ « میرزا فرخنده بخت » سیر : ۱۱۰،۲ میں لکھا هے که مجدالدوله اپنے ساتھ جوان بخت یا اکبر شاه میں سے کسی ایك کو لے گیا تھا ۔ یه بیان سراسر سهو پر مبنی هے ۔ تنقیح : ۵۸۰،۲ الف، تاریخ مظفری : ۱۹۵ ب ، فرینکلن : ۸۷، اور تاریخ پٹیاله : ۱۱۳ میں صراحت کی جاچکی هے که میرزا فُرخنده بخت هی مجدالدوله کے ساتھ گئے تھے ۔

ص ۱۰ سطر ۱۸ - « بٹالہ » یہ کتابت کا سہو معلوم ہوتا ہے - ورنہ تمام تاریخیں اس پر متفق ہیں کہ مجدالدولہ پٹیالہ پہنچ کر واپس ہوا تھا -

ص ۱۱ سطر ۳ - « سینہ کباب بود » عماد : ۱۴۰ سے معلوم ہوتا ہے کہ میرزا کی ناراضی کی وجہ یہ تھی کہ مجدالدولہ نے بادشاہ کو اس بات پر آمادہ کرایا تھا کہ نجف خان کے غرور کو توڑنے اور اسے قابو میں لانے کے لیے دو انگریزی پلٹنیں مرتب کی جائیں اور ان کی تنخواہ نجف خان کی جاگیر میں سے ادا کرائی جائے - اس کام کے لیے میجر پہلیر بلا بھی لیے گئے تھے - مگر یہ راز قبل از وقت فاش ہوگیا ، اور میرزا نجف خان نے ۱۱۹۳ ، (۱۷۷۹ء) میں آکر مجدالدولہ کو گرفتار کرلیا -

ص ۱۱ سطر ٦ - « ششم ماہ ذیقعدہ » - تنقیح اور تاریخ مظفری میں بھی یہی تاریخ درج ہے -

ص ۱۱ سطر ۹ - « قطب » - یہ قطب الدولہ کے لقب یا نام کا اختصار ہے - اس کا نام قطب الدین خان تھا ، اور نواب ضیاء الدولہ سعدالدین خان خانساماں پسر نواب سعدالدین خان میر آتش کا بیٹا تھا اپنے خسر مجدالدولہ کے بل بوتے پر شاہ عالم کے دربار میں صاحب رسوخ ہو - آصف الدولہ کے لیے خلعت وزارت شاہ عالم نے بھیجا ، تو مجدالدولہ نے اسی کو فرائض رسالت انجام دینے کے لیے منتخب کیا تھ - (تنقیح: ۲۰۸ ٦٥ الف ، عماد: ۱۲۷ ، مرآت آفتاب نما : ۳۹)- ۹ جمادی الاولی سنہ ۱۱۹۱ھ (۲۵ جون ۱۷۷۷ء) کو نیابت توپخانہ کا عہدہ پایا - جب افراسیاب خان نے مجدالدولہ کو علی گڑھ میں نظر بند کیا ، تو قطب الدولہ بھی اس کے شریک حال رہے ، (وقائع عالمشاہی : ۲۴)- افراسیاب خان کے مارے جانے پر اس کے خسر شجاع دل خان نے قطب الدولہ کو بھی خسر کے ساتھ قید رکھا (ایضاً : ۲٦) اس کے بعد کے حالات دستیاب نہیں ہوتے خیال یہ ہے کہ پٹیل نے مجدالدولہ کو رہا کیا ، تو یہ بھی اس کے ساتھ ہی رہا ہوگیا (مرآت : ۴٦۹ الف)-

ص ۱۱ سطر ۲۰ - «کانوند» - ریگستان بیکانیر کے کنارے پر واقع ہے۔ پہلے نجف قلی خان کی جاگیر میں تھا (کین: ۱۳۵) بعد ازاں انگریزوں نے بسلسلۂ خدمات غدر مہاراجہ نراندر سنگھ والی پٹیالہ کو دیدیا - (تاریخ پٹیالہ: ۴۳۰،۴۲) -

وقائع کے مخطوطے میں اس لفظ کے آخری حرف پر کوئی علامت نہیں - تاریخ جھجر (ص ۱۲٦) میں «کانونڈ» لکھا ہے - تاریخ پٹیالہ میں آخری نون حذف ہو گیا ہے، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا موجودہ تلفظ «کانوڈ» ہے -

ص ۲ سطر ۵ - «محمد بیگ خان» تاریخ مظفری: ۲۰٦ ببعد میں اس جنگ کا تفصیلی ذکر موجود ہے جو محمد بیگ خان نے رمضان ۱۲۰۱ھ (جون ۱۷۸۷ء) کے شروع میں مہاراجہ دھیراج کی طرف سے مہاجی سیندھیا پٹیل سے لڑی تھی - اسی لڑائی میں محمد بیگ خان توپ کا گولہ کھا کر مرا ہے -

ص ۱۲ سطر ۰ - «حاصل کلام» فراقی نے جو کچھ آئندہ سطروں میں لکھا ہے، تنقیح: ۵۹۰،۲ الف - ۵۹۱ الف، میں بھی تقریباً یہی سب کچھ بیان ہوا ہے -

ص ۱۳ سطر ۱ - «بعد مختار شدن» - فراقی کا یہ جملہ صاف نہیں ہے - دراصل عبارت یوں ہونا چاہیے تھی: «بعد مختارشدن، اشرف الدولہ با اعتقادالدولہ بہادر — عقد مودت از امیر الامرای مرحوم زیادہ مستحکم بستہ» کیونکہ فراقی کا مطلب یہ ہے کہ مختار سلطنت ہو کر اشرف الدولہ نے اعتقاد الدولہ کے ساتھ امیر الامرا سے بھی زیادہ مضبوط دوستی پیدا کی اور سیف الدولہ کو کانونڈ سے بلا کر خلعت اور تلوار سے سرفراز کیا -

ص ۱۳ سطر ۱ - «اعتقاد الدولہ» - یہ لطافت علی خان خواجہ سرا کا خطاب ہے، جو نواب شجاع الدولہ کا بڑا معتمد سردار تھا - مختار الدولہ وزیر نے ایلچ خان کے برخلاف اسے اس فوج کا سردار

مقرر کر کے شاہ عالم کے دربار میں بھیجا تھا، جو حضور شاہ میں شجاع الدولہ کے وقت سے تعینات رہتی تھی۔ مقصد یہ تھا کہ اس کے ذریعے سے خلعت وزارت حاصل کر کے ایلچ خان کو نیچا دکھایا جائے۔

لطافت علی خان بڑا ہوشیار تھا۔ اس نے دربار شاہی رنگ دیکھ کر تاڑ لیا کہ یہ مطلب مجدالدولہ کی وساطت سے پورا ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اس کی رائے درست نکلی۔ مجد نے نواب وزیر کو اپنا احسان مند بنانے کی خاطر پوری کوشش کر کے خلعت روانہ کرا دیا اور اس طرح اپنے خیال میں اس ایک تیر سے دوسرا پرندہ بھی شکار کرلیا، یعنی میرزا نجف خان کی بات بودی کردی جو ایلچ خان کا حامی تھا۔

لطافت علی خان نے لکھنؤ کے علاوہ دہلی میں بھی اپنی قدر و منزلت میں اضافہ کیا۔ اعتقاد الدولہ کا خطاب اور خلعت ہاتھی، اور گھوڑا بادشاہ دہلی نے عطا کیا تھا۔ نجف خان کے بعد اس کے سر میں یہ سودا سمایا کہ دربار میں اعلیٰ منصب حاصل کر کے حکومت کے نظم و نسق میں دخل حاصل کرنا چاہیے۔ اس سلسلے میں جو بپتا گزری، فراقی نے اس صفحے اور آئندہ صفحات میں اسے دہرایا ہے۔ دوسری تاریخیں بھی یہی کچھ بیان کرتی ہیں۔

اعتقاد الدولہ نے ۱۱۹۰ھ (۱۷۷۶ء) میں دہلی کے اندر ایک باغ لگایا تھا۔ کسی شاعر نے اس کا قطعہ تاریخ کہا ہے:

ساخت باغی علی لطافت خاں   ہمچو فردوس زینت آرائی
سال تعمیر او بگفت دلم   گلستانی لطافت افزائی

معلوم ہوتا ہے کہ عماد السعادہ کی تالیف تک بقید حیات تھا۔

ملاحظہ ہو: تاریخ مظفری: ۱۹۳ ب، مرآت آفتاب نما: ۳۹۰ الف تنقیح: ۲، ۵۶۸ ب، ۵۷۷ الف، عماد: ۱۲۶، بیل: ۲۲۶، تاریخ اودھ: ۳، ۱۰۷

ص ۱۳ سطر ۲ - « دو پلٹن و چند ترک سوار » - عماد : ۱۲۱ میں لکھا ہے کہ ایلچ خاں ۲ پلٹنوں کے ساتھہ لکھنؤ سے دہلی بھیجا گیا تھا - پھر ص ۱۲۰ پر یہ تحریر کیا ہے کہ جب مختارالدولہ نے یہ دیکھا کہ ایلچ خاں کے ساتھہ نواب نجف خاں کا برتاؤ خطرناک حد تک اچھا ہے ' تو اس نے ان ۳ پلٹنوں کو طلب کرلیا جو نواب شجاع‌الدولہ کے وقت سے نواب نجف خان کے پاس تعینات تھیں اور ایلچ خاں کی جگہ لطافت علی خاں کا ریلی سے تبادلہ کردیا -

تاریخ مظفری : ۱۹۸ الف میں مندرج ہے کہ لطافت علی خان کے پاس ۳،۲ پلٹنیں تھیں - مرآت آفتاب نما : ۳٦۰ الف ' تنقیح : ۲،۵٦ الف و ۵۷ الف اور تاریخ اودھ : ۳،۱۷ میں تین کی جگہ پانچ کا ذکر کیا گیا ہے - تنقیح : ۲،۵۰ ب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعتقاد الدولہ کے ساتھہ نجیب پلٹن کے بھی سپاھی تھے (جس کا ذکر تنقیح : ۲،۵۷ الف ' تاریخ مظفری : ۱۹٦ ب ' عماد : ۱۲۷ ببعد ' تواریخ اودھ : ۱،۹٦ ' تاریخ اودھ : ۳،۸۷ ببعد میں ہے) - لیکن یہ بات درست نہیں معلوم ہوتی اس لیے کہ تنقیح ھی سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ پیر کے دن ۸ محرم ۱۱۹۰ھ (۲۹ فروری ۱۷۷٦ء) کو لطافت علی خان دربار شاھی میں حاضر ہوا تھا - تاریخ مظفری : ۱۹۳ ب سے بھی یہی سال معلوم ہوتا ہے - نجیب پلٹن کے توڑے جانے کا واقعہ بقول تنقیح : ۲،۵۷ الف و تاریخ اودھ : ۳،۸۸ ' محرم ۱۱۸۹ھ (۱۰ مارچ ۱۷۷۵ء) کو پیش آیا تھا - اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس واقعے کے بعد نجیب پلٹن کے کچھہ سپاھی دھلی جاکر اعتقادالدولہ کی فوج میں شامل ہوگئے تھے -

ص ۱۳ سطر ۳ - « آصف الدولہ » میرزا امانی نام تھا - شجاع الدولہ کا بڑا بیٹا اور موتمن الدولہ محمد اسحق خان بہادر شستری کا نواسہ ہے - ۱۱٦۱ھ (۱۷۴۸ء) کے آخر میں پیدا ہوا - صاحبزادگی ھی میں شاہ عالم نے میرآتشی اور داروغگی غسل خانہ کا عہدہ عطا کیا - ۲۴ ذی قعدہ ۱۱۸۸ھ (۲٦ جنوری ۱۷۷۵ء) کو کرنیل کلیس ' میرزا علی اور سالار

جنگ وغیرہ روسا کے حسن اہتمام سے والی اودہ مقرر ہوا - چہار شنبہ ۲۷ صفر ۱۱۸۹ھ (۲۹ اپریل ۱۷۷۵ء) کو شاہ عالم کا بھیجا ہوا خلعت نیابت پہنا اور آبائی خطاب پایا - (تنقیح : ۲، ۵۶۷ الف ' تاریخ اودہ : ۳، ۱۰۳) -

آصف الدولہ نے ۲۳ سال ۲ ماہ حکومت کرکے جمعہ ۲۸ ربیع الاول ۱۲۱۲ھ (۲۱ ستمبر ۱۷۹۷ء) کو انتقال کیا اور اپنے بنائے ہوئے مشہور امام باڑے میں مدفون ہوا -

ملاحظہ ہو سیرالمتاخرین فرح بخش' تاریخ شاہیہ نیشاپوریہ' تنقیح' عماد تواریخ اودھ ' مفتاح ' بیل وغیرہ

ص ۱۳ سطر ۳ - « کہ بحضور می ماند » - اس جملہ میں « کہ » بیکار نظر آتا ہے - غالباً یہ کتابت کی بھول چوک ہے -

ص ۱۳ سطر ۱۰ - « بدرستی پیش آمدہ » - تنقیح : ۲، ۵۹۲ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۲ رجب ۱۱۰۶ھ (۳ جولائی ۸۲-۱۷۸۲ء) کو افراسیاب خان نے مجدالدولہ کا قصور معاف کرایا تھا -

ص ۱۳ سطر ۱۲ - « آمد آمد شفیع خان » - تنقیح : ۲ ۵۹۲ الف میں لکھا ہے کہ « بیگم (خواہر نجف خان) باغوای زین العابدین خان میرا شفیع خان را از جنگ سکھان طلب داشت » -

تاریخ مظفری : ۲۰۵ الف سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ افراسیاب خان نے بیگم کو ناخوش کردیا ' تو اس نے شفیع خان کو اس کی سرکوبی کے لیے بلایا تھا -

ص ۱۴ سطر ۲ - « دویمہ رمضان » - اس مادۂ تاریخ سے ۱۱۹۶ھ برآمد ہوتے ہیں - مطلب یہ ہے کہ دوشنبہ ۲ رمضان ۱۱۹۶ھ (۱۲ اگست ۱۷۸۲ء) کو بادشاہ سے خلعت مختاری دلایا - تنقیح : ۲، ۵۹۴ ب سے

معلوم ہوتا ہے کہ باہمی صفائی نہ ہونے کے باعث مجدالدولہ اس بار کو اٹھانے پر آمادہ نہ ہوتا تھا - افراسیاب خان نے بڑے اصرار کے بعد راضی کیا تھا -

ص ۴ سطر ۳ - « خود به علی گڈھ رفت » - تنقیح : ۲'۹۵ الف میں لکھا ہے کہ افراسیاب روزانہ کی درباری کشمکش سے گھبراکر بادشاہ کی اجازت سے ۲۹ رمضان ۱۱۹۶ھ (۷ ستمبر ۸۲-۱۷ء) کو اپنے محالات متعلقہ کو چلا گیا -

ص ۱۴ سطر ۷ - « یکشنبه ششم شوال » - تنقیح : ۲'۹۵ الف میں یہ لکھا ہے کہ دوسری تاریخ کو کچھ رات گزرے تمام فوج اور توپ خانے کے ساتھ نجف قلی خان کو گرفتار کرنے کے لیے سوار ہوا -

تاریخ مظفری : ۲۰۵ الف میں محمد شفیع خان کے ہمراہ آئی ہوئی فوج کی تعداد دس بارہ ہزار بتائی ہے -

ص ۱۴ سطر ۱۱ - « نجف قلی خان » - میرزا نجف خان کا رفیق اور ریواڑی کا جاگیردار تھا - یہ علاقہ سرہند سے راجپوتانہ تک پھیلتا چلا گیا تھا - نجف خان کو اس پر بڑا بھروسا تھا - اس نے بھی اپنے آقا کا خوب خوب حق نمک ادا کیا ، اور نجف خانی معرکوں میں برابر سینہ سپر ہوکر لڑا -

تنقیح : ۲'۷۰ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی پسندیدہ خدمات کے صلے میں ۹ ربیع الثانی ۱۱۹۱ھ (۱۷ مئی ۱۷۷۷ء) کو شاہ عالم نے بخشی سوم بنایا ، اور ۲۳ شوال (۲۴ نومبر) کو ضابطہ خان کے مقابلے میں عمدہ کارگزاری دکھانے پر خلعت اور سہارنپور کی فوجداری عطا کی -

تنقیح : ۲'۷۵ الف اور تاریخ مظفری : ۲۰۴ ب میں تحریر ہوا ہے کہ ضابطہ خان نے اپنی بیٹی یا بہن کی شادی نجف خان کے ساتھ کردی تھی - جام جہان نما : ۲'۴۷ ب میں لکھا ہے کہ ضابطہ خان نے

مصلحت وقت دیکھ کر اپنی بیٹی کی منگنی نجف خان کے ساتھ کردی تھی ابھی نکاح نہ ہونے پایا تھا کہ نجف خان کا انتقال ہوگیا - اس کے بعد آغا شفیع سے منسوب ہوئی - وہ بھی چند دن کے بعد اس دنیا سے چل بسا - مرآت آفتاب نما : ۲٦٥ ب میں بھی نجف خان کے ساتھ منگنی کا ذکر ہے -

ان تصریحات کے برخلاف کین (ص ۱۳۵) نے نجف قلی خان کو ضابطہ خان کا بہنوئی بتایا ہے - میرے نزدیک یہ نجف خان اور نجف قلی خان میں التباس کا نتیجہ ہے -

ص ۱۵ سطر ۲ - « واحدالعین » - اس مصرع میں « واحدالعین » سے مجدالدولہ مراد ہے جو کانا تھا ، « غلام سرکش » سے نجف قلی خان کی طرف اشارہ ہے جو نجف خان کا چیلا تھا اور « دو کافران » مشیو رام داس اور نراینداس ہیں ، جو ہندو تھے -

فراقی کا ان دونوں کو کافر کہنا اور وہ بھی اپنے نجی روزنامچے میں اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ وہ اپنے باپ کی طرح بباطن مسلم و بظاہر کافر تھا -

ص ۱۵ سطر ۱۵ - « کمر بخون ناصرالدولہ ستند » - تنقیح میں اس واقعے کے جزئیات بیان کیے گئے تھے - مگر شومی قسمت سے یہاں ہمارا نسخہ ناقص نکلا - موجودہ عبارت بھی دلچسپ اور اس لیے قابل نقل ہے - ملاحظہ ہو :

« میرزا محمد شفیع خان امرالامرا شد - لطافت علی خان رفتن خود ہمراہ افراسیاب خان صلاح ندیدہ ، پیغام بامیرالامرا فرستاد ، « اگر عہدبمیان آید ، حاضر می شوم » - آغا شفیع خان معتمد فرستادہ او را طلب داشت - چون اعتقادالدولہ عقل درست نداشت ، پول فرنگی و عاشور علی خان داروغۂ توپخانۂ میرزا شفیع خان را باخود متفق ساختہ مقرر کرد کہ در حضور انور رفتہ ، بادشاہ را در مسجد باید آورد و میرزا شفیع خان را دستگیر باید کرد ، و خود متکفل امورات باید شد -

بتاریخ نہم ذیقعد روز پنجشنبہ ہر سہ سردار متفق شدہ مع پلٹن بر در قلعہ رسیدند ۔ بادشاہ کلو خواص را باستفسار سبب فرستادند ۔ آنہا عرض کردند کہ « از ما متابعت میرزا شفیع خان نمی شود ۔ اگر جناب ملتمس ماہا پذیرفتہ در مسجد جامع رونق افزا شوند ، ما در جانفشانی حاضریم » ۔

چون مزاج حضور از اسیری نجف قلی خان آزردگی داشت ، عرض آنہا پذیرفتہ ، راموڑو کمیدان را بحفاظت قلعۂ مبارک تعین ..... »

تاریخ مظفری : ۲۰۵ الف مین لکھا ہے کہ « درین اثنا افواج میرزا شفیع خان برای تنخواہ خود برو ہجوم آوردند ۔ میرزا گفت کہ « علاقۂ تنخواہ شما از ما ندارد ، و ماہانۂ خود از متصدیان بادشاہی بگیرید » ۔

« چون این خبر ببادشاہ رسید ، فرمود کہ « اگر ملازم من ہستید فی الفور شفیع خان را دستگیر نمودہ بیارید » ۔

« آن طائفہ برین ارادہ عزم بالجزم نمودند ۔ میرزا شفیع خان بمجرد استماع اخبار تنہا از مکان خود برآمد ، براستۂ اجمیری دروازہ راہ فرار پیمود و متصل حوض کلان شیخ محمد کہ آن را مردم ہند « باولی » گویند و ریگستان مہابت خان کہ بریتی مہابت خان شہرت دارد ، رسیدہ توقف ورزید کہ درین حال ... وغیرہ بعضی رسالہ داران کہ باو موافق بودند ، خود را نزد او رسانیدند و او از رسیدن ایشان تقویتی بہمرسانیدہ و برملا نقارہ زدہ نزد محمد بیگ خان ہمدانی بہ اکبرآباد رفت » ۔

ان دونوں بیانوں میں سے پہلا غالبا شاہ نامۂ منو لال سے لیا گیا ہے اور اس لیے فراقی کے بیان سے ملتا جلتا ہے ۔ تاریخ مظفری نے اپنے ماخذ کا ذکر نہیں کیا ، لیکن ایک بات اس نے بھی پتے کی کہی ہے ۔ یقینا ان دراندازوں نے پہلے اس کے لشکر میں بغاوت پھیلائی ہوگی ؛ اور بعد میں بادشاہ کو ابھار کر مسجد جامع تک لائے ہوں گے ۔

شیخ محمد کے حوض اور مہابت خان کی ریتی کے ایسے واقعات دارالحکومۃ دہلی : ۲، ۵۱۶ ملاحظہ ہو ۔

ص ۱۵ سطر ۱۸ - «حویلی قمرالدین خان» - یہ دراصل ان کے باپ محمد امین خان کا تعمیر کیا ہوا مکان تھا ، اور اجمیری دروازے کے قریب واقع تھا ۔ محمد امین خان نے دوسروں کے مکان خریدے بھی اور چھینے بھی ، اور اس طرح اپنی حویلی کو اتنا بڑا کر لیا کہ اس کے ڈانڈے جامع مسجد اور بھوجلا پہاڑی سے آملے تھے ۔ ان کے مرنے پر نواب قمرالدین خان نے چھینے ہوئے مکانوں کی یا تو قیمت ادا کی ، یا مکان واپس کر دیے ۔ (سفرنامۂ مخلص ، حاشیہ ۰ ص ۲ ۔)

ص ۱۶ سطر ۷ - « پول فرنگی » - اس نام کا انگریزی املا «Pauly» ہے ۔ تنقیح : ۲ ، ۵۹۴ ب اور فرینکلن : ۱۰۷ سے معلوم ہوتا ہے کہ فرانس کا باشندہ اور سمرو کی پلٹن کا کمانیر تھا ۔

ص ۱۶ سطر ۱۱ - « خضرآباد » - خاندان سادات کے پہلے بادشاہ خضرخان (۸۰۰ھ تا ۸۲۴ھ - ۱۴۱۴ء تا ۱۴۲۱ء) نے دریای جمنا کے کنارے کلوکھیری سے جنوب مشرق کی طرف ایک میل ہٹ کر اوکھلے کی سرحد میں بسایا تھا ۔ اس شہر کا عرصے سے وجود نہیں رہا اس بناپر اس کے مقام کا صحیح تعین مشکل ہے ۔ ملاحظہ ہو واقعات دارالحکومۃ دہلی : ۳، ۴۲۷ و آثار الصنادید سرسید ۔

ص ۱۶ سطر ۱۱ - « داراشکوہ » شاہ جہاں کا بڑا بیٹا تھا ۔ پیر کی رات کو صفر کی ۲۹ ویں تاریخ ۱۰۲۴ھ (۲۰ مارچ ۱۶۱۵ء) میں ممتاز محل کے پیٹ سے پیدا ہوا ۔ (تزک جہانگیری : ۱۳۸ ، تنقیح : ۲، ۳۶۰ الف ۔)

سجان رائے بھنڈاری نے خلاصۃ التواریخ : ۴۵۲ ، میں ۱۹ صفر تاریخ لکھی ہے ۔ سیر ، مقدمہ : ۲۹۱ میں ، جو خلاصۃ التواریخ ہی کا مرممہ معلوم ہوتی ہی ، اور ملخص التواریخ میں جو سیر کا خلاصہ

ہے' یہی ۱۹ صفر تاریخ نقل کی گئی ہے - مگر جہانگیر کے بیان کے پیش نظر یہ تاریخ کوئی اہمیت نہیں رکھتی ' بلکہ بالیقین سہو قلم معلوم ہوتی ہے -

جمعہ ۲ شعبان ۱۰۴۲ھ (یکم فروری ۱۶۳۳ء) کو نادرہ بانو بیگم بنت سلطان پرویز بن جہانگیر کے ساتھ بڑے شان و شکوہ سے بیاہ ہوا - ابو طالب کلیم نے « قران کردہ سعدین برج جلال » مادۂ تاریخ نکالا - (عمل صالح : ۱'۲۲۰ ببعد ' سیر' مقدمہ : ۳۱۵' تنقیح : ۳۸۹'۲ الف ' مرآت آفتاب نما : ۲۱۰ الف ' تاریخ مظفری : ۲۱ الف - بیل نے سہواً ۱۰۴۳ھ لکھ دیا ہے -)

سنہ ۱۰۶۴ھ (۵۴ ۱۶ء) میں شاہ جہاں نے ولی عہد مقرر کیا اور ڈھائی لاکھ کی قیمت کا خلعت ' اور ایک لاکھ ستر ہزار روپے کا سربند اور « شاہ بلند اقبال » خطاب عطا کر کے اپنے تخت کے برابر سونے کی کرسی پر بیٹھنے کا حکم دیا - (تنقیح : ۴۰۶'۲ الف ' تاریخ مظفری : ۴۲ ب)

۱۰۶۷ھ (۱۶۵۷ء) کے آخر میں ۵۰ ہزاری ۳۰ ہزار سوار دو اسپہ و سہ اسپہ منصب عطا کیا ' اور ربیع الثانی ۱۰۶۸ھ (۱۶۵۸ء) میں ۶۰ ہزاری ۳۰ ہزار سوار کا منصب دے کر ۲۳ کرور دام کا علاقہ اور ایک کرور روپیہ نقد اور بہار کا صوبہ مزید عنایت کیا -

اس زمانے میں شاہ جہان سخت بیمار اور کام کرنے کے ناقابل ہو چکا تھا - داراشکوہ نے باپ کی بیحد محبت اور انتہائی کمزوری سے فائدہ اٹھانا چاہا - اس راہ کا پہلا قدم بھائیوں کے کانٹوں کو راہ سے ہٹانا تھا - اورنگ زیب سیاسی لحاظ سے سب میں نمایاں تھا - دارا نے پہلے اسی کو نشانہ بنایا -

شاہ جہاں نے بستر علالت پر لیٹے لیٹے صلح و صفائی کی کوشش کی' مگر ناکام رہا - آخر کار سب بھائیوں نے دارا کے خلاف محاذ قائم کرلیا - دارا کو ہر معرکے میں شکست ہوئی ' اور وہ ۲۰ ذی حجہ ۱۰۶۹ھ

(۲۸ اگست ۱٦۵۹ء) کو گرفتار کر کے دہلی لے آیا گیا - خضر آباد کی عمارتوں میں سے خواص پورہ کی ایک مضبوط عمارت جیل خانہ قرار پائی - دلی والوں میں سے جو لوگ دارا کے ہوا خواہ تھے' انھوں نے شورش برپا کردی - اس پر عالمگیر کے حکم سے جمعرات کی رات کے اول حصے میں ۲۱ ذی حجہ سنہ ۱۰٦۹ھ (۳۰ اگست ۱٦۵۹ء) کو دارا شکوہ قتل کر دیا گیا ' اور نعش ہمایوں کے مقبرے میں سپرد خاک ہوئی - ۴٦ سال سے کچھ کم عمر پائی -

ملاحظہ ہو عالمگیر نامۂ محمد کاظم : ۴۳۲' عالمگیر نامۂ مستعد خان : ۱۴' آئینۂ بخت: ۲۳۰ ب ' مرآۃ جہان نما : ۴۹۱ ب' سیر' مقدمہ : ۳۸۹' تنقیح : ۲۵۴٬۲ ب ' تاریخ مظفری: ۲۷ ب ' جام جہاں نما : ۱۲۵٬۱ الف' مفتاح : ۲٦۷' بیل: ۱۱۷ -

ان تمام تاریخوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۲۱ ذی حجہ کو بدھ کا دن تھا - عالمگیر نے بدھ کے دن کے آخری حصے میں قتل کا حکم دیا ' اور جمعرات کی رات کے شروع ہونے پر دارا کو قتل کردیا گیا- صرف دو کتابوں میں اس سے اختلاف کیا گیا ہے - پہلی کتاب تاریخ محمدی ہے- اس میں سنہ ۱۰٦۹ھ کے تحت یہ لکھا ہے کہ ۲۲ ذی حجہ شب پنجشنبہ کو یہ واقعہ پیش آیا - سیر میں آخر روز چہار شنبہ کو وقت قتل قرار دیا ہے -

لیکن اس اختلاف سے کہیں زیادہ حیرت انگیز منتخب اللباب : ۸۷' کا یہ بیان ہے کہ ماہ ذی حجہ کے وسط میں (یعنی ۱٦٬۱۵٬۱۴ میں سے کسی ایک تاریخ کو) دارا شکوہ گرفتار ہو کر دہلی آیا - حکم شاہی تھا کہ اسے اور سلیمان شکوہ کو کھلے حوضے میں بٹھا کر تشہیر کناں خضر آباد لیجائیں - اوباش شہر نے یہ دیکھ کر محافظ دستے پر گندگی اچھالی - دوسرے دن بادشاہ کے حکم سے اس سرکش گروہ کا سرغنہ ہیبت نامی قتل کردیا گیا ' اور اس کے دوسرے دن کہ ذی حجہ کا آخر تھا ' داراشکوہ بھی الحاد و بیدینی کے جرم میں مقتول ہوگیا -

غالباً منتخب اللباب کے اسی بیان کے پیش نظر مفتاح : ۲۶۷ میں لکھا ہے کہ بعض مورخ محرم کی چاند رات کو دارا شکوہ کا واقعۂ قتل بتاتے ہیں ۔

میرے نزدیک سیر کا اختلاف کوئی اہمیت نہیں رکھتا ۔ « آخر روز چہار شنبہ » اور « اوائل شب پنجشنبہ » کے معنی ایک بھی ہو سکتے ہیں ۔ یہی اتحاد معنی کا پہلو وجہ التباس ہو گیا ہے ۔ تاریخ محمدی کے ۲۲ ذی حجہ بقید شب پنجشنبہ کا یہ مطلب ہے کہ مغرب کے وقت سے ہجری تاریخ کا آغاز ہوا کرتا ہے ۔ چونکہ جمعرات کی رات کے ابتدائی حصے میں یہ واقعہ پیش آیا تھا ، اس لیے اس نے ۲۲ تاریخ قرار دے لی ، اور جن مورخوں نے ۲۱ تاریخ لکھی ، انہوں نے اپنے ذہن میں بدھ کا دن رکھا ۔

منتخب اللباب کا بیان ناقابل تاویل اور اس لیے دوسری معاصر تاریخوں کے مقابلے میں لائق رد ہے ۔

دارا شکوہ صوفی منش شاہزادہ تھا ۔ ابتدا میں سلسلۂ قادریہ میں ملا شاہ بدخشی کے ہاتھ پر بیعت ہوا ۔ سکینۃ الاولیا اور مجمع البحرین اسی ذوق کے تحت تالیف کی تھیں ۔ بعد ازاں ہندو تصوف کا دلدادہ ہو کر قیود مذہب سے آزاد ہو گیا ۔ امرای دربار اور عام مذہبی رعایا اسی باعث اس سے بدظن تھی ۔

یہ شاعر بھی تھا اور قادری کرتا تھا ۔ مختلف مجموعوں اور تذکروں میں اس کے اشعار اور رباعیاں ملتی ہیں ۔ دیوان کا مکمل نسخہ جناب ظفر الحسن صاحب ، بی اے ، سابق سپرنٹنڈنٹ محکمۂ آثار قدیمہ ، ہندوستان کے پاس کئی سال ہوئے میں نے خود دیکھا تھا ۔ خدا جانے اب وہ کہاں گیا !

کتاب خانۂ عالیۂ رامپور میں مولانا جامی علیہ الرحمہ کی نفحات الانس کا ایک مخطوطہ محفوظ ہے ۔ اس کے سرورق پر دارا شکوہ کے قلم کی دو تحریرین ثبت ہیں ، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کو داراشکوہ

نے پہلی بار ۲۵ رمضان ۱۰۳۸ھ (۸ مئی ۱۶۲۹ء) کو، جب کہ اس کی عمر کا ۱۵ واں سال تھا، پڑھا، اور دوسری بار نوشہرہ میں ۲۵ ذی قعدہ ۱۰۴۵ھ (۲۱ اپریل ۱۶۳۶ء) کو اس کا مطالعہ کیا۔ اس وقت اس کی عمر ۲۱ سال ۹ ماہ کی تھی۔

ص ۱۷ سطر ۲۲ ۔ « عرش منزل » سے مراد عالمگیر ثانی والد شاہ عالم ہیں۔ عماد الملک نے انھیں دھوکے سے کوٹلہ فیروز شاہ میں قتل کرا دیا تھا؛ جیسا کہ ص ۵ پر گزر چکا ہے۔

ص ۱۷ سطر ۲۲ ۔ « سلیمان شکوہ » شاہ عالم کے بیٹے تھے۔ غلام قادر خان نے جس دن بادشاہ کو اندھا کیا تھا، اس کے دوسرے دن قلعۂ معلی سے نکل کر رامپور پہنچے۔ نواب سید فیض اللہ خان بہادر نے پیش کش گزرانی۔ ۱۲۰۵ھ (۱۷۹۰-۹۱ء) میں لکھنؤ گئے۔ ۵ ہزار سوار اور پیدل ساتھ تھے۔ تین مہینے شہر کے باہر فروکش رہے۔ آخر لارڈ کارن والس کی تحریک سے انھیں آصف الدولہ نے ہاتھی پر سوار کیا اور خود خواصی میں بیٹھے اور چنور ہاتھ میں لے بڑی عزت سے شہر میں لائے۔ ٦ ہزار روپے ماہوار جیب خرچ کے لیے مقرر ہوئے۔

نصیر الدین حیدر کے زمانے میں ناراض ہو کر کاس گنج گئے۔ مگر وہاں بھی صحت برار نہ ہونے کے باعث آگرہ چلے گئے۔ اور ۲۹ ذی قعدہ ۱۲۵۳ھ (۲۴ فروری ۱۸۳۸ء) کو وہیں انتقال کیا۔ سکندرہ (آگرہ) میں اکبر اعظم کے مقبرے کے اندر دفن ہوئے۔

سلیمان شکوہ بڑے علم دوست اور ہنر پرور شاہزادے تھے۔ دلی سے جو شاعر بھی لکھنؤ گیا، اس نے پہلے انھیں کے دامن قدر دانی میں پناہ لی۔ چنانچہ مصحفی و انشا وغیرہ سب اسی زمرے میں شامل ہیں۔ شعر و سخن سے بڑی دلچسپی تھی۔ دلی میں شاہ حاتم سے اصلاح لیتے تھے۔ لکھنؤ پہنچ کر ولی اللہ محب؛ شاگرد سودا، مصحفی اور انشا سے علی الترتیب مشورۂ سخن کیا۔ ملاحظہ ہو بیل : ۳۹۰، گل رعنا : ۲۶۴ حاشیہ۔

جام جہاں نما : ۲۰۷ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ سلیمان شکوہ ۱۱۹۹ھ (۸۵-۱۷۸۴ء) میں دہلی سے مخفی طور پر روانہ ہو کر مرادآباد پہنچے - وہاں سے رامپور آئے ' تو نواب سید فیض اللہ خان بہادر نے ۴ کوس آگے بڑھ کر استقبال کیا ' اور نذر پیش کر کے بڑے اعزاز کے ساتھ قلعے میں لائے - نقد و جنس : ہاتھی ' گھوڑے ' ہتھیار اور خیمے وغیرہ پیش کش کیے - چار دن شہزادے نے قیام کیا - جمعے کی نماز مسجد جامع میں پڑھی اور خطیب کو بھاری خلعت عطا کیا اور بعد نماز گھوڑے پر سوار ہو کر بریلی کی طرف کوچ کیا - نواب صاحب مع فرزندان و سرداران مشایعت کے لیے خیمے تک گئے - شام کو عمر خان کے ذریعے ضیافت ارسال کی - شہزادے نے نواب صاحب کے لیے خلعت بھیجا اور عمرخان کو دستار اور دو شالہ عطا کیا - دوسرے دن صبح کو لکھنؤ کی طرف کوچ کردیا - آصف الدولہ ایک منزل تک استقبال کے لیے آئے اور بڑی عزت کے ساتھ لے جا کر پیش کش گزرانی اور جداگانہ محل اقامت کے لیے طے کر کے ٦ ہزار روپے ماہانہ ضروری اخراجات کے لیے مقرر کردیا -

ص ۱۸ سطر ۱۸ - « میرلطیف » عبرت نامۂ خیرالدین : ۱۴ الف ' فرینکلن : ۱۱۳ اور تاریخ مظفری : ۲۰۵ ب کا بیان فراقی کے برخلاف یہ ہے کہ محمد بیگ خان کے بھتیجے اسمعیل بیگ خان نے محمد شفیع خان کے پہلو میں پیش قبض مارا تھا ' جس سے اس کی موت واقع ہوئی -

ص ۱۹ سطر ۱۳ - « درایام حکومت اشرف الدولہ » - ولی عہد کے دہلی سے چھپ کر لکھنؤ پہنچنے کی داستان عبرت نامہ : ۵۹ بعد ' واقعات اظفری : ۵۷ الف بعد اور تاریخ اودھ : ۳/۲۵۴ میں تفصیل سے بیان کی گئی ہے - تنقیح میں بھی یہ اہم واقعہ ضرور بیان ہوا ہوگا - مگر سوء اتفاق سے ہمارا نسخہ یہاں پہنچ کر ناقص ہوگیا ہے' اس لیے اس کے بیان کے متعلق کوئی رائے قائم نہیں کی جاسکتی -

ایک بات یہ ظاہر کردینے کی ہے کہ تاریخ اودھ میں عبرت نامہ ھی کے بیان کا ترجمہ لکھا گیا ہے، مگر کسی غلط فہمی کی بنا پر عبرت نامہ کی جگہ تاریخ تیموریہ کے نام سے اس کا تعارف کرایا گیا ہے۔

دوسری بات قابل ذکر یہ ہے کہ مولف تاریخ اودھ نے جلد مذکور کے صفحۂ ۲٦۷ پر وقائع عالمشاھی کے مصنف پر اعتراض کیا ہے کہ اس نے اس واقعے کو سلیمان شکوہ کے متعلق لکھہ دیا ہے -

دراصل یہ اعتراض درست نہیں ہے - وقائع میں اس واقعے کو ولی عہد سلطنت ھی کے متعلق بنایا گیا ہے - مولف تاریخ اودھ کو سہو یا غلط فہمی سے یہ خیال ہو گیا کہ وقائع میں اس جگہ سلیمان شکوہ کا ذکر ہے -

•

ص ۹ : سطر ۲ - « مکرم الدوله علی اکبر خان بہادر » عبرت نامہ : ۵۹ ب ، مجموعۂ نغز : ا/٦۷، طبقات شعرای ھند : ۲۸۲ اور خمخانہ : ا ۳۷۵ میں ان کا پورا نام « مکرم الدوله سید اکبرعلی خان بہادر مستقیم جنگ » لکھا ہے -

یہ نیک سیرت ، خوشرو اور رنگیں طبع رئیس تھے - تمام عمر عیش و عشرت میں بسر کی - علم موسیقی میں بھی اچھا دخل تھا -

شعرای ریختہ کا ایک نہایت عمدہ تذکرہ چالیس تذکروں سے مدد لے کر مرتب کیا تھا - ایک اردو مثنوی « نلدمن » ' ایک اردو دیوان اور ایک فارسی دیوان بھی یادگار چھوڑا تھا - مگر اب ان میں سے کوئی کتاب نہیں ملتی -

طبقات شعرای ھند میں تخمیناً سنہ ۱۲۲۸ھ میں انتقال بتایا ہے، جو ۱۸۱۳ء کے مطابق ہے - خمخانہ میں ۱۸۰۳ء تاریخ وفات لکھی ہے جو ۱۲۱۸ھ کے مطابق ہے-

ان دونوں میں سے خمخانہ کی رائے صحیح ہے اس لیے کہ مجموعۂ نغز مصنفۂ ۱۲۲۱ھ میں یہ لکھا ہے کہ کچھ عرصہ ہوا جو اکبر علی خان کا انتقال ہو گیا ۔ اگر وہ ۱۲۲۸ھ میں فوت ہوا ہوتا، تو مجموعۂ نغز میں انتقال کا ذکر آنا ممکن نہ تھا، الایہ کہ اتنا حصہ بعد کا اضافہ ہوتا، جس کا ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے ۔ میرا خیال یہ ہے کہ کتاب خانۂ رامپور کے نسخۂ طبقات شعرا کے کاتب سے غلطی ہوئی جو اس نے ۱۲۱۸ھ کو ۱۲۲۸ لکھ دیا ہے ۔

تنقیح : ۲ ۳۶۲ الف میں سنہ ۱۱۷۵ھ کے تحت لکھا ہے کہ ۲۵ شعبان کو شاہ عالم نے اکبر علی خان کو جو میرزا اکبرشاہ کے نانا تھے، نیابت خانساماں کا عہدہ عطا کیا ۔ اس میں مصنف سے سہو ہو گیا ہے ۔ اکبر علی خان کا کوئی رشتہ اکبرشاہ سے نہ تھا، بلکہ وہ جہاندار شاہ کے حقیقی ماموں تھے ۔ چنانچہ مذکورۂ بالا تذکروں کے ماسوا تاریخ مظفری : ۲۰۸ الف میں یہی تحریر ہوا ہے ۔ اسی تاریخ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اکبر علی خان کا قیام نواب عمدة الملك امیرخان انجام تخلص کے محل میں تھا ۔

ص ۲۰ سطر ۳ ۔ « تغلق سلطان بیگم » ۔ فراقی سے خطاب کے لکھنے میں غلطی ہوئی ہے ۔ دراصل ان کا خطاب قتلق (یا قتلغ) سلطان بیگم تھا ۔ ملاحظہ ہو واقعات اظفری : ۱۲ الف و ب و ۵۰ ب، مرآت آفتاب نما : ۳۶۹ الف، عماد : ۱۷۰، نشترعشق : ۱۸۲ ببعد، مجموعۂ نغز : ۱، ۸۷، طبقات شعرای مولوی کریم الدین : ۱۹۵ ۔

یہ واضح رہے کہ قتلق اور قتلغ میں کوئی معنوی فرق نہیں ہے ۔ ترکی میں ق اور غ کا باہم بدل ہوا کرتا ہے ۔ یہی اصول اس اختلاف میں کار فرما ہے ۔

ص ۲۰ سطر ۹ ۔ « مولوی فخرالدین » ۔ واقعات دارالحکومة دهلی : ۳، ۲۶۷ میں لکھا ہے کہ آپ مولانا نظام الدین اورنگ آبادی کے صاحبزادے تھے، اور ۱۱۲۶ھ (۱۷۱۴ء) میں بمقام اورنگ آباد پیدا

ہوئے - باپ کا سلسلۂ نسب شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہ اللہ تک اور
ماں کا حضرت سید محمد گیسو دراز تک پہنچتا ہے -

مولانا نے تحصیل علم ظاہر کرکے اپنے والد کے ہاتھ پر بعیت
کی ، اور آخری دور کے چشتی بزرگوں میں علم و فضل اور زھد و
تقوی کے لحاظ سے ممتاز ترین شخصیت اور اثر کے مالک ہوئے -
تصنیفات میں نظام العقائد مشہور فارسی رسالہ ہے - لیکن آپ کی عالمانہ
تحقیق پر مشتمل جو کتاب ہے ، وہ « فخر الحسن » نام سے موسوم ہے -
اس میں ازروی علم رجال یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت حسن بصری کا
امیرالمومنین علی رضی اللہ عنہ سے استفادہ ایک تاریخی واقعہ ہے - یہ
کتاب رامپور کے کتاب خانے میں بھی موجود ہے -

آپ نے ۳۷ سال کی عمر میں ۲۷ جمادی الآخرہ ۱۱۹۹ھ (۷ مئی
۱۷۸۵ء) کو دھلی میں انتقال کیا ، اور مہرولی میں خواجہ صاحب کی
درگاہ کے دروازے کے پاس مسجد کے پیچھے دفن کیے گئے -

مولانا نصیرالدین عرف کالے صاحب ان کے پوتے تھے ، جن کا
تذکرہ شاہ ظفر اور میرزا غالب کے حالات میں آتا ہے -

ملاحظہ ہو مفتاح : ۳٦ ، بیل : ۱۲۷ ، تواریخ عجیبہ : ۲۹۱ ب ببعد و
تذکرہ ھای صوفیای چشتیہ -

ص ۲۰ سطر ۱۰ - « تحت الحنك » - یہ عربی کا فقرہ ہے - « تحت »
کے معنی نیچے اور « حنك » بفتح حا و نون کے معنی ٹھوڑی کا نچلا حصہ -
« تحت الحنك » پگڑی کے اس حصے کو کہتے ھیں ، جو نماز کی حالت
میں ٹھوڑی کے نیچے سے نکال کر دوسری طرف پگڑی میں باندھ لیتے
ھیں - یہاں فراقی کا مطلب « ڈھاٹا باندھ لینا » ہے ، تاکہ دیکھنے والے
صورت نہ پہچان سکیں -

ص ۲۰ سطر ۱۲ - « فیض نہر » - واقعات دارالحکومۃ دہلی : ۲۳۵'۲ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہی نہر عام طور پر « نہر سعادت خان » کہلاتی تھی - یہ سعادت خان کون تھے ' اور ان کے نام پر یہ نہر کیون مشہور ہوئی ' اس کا پتا کچھ نہیں چلتا -

یہ نہر ۶۹۱ھ (۱۲۹۱ھ) مین فردرشاہ خلجی کے عہد حکومت میں خضرآباد سے سفیدون تک ' جہاں شاہی شکارگاہ تھی ' کھولی گئی تھی - ۹۶۹ھ (۶۲-۱۵۶۱ء) میں شہاب الدین احمد خان صوبہ دار دہلی نے مرمت کرا کے اس کا نام «. نہر شہاب » رکھا -

۱۰۴۸ھ (۳۹ - ۱۶۳۸ء) میں شاہ جہان نے پھر اس کی مرمت کرائی اور سفیدون سے قلعۂ معلی تک بڑھا دیا - (تاریخ ہندی : ۲۰۷ب و واقعات) پھر ۱۸۲۰ء میں حکومت انگریزی کی جانب سے مرمت ہوئی اور بعد ازاں حفظان صحت کے اصول کے پیش نظر پاٹ دی گئی -

ص ۲۰ سطر ۱۸ - « حماعت سنگھہ » - عبرت نامہ : ۶۲ الف میں «چیت سنگھہ» نام لکھا ہے اور اسے موضع سدامن کا فوجدار بتایا ہے -

ص ۲۰ سطر ۲۰ - «فیض اللہ خان زمیندار رامپور» سے مراد نواب سید فیض اللہ خان بہادر پسر نواب سید علی محمد خان بہادر بانی ریاست روھیل کھنڈ ہیں -

آپ ۱۱۴۶ھ (۳۴ - ۱۷۳۳ء) میں پیدا ہوے - عہد نامۂ لال ڈانگ کے بعد ' جو رجب ۱۱۸۸ھ (ستمبر ۱۷۷۴ء) میں مرتب ہوا تھا ' رامپور کی ریاست کے باضابطہ والی مقرر ہوے - ۲۰ برس حکومت کرکے پنجشنبہ ۱۷ ذی حجہ ۱۲۰۸ھ (یکم جولائی ۱۷۹۴ء) کو ۶۳ برس ۷ مہینے ۵ دن کی عمر میں انتقال کیا - یہ تاریخ انتقال خلیفہ معظم نے جنگ نامۂ دو جوڑا مین نظم کی ہے - امیر مینائی مرحوم انتخاب یادگار میں پنجشنبہ ۱۸ ذی حجہ لکھتے ہیں -

نواب صاحب بڑے پرہیزگار، رحم دل، قدردان علم و فضل اور سیاستداں حاکم تھے۔ ان کے عہد حکومت میں رامپور علما و مشائخ اور دوسرے اہل کمال کا ملجا و ماوی بن گیا تھا۔ حافظ رحمت خاں کی شہادت کے بعد جو روہیلہ سردار بھی رامپور آگیا، اس کو خاطرخواہ تنخواہ دے کر اپنے یہاں بسالیا۔ بحرالعلوم مولانا عبدالعلی فرنگی محلی اور شاہ عبداللہ بغدادی رحمۃاللہ علیہما کی پالکیوں کو کاندھا لگاکر شہر کے باہر سے لانا اس متقی رئیس کی زندگی کے مشہور واقعات میں سے ہے۔ میرضیاء الدین عبرت دھلوی، غلام علی عشرت بریلوی جنھوں نے پدماوت (اردو) لکھی ہے، اور اردو زبان کا بہت بڑا شاعر قائم چاندپوری یہ اور دوسرے بہت سے ادیب انھیں کے عہد حکوف میں رامپور آئے اور رہے۔ مفصل حالات کے لیے انتخاب یادگار امیر مینائی اور اخبار الصنادید ج اول ملاحظہ ہو۔

ص ۲۰ سطر ۲۱ - « رامپور » جام جہاں نما : ۶۲ب سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہزادہ سات دن تک رامپور میں مقیم رہا تھا۔

ص ۲۱ سطر ۱ - « بریلی » - جام جہاں نما میں خواجہ عین الدین کو آصف الدولہ کی جانب سے بریلی کا حاکم بتایا ہے اور اسی کے نذر پیش کرنے کا ذکر کیا ہے۔

ص ۲۱ سطر ۲ - « راجہ صورت سنگھہ » - یہ نواب شجاع الدولہ کا بڑا معتمد اور معتبر دیوان تھا۔ آصف الدولہ تخت نشیں ہوئے اور مختار الدولہ کی کمان چڑھی، تو صورت سنگھہ کو « مہاراجہ بہادر » خطاب اور خلعت دیکر محمد بشیرخاں کی جگھہ فوجدار مقرر کیا گیا۔ (عماد : ۱۲۲، تاریخ اودھ : ۶۶/۳، عبرت نامہ : ۶۲)

الیٹ : ۸/۲۴۲ و ۳۴۸ سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر میں صورت سنگھہ اس خدمت سے برطرف کردیے گئے تھے۔ تاریخ اودھ : ۱۴۴/۳ میں لکھا ہے کہ امیرالدولہ حیدربیگ خاں اس کی برطرفی کا باعث ہوا تھا۔

ص ۲۱ سطر ۴ - « جگن ناتھ » مراد : ۱۲۲، اور تاریخ اودھ : ۶۶،۳ سے معلوم ہوتا ہے کہ مختار الدولہ نے اسے راجہ کا خطاب دلا کر آصف الدولہ کا دیوان مقرر کرا دیا تھا ۔

ص ۲۱ سطر ٦ - « ہشٹینگس بہادر » فراقی نے آیندہ تین جگہ (صفحہ ۵۳، ۷۷، ۱۱۳) اس نام کو « ہشٹین » لکھا ہے، جو اس عہد کی فارسی تحریروں میں بالعموم استعمال ہوتا رہا ہے ۔ بعض اصحاب اس نام کو غلطی سے " ہشیٹن " پڑھ لیا کرتے ہیں ۔

ہشٹینگس یا ہشٹین سے مراد ہندوستان کا بدنام گورنر جنرل وارن ہیسٹنگز (Warren Hastings) ہے ۔ یہ اکتوبر ۱۷۷۴ء (شعبان ۱۱۸۸ھ) میں گورنر جنرل مقرر ہوا تھا ۔ فروری ۱۷۸۵ء (ربیع الآخر ۱۱۹۹ھ) میں انگلستان واپس بلا لیا گیا ۔ سرکار کمپنی کے مفاد کے خلاف کار روائیاں کرنے کے الزام میں فروری ۱۷۸۸ء میں اس پر باقاعدہ مقدمہ چلایا گیا ۲۲ اگست ۱۸۱۸ء کو اس نے انتقال کیا ۔ (بکلینڈ : ۱۹۳)

ہیسٹنگز کی پالیسی ہندوستانی صالح عناصر کے سدا خلاف رہی ۔ روہیلوں کو اودھ والوں سے لڑا کر تباہ کرنے میں یہی حکمت عملی کام کرتی نظر آتی ہے ۔ خود آصف الدولہ اور اس کے اخلاف بھی اس زہر سے نہ بچ سکے، اور ہیسٹنگز اور اس کے جانشینوں کے ہاتھوں اسی انجام تک پہنچ کر رہے، جو دوسری ابھرتی ہوئی ہندی طاقتوں کا ہوا تھا ۔

ص ۲۱ سطر ۱۰ - « کپتان اسکانٹ » ۔ اس سے جونیتھن اسکاٹ (Jonathan Scott) مراد ہے ۔ یہ وارن ہیسٹنگز کا فارسی پیشکار تھا ۔ بنگال کی رایل ایشیاٹک سوسائٹی کے قیام میں معاون و مددگار رہا ۔ تاریخ فرشتہ کے اس حصے کا مترجم بھی ہے جو دکن کی تاریخ سے متعلق ہے ۔ الف لیلہ کے فرانسیسی ترجمے سے انگریزی میں الف لیلہ کا ایک ترجمہ بھی تیار کیا تھا ۔ ان کے علاوہ اور کئی فارسی کتابوں کا بھی مترجم ہے ۔

ہندوستان کے متعدد تاریخی اور جغرافیائی کتابوں کے لکھنے والوں نے اپنے دیباچوں میں اس کا ذکر کیا ہے ' جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہندوستانی اہل قلم کی بھی ہمت افزائی کیا کرتا تھا ۔

۱۷۵۴ء میں پیدا ہوا ۔ ۱۷۷۲ء میں ہندوستان آیا ۔ ۱۷۷۸ء میں کپتان کا رینک پایا ۔ ۱۷۸۵ء میں انگستان واپس گیا ۔ ۱۸۰۲ء سے ۱۸۰۵ء تک آرایم کالج میں مشرقی زبانوں کا استاد رہا ۔ ۱۱ فروری ۱۸۲۹ء کو انتقال کر گیا ۔ (بکلینڈ : ۳۷۹)

ص ۲۱ سطر ۱۳ ۔ « مہان » یہ اودہ کا وہی قصبہ ہے جسے آج کل موہان کہتے ہیں ۔ اردو کے مشہور غزل گو شاعر مولانا حسرت موہانی اسی قصبے کے رہنے والے ہیں ۔

ص ۲۲ سطر ۱٦ ۔ « دربندگی طلبیدہ » ۔ تاریخ مظفری : ۲۰۵ ب میں لکھا ہے کہ شاہ عالم نے افراسیاب خان کے مارے جانے کے بعد ہمدانی کی سرکشی کے تدارک کے لیے مہاجی سیندھیا کو مالوے سے بلایا تھا ۔

مرآت آفتاب نما : ۳٦۸ الف سے ظاہر ہوتا ہے کہ خود پٹیل نے بادشاہ کی خدمت میں اس مضمون کی عرضیاں لکھی تھیں کہ حضور والا آگرے تشریف لے آئیں ' تو میں باغیوں کی سرکوبی کرنے کے لیے حاضر ہوں ۔

کین (ص ۸۰) کہتا ہے کہ افراسیاب خان کے مارے جانے کے بعد آگرے سے پٹیل دھلی پہنچا ' اور بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی خدمات پیش کیں ۔

میری دانست میں ان سب بیانوں کے مقابلے میں فراقی کا بیان زیادہ قرین واقعات ہے ۔ اسی کو ڈف نے تاریخ مرہٹہ : ۱۷۹/۲ میں اسکاٹ کے حوالے سے نقل کیا ہے ۔

ص ۲۳ سطر ۵ - « شانز دہم شوال المعظم » فراقی سے اس جگہ مہینے کا نام لکھنے میں چوک ہوگئی ہے - صحیح " شعبان المعظم " ہے جیسا کہ خود اسی نے صفحہ ۱۴۴ پر لکھا ہے -

مرآۃ آفتاب نما : ۳۸۰ الف میں روانگی کی تاریخ ۳ رجب لکھی ہے، مگر فراقی کے بیان کے سامنے اس کی صداقت پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا ، اس لیے کہ فراقی خود شریک سفر تھا -

ص ۲۴ سطر ۸ - " راو خوش حالی رام " تنقیح ۳۶۱/۲ ب میں اسے راجۂ جے پور کا دیوان بتایا ہے -

ص ۲۴ سطر ۱۴ - " سلیم چشتی " - آپ ہندوستان کے مشہور چشتی صوفی ہیں - جہانگیر انہیں کی دعا کا نتیجہ اور انہیں کے نام سے موسوم تھا -

شیخ سلیم ۸۸۳ھ (۱۴۷۸ء) میں بمقام دہلی پیدا ہوے - " نجم معرفت " تاریخ ولادت ہے - خواجہ ابراهیم چشتی کے ہاتھ پر بیعت کی اور سیکری کے پاس ایک پہاڑی کو مسکن بنایا - ۲۷ رمضان ۹۷۹ھ (۱۳ فروری ۱۵۷۲ء) کو ۹۶ سال کی عمر میں انتقال کیا اور سیکری کی مسجد کے صحن میں مدفون ہوے - " شیخ ناجی " تاریخ وفات ہے -

یہ مسجد خود جناب شیخ نے ۵ لاکھ روپے کے صرف سے تیار کرائی تھی - مزار کی عمارت جہانگیر کے عہد میں بنی ہے -

نورجہان کے شوہر شیرافگن خان کے ہاتھ سے جو قطب الدین خان نامی سردار قتل ہوا تھا ، وہ ان کا بیٹا ، اور اسلام خان جو عہد جہانگری میں بنگال کا گورنر تھا ، ان کے دوسرے بیٹے شیخ بدرالدین کا بیٹا تھا -

تاریخ محمدی : تحت سنہ ۹۷۹ھ - مفتاح : ۱۸۲ ، بیل : ۳۴۸ - ان کے علاوہ صوفیوں کے حالات پر مشتمل تذکرے اور عہد اکبری سے متعلق تاریخیں ملاحظہ کیجیے - یہاں یہ بتادینا مناسب ہوگا کہ شیخ کی عمر میں اختلاف ہے - صاحب تاریخ محمدی کی راے یہ ہے کہ ۸۲ برس کی عمر پائی - دوسرے مورخ ۹۶ اور ۹۵ بھی بتاتے ہیں -

ص ۲۴ سطر ۲۰ - « یک لک سوار و پیادہ » - فرینکلن : ۱۲۶ ، نے ۳۰ ہزار کی تعداد ظاہر کی ہے -

ص ۲۵ سطر ۱ - « باہمد گر ملاقاتہا کردہ » - ڈف نے تاریخ مرہٹہ : ۱۸۲،۲ ، میں لکھا ہے کہ ۲۲ اکتوبر ۱۷۸۴ء (۷ ذی حجہ ۱۱۹۸ھ) کو ان دونوں سرداروں کی ملاقات ہوئی تھی -

فرینکلن : ۱۲۹ لکھتا ہے کہ یہ ملاقات نومبر میں ہوئی تھی ، اور اسی ملاقات کے دن سیندھیا کے چلے آنے کے بعد زین العابدین خان نے افراسیاب خان کو قتل کرایا -

ص ۲۵ سطر ۵ - « ہفدہم ذی حجہ سال مذکور » یہ تاریخ مطابق ہے یکم نومبر ۱۷۸۴ء کے -

ص ۲۵ سطر ۱۴ - « مدھو بیگ » - فرینکلن : ۱۲۹ میں بھی یہی نام بتایا گیا ہے - تاریخ ہنری : ۱۳۰ الف میں « ملازم زین العابدین خان » لکھا ہے - تاریخ مظفری: ۲۰۵ ب سے معلوم ہوتا ہے کہ قاتل نے زین العابدین خان کے حکم سے افراسیاب خان کی ملازمت کرلی تھی -

ص ۲۶ سطر ۱۷ - « علی گڈھ » فرینکلن : ۱۱۸ میں ہے کہ افراسیاب خان نے مجدالدولہ کو اکبرآباد کے قلعے میں قید کردیا تھا- تاریخ فرخ آباد ۱۲۵ الف بھی اسی کی موید ہے کہ ۱۱۹۰ھ سے اس کا قیدخانہ اکبرآباد تھا - مگر فرینکلن نے ص ۱۳۱ پر لکھا ہے کہ قلعہ دار میرٹھہ سے ساز باز کرکے مجدالدولہ اپنے داماد قطب الدولہ سمیت قید سے نکل خدمت شاہ میں حاضر ہوگیا ، جس کا یہ مطلب ہے کہ ان کا قیدخانہ علی گڈھ کی جگہ میرٹھہ کا قلعہ تھا -

تاریخ مظفری : ۲۰۵ الف سے معلوم ہوتا ہے کہ افراسیاب خان کول اور سکندرہ کے اضلاع کا جاگیردار تھا - اس حالت میں قلعہ دار میرٹھہ کے پاس مجدالدولہ کو قید کرنے کے معنی سمجھہ میں نہیں آتے - رہا اکبرآباد میں مقید ہونا تو یہ افراسیاب خان کے مارے جانے کے بعد کا واقعہ ہے ، جیسا کہ خود فراقی نے آیندہ لکھا ہے -

میرا خیال ہے کہ یہاں فرینکلن سے چوک ہو گئی ہے، اور اس نے غلطی سے علی گڈھ کی جگہ میرٹھ لکھ دیا ہے۔

ص ۲۶ سطر ۱۸ - « شجاع دل خان » مرآت آفتاب نما : ۲۶۸ الف میں « شجاعت دل خان » ہے - چونکہ فرینکلن : ۱۳۱ میں بھی وہی نام ہے جو فراقی نے لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ منو لال کے شاہ نامہ میں بھی اسی طرح ہوگا جو فرینکلن اور فراقی دونوں کا ماخذ ہے۔

مرآت آفتاب نما : ۲۶۸ب سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۲۷ جلوس میں شجاع دل خان نے آگرے کا قلعہ پٹیل کے حوالے کردیا - پٹیل نے اسے اور افراسیاب خان کے بھائی جہانگیر خان کو گوالیار کے قلعے میں قید کردیا۔

ص ۲۶ سطر ۲۰ - « بحضورش نیاورد » - فرینکلن ۱۳۱ میں صراحت کی ہے کہ مجدالدولہ قطب الدولہ کے ساتھ حضور شاہ میں حاضر ہوا، تو شجاع دل خان نے راجہ دیا رام کی مدد سے بادشاہ کو اس پر آمادہ کیا کہ اسے دربار میں جگہ نہ دیں، مگر بادشاہ نے ایک نہ مانی، اور ناراض ہوکر مجدالدولہ کے ہمراہ دهلی کی طرف روانہ ہو گیا۔

ص ۲۷ سطر ۱ - « مطمئن بودند » فرینکلن کا بیان اس کے بر خلاف ہے - وہ یہ بتاتا ہے (ص ۱۳۲) کہ بادشاہ نے اپنے بال بچے اس لیے شجاع دل خان کی زیر حفاظت چھوڑے تھے کہ اسے بادشاہ کے متعلق سوءظن نہ پیدا ہو جائے۔

ص ۲۷ سطر ۶ - « بیست و نہم ذی حجہ » - یہ ۱۴ نومبر ۱۷۸۴ء کے مطابق ہے۔

ص ۲۷ سطر ۹ - « میرزا جنگلی » ان کا پورا نام مع خطاب « عضدالدولہ مبارز الملک مرزا شہامت علی خان بہادر ظفر جنگ » ہے۔ نواب آصف‌الدولہ کے انتقال پر ابراهیم بیگ افسر توپخانہ اور عبدالرحمن خان

قندھاری کے بھروسے پر منصب وزارت کی امید باندہ کر بھو بیگم صاحبہ کے پاس حاضر ہوے اور عرض کیا کہ آپ میرا ساتھہ دیں' تو سند مستحکم ہو جاے - مگر وہ راضی نہ ہوئیں اور انھیں اس ارادے سے باز رھنا پڑا - (عماد : ۱٦٦' تواریخ اودہ : ۱' ۱۳۵ -)

نواب سعادت علی خان برسر اقتدار آے تو انھیں لکھنؤ چھوڑنا پڑا - یہاں سے نکل کر یہ میرزا نجف خان کے لشکر میں پہنچے - میرزا کے بعد افراسیاب خان کے ساتھہ رہے - اس کے مارے جانے کے بعد پٹیل کا ساتھہ دیا - بعد ازاں لکھنؤ واپس گئے' اور کچھہ دن گزار کر عظم آباد (پٹنہ) کا رخ کیا' اور وھیں سپرد خاک ہو گئے -

نواب امین الدولہ معین الملک میرزا جلیل الدین خان بہادر ناصر جنگ عرف مرزا مینڈھو' جن کا ذکر فراقی کے یہاں صفحات ۸۴ و ۸۵ پر آیا ہے' میرزا جنگلی کے چھوٹے بھائی ہیں - یہ لکھنؤ سے لے کر عظم آباد تک ہر جگہ بھائی کے ساتھہ ھی رہے - (تاریخ اودہ: ۲' ۳۰۵ و ۳' ۱۵۰ -)

ص ۲ سطر ۱۵ - « دو شنبہ غرۂ محرم » یہ ۱۵ نومبر ۱۷۸۴ء کے مطابق ہے -

الحمد للہ کہ پہلے دفتر کی تشریحات ختم ہو گئیں

اشاریہ

۱- اشخاص و اقوام

(الف)

(ب)

(بھ)

(پ)

(ت)

(ٹ)

(ث)

(ج)

(ذ)

(ر)

(ص)

(ض)

(ط)

(ظ)

(ع)

(غ)

(ف)

(ق)

(ک)

(گ)

(ل)

(م)

(ن)

(ی)

---

۲ ـ مقامات و دریا

(الف)

(ب)

(بھ)

(پ)

(ت)

(ٹ)

(ج)

(جھ)

(چ)

(ح)

(خ)

(د)

(دھ)

(ر)

(س)

(ش)

(ط)

(ع)

(غ)

(ف)

(ق)

(ک)

(گ)

(ل)

(م)

(ن)

(ہ)

۳ - کتب